یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.



سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com





۷۸۶
۱۱۰-۹۲
یا صاحب الزماں ادرکنی

لبیک یا حسین

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری

DVD Version

NOT FOR COMMERCIAL

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

Presented by www.ziaraat.com

علیؑ ولی اللہ

تہذیب و ترجمہ

الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ

مؤلف :-

حافظ حدیث ابو جعفر احمد بن محب الدین

طبری شافعی مکی متوفی ۶۹۴ھ

مترجم :-

فاضل جلیل مولانا محمد شریف صاحب قبلہ شاہ رسولوی

ملتان

ناشر: العمران بک ڈپو

امامیہ مسجد شباب چوک سمن آباد، لاہور

ملنے کا پتہ : حق برادرز

انار کلی، لاہور

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

علیؑ ولی اللہ

تہذیب ترجمہ

الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ

مؤلف

حافظ حدیث ابو جعفر احمد بن محب الدین طبری شافعی مکی متوفی ۶۹۴ھ

مترجم

فاضل جلیل مولانا محمد شریف لطیف صاحب قبلہ شاہ رسولوی ملتان

پیش کش

الناشر

مکتبۃ الساجد - ۸۵ شمس آباد کالونی ملتان پاکستان

العمران بک ڈپو امامیہ مسجد حسنین روڈ شباب چوک سمن آباد لاہور فون: ۷۵۹۷۶۴۵

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

حرف اوّل

کتاب الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ

* حافظ محب الدین الطبری ابوالعباس احمد بن عبداللہ بن محمد المکی الشافعی فقیہ الحرم ومحدث الحجاز متوفی ۶۹۴ھ کی تالیف ہے۔ جو بلاد اسلامیہ میں کئی بار چھپ چکی ہے۔ نہایت مشہور اور مقبول کتاب ہے۔ ہم نے اس کے باب چہارم کا ترجمہ مع اصل متن کے ساتھ مومنین کے لگاتار اصرار پر اردو میں کیا ہے۔ جو حضرت علی علیہ السلام کے حالات پر مشتمل ہے اردو ترجمہ کا نام علیؑ ولی اللہ رکھا ہے۔ اس لاجواب کتاب میں آپ امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث پڑھ کر خود اندازہ لگائیں کہ کیا آنحضرتؐ کے کسی صحابی میں ایسے خصوصیات موجود ہیں جو صرف علیؑ کی ذات میں بیک وقت موجود ہیں اگر ایسے خصوصیات کسی فرد میں موجود نہیں ہیں تو پھر ان کا علیؑ سے مقابلہ کیوں کیا جاتا ہے۔ برا ہو تعصب کا جو انسان کو صحیح وسقیم کی تمیز کرنے سے اندھا کر دیتا ہے۔ مؤلف کتاب شافعی المذہب اور سنی عالم ہیں اور آپ اس کتاب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث نقل فرماتے ہیں کہ لا یجوز احد الصراط الا من کتب لہ علی الجواز کہ پل صراط اس وقت تک کوئی شخص عبور نہیں کر سکے گا جب تک علی علیہ السلام اس شخص کو جنت کا ٹکٹ نہیں دیں گے۔ کیا یہ ایک ہی حدیث علیؑ کی برتری کے لئے کافی نہیں ہے؟ آپ نے ایک اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ کی خدمت میں بھنا ہوا پرندہ لایا گیا۔ آپ نے بارگاہ ایزدی میں دعا کی کہ "پالنے والے والے میرے پاس اس شخص کو بھیج جو تیری مخلوق میں تیرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہو"۔ تو اللہ تعالیٰ نے علی علیہ السلام کو بھیجا جس نے آنحضرتؐ کے ساتھ بیٹھ کر بھونا ہوا گوشت کھایا۔ یہ دونوں احادیث

Presented by www.ziaraat.com

کو پڑھ کر ذرا انصاف سے کام لیں۔ اگر آپ نے انصاف سے کام لیا تو ہمیشہ کے لے علیؑ کے ہو جائیں گے۔ خداوند عالم کی ذات کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اس نے مجھے اس کتاب اور تفسیر فرات کے ترجمہ کرنے اور شائع کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

اس کمر توڑ دینے والی گرانی کے زمانے میں کسی کتاب کا شائع کرنا معجزہ سے کم نہیں اس مشکل میں الحاج زائر چہاردہ معصومین علیہم السلام جناب ملک **محمد حیات صاحب** بوسن سلمہ تعالیٰ رئیس اعظم ملتان نے دل کھول کر میری مدد فرمائی۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں میری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اجر جزیل عطا فرمائے اور آپ کی اس نیکی کو قبول فرمائے آمین ثم آمین۔ اَللّٰھم تقبل مِنا بجاہ محمدؐ و آل محمدؑ لاحول و لاقوۃ الا باللہ العلی العظیم صلی اللہ علی محمد و آلہ الطاھرین۔

احقر

محمد شریف
عفی اللہ عنہ و عن والدیہ

۵۸۔ شمس آباد کالونی ملتان پاکستان

۲۳ شوال المکرم ۱۳۹۸ھ ۲۶ ستمبر ۱۹۷۸ء

Presented by www.ziaraat.com

فہرست مضامین

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"الباب الرابع في مناقب امير المومنين
على ابن ابى طالبؑ فيه اثناعشر فصلاً
اول في نسبه ÷ الثانى في اسمه
وكنيته ÷ الثالث في صفته ÷ الرابع
في اسلامه ÷ الخامس في معجزته ÷
السادس في خصائصه ÷ السابع في
افضليته ÷ الثامن في الشهادة
له في الجنة ÷ التاسع في فضائله ÷
العاشر في خلافته ÷ الحادى
عشر في مقتله ÷ الثانى عشر في
والده ÷

÷ الفصل الاول في ذكر نسبه :-

تقدم ذكر آبائه في ذكر
الشجرة في انساب العشرة و
هو اقربهم من رسول الله صلى
الله عليه وسلم نسبا يجتمع مع
رسول الله صلى الله عليه وسلم
في عبد المطلب الجد الاولى
وينسب الى هاشم فيقال القرشي
الهاشمي ابن عم رسول الله لابيه

÷ چوتھا باب

امیر المومنین علی ابن ابی طالب کے مناقب میں
اس میں بارہ فصلیں ہیں

فصل اول۔ آپ کے نسب میں ÷ دوم۔
آپکے نام اور کنیت میں ÷ تیسری آپکی صفت
میں ÷ چوتھی آپکے اسلام لانے میں ÷ پانچویں
آپ کی معجزات میں ÷ چھٹی خصائص میں ÷
ساتویں آپکے افضل ہونے میں ÷ آٹھویں اس
بات میں کہ آپ جنتی ہیں ÷ نویں فضائل میں
دسویں خلافت میں ÷ گیارھویں آپکی شہادت
میں ÷ بارھویں آپ کی اولاد کے بارے میں ÷

(فصل اول)

آپکے نسب کے بارے میں

عشرہ بشرہ کے انساب میں آپکے آباؤ
اجداد کا نسب نامہ بیان ہو چکا ہے۔ آپ
نسب کے لحاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے سب سے زیادہ قریب ہیں آپکا اور رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شجرہ نسب جد قریب
عبد المطلب میں جا کر ملتا ہے۔ ہاشم کی
طرف منسوب ہیں۔ آپ قریشی ہاشمی ابن
عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

وتوفيت مسلمة بالمدينة وشهدها
النبي صلى الله عليه وسلم وتولى
دفنها واشعرها قميصه واضطجع في
قبرها ذكره الجندي وذكر السلفي انه
صلى الله عليه وسلم صلى عليها وتمرغ
في قبرها وذكر الطائي في الاربعين
انه صلى الله عليه وسلم نزع قميصه
والبسها اياه وتولى دفنها واضطجع
في قبرها فلما سوى عليها التراب سئل
عن ذلك فقال البستها لتلبس من
ثياب اهل الجنة واضطجعت معها
في قبرها لاخفف عنها من ضغطة
القبر انها كانت احسن خلق الله
صنيعا الي بعد ابي طالب وبكى وقال
جزاك الله من ام خيرا فلقد كنت
خير ام قال وكانت ربت النبي صلى الله
عليه وسلم قال وولدت لابي طالب
طالبا وعقيلا وجعفرا وعليا وام
هاني واسمها فاختة وجمانة قال
ابن قتيبة وابو عمر وكان علي اصغر
ولد ابي طالب كان اصغر من جعفر

کی طرف سے ہیں۔ آپکی والدہ فاطمہ بنت اسد
بن ہاشم بن عبد مناف ہیں۔ ابو عمر وغیرہ نے
کہا کہ آپ پہلی ہاشمیہ عورت ہیں جس نے ہاشمی
فرزند پیدا کیا۔ اسلام لائیں۔ اسلام کی حالت
میں مدینہ میں انتقال فرمایا۔ جن کی نماز جنازہ میں
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہوئے
تدفین کے امور خود انجام دیئے۔ اپنی قمیض
پہنائی۔ آپ کی قبر میں لیٹے جندی اور سلفی نے ذکر
کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ کی نماز
جنازہ پڑھائی۔ آپ کی قبر میں لیٹ گئے۔ طائی
نے اربعین میں نقل کیا کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ والہ وسلم نے اپنی قمیض اتار کر آپ کو پہنائی
تدفین کے امور خود انجام دیئے۔ آپ کی قبر
میں لیٹ گئے۔ قبر کی مٹی برابر کی۔ آنحضرت سے
اس بارے میں پوچھا گیا۔ تو فرمایا اپنی قمیض اسلئے
پہنائی تاکہ آپکو جنت کا لباس پہنایا جائے۔
اور قبر میں آپ کے ساتھ اس لئے لیٹا تاکہ آپ
پر ضغطۃ القبر کے عذاب میں تخفیف ہو۔
اب حضرت ابو طالب کے بعد سب لوگوں سے زیادہ
میرے ساتھ اچھے سلوک سے پیش آتی تھیں۔ یہ کہکر
رسول اللہ رو پڑے کہا خدا تمہیں ماں کی جانب

Presented by www.ziaraat.com

بعشر سنین وکان جعفر اصغر من عقیل بعشر سنین وکان عقیل اصغر من طالب بعشر سنین.

سے بہترین پردے تو ایک بہترین ماں تھیں نبی کریم صلی اللہ علیہ سلم کی پرورش آپ نے کی تھی۔ جناب ابوطالب سے آپکی مندرجہ ذیل اولاد پیدا ہوئی۔ طالب، عقیل، جعفر، علی، ام ہانی جسکا نام فاختہ تھا اور جمانہ، ابن قتیبہ اور ابوعمر نے کہا حضرت علی ابو طالب رضی اللہ عنہ کے سب سے چھوٹے فرزند تھے آپ دس سال جعفر سے چھوٹے تھے اور جعفر عقیل سے دس سال چھوٹے تھے۔ اور عقیل طالب سے دس سال چھوٹے تھے۔

الفصل الثانی فی اسمه وکنیته

ولم یزل اسمه فی الجاهلیة علیا وکان یکنی ابا الحسن وسماه رسول الله صلی الله علیه وسلم صدیقا

عن ابن ابی لیلی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال الصدیقون ثلاثة

حبیب بن مری النجار مومن آل یاسین الذی قال یا قوم اتبعوا المرسلین وحزقیل مومن آل فرعون الذی قال اتقتلون رجلا ان یقول ربی الله وعلی بن ابی طالب الثالث وهو افضلهم خرجه احمد فی المناقب وکناه رسول الله صلی الله علیه وسلم

دوسری فصل

آپ کے نام اور کنیت کے بارے میں۔

اسلام سے قبل آپ کا نام علی اور کنیت ابوالحسن تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے آپ کا نام صدیق رکھا۔

ابن ابی لیلی نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا صدیق تین ہیں۔ ایک حبیب مری نجار مومن آل یاسین جنہوں نے کہا اے میری قوم رسولوں کی اتباع کرو۔ دوسرے حزقیل مومن آل فرعون جس نے کہا تھا کہ کیا تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے میرا رب اللہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

بأبي الريحانتين. عن جابر بن عبد الله
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
لعلي ابن طالب سلام عليك أبا الريحانتين
فعن قليل يذهب ركناك والله خليفتي
عليك فلما قبض رسول الله صلى الله
عليه وسلم قال علي هذا أحد الركنين
الذي قال صلى الله عليه وسلم فلما مات
فاطمة. قال هذا الركن الآخر الذي
قال صلى الله عليه وسلم خرجه أحمد
في المناقب وكناه رسول الله صلى الله
عليه وسلم أيضا أبا تراب. وعن
سهل بن سعد ان رجلا جاءه
فقال هذا فلان أمير من أمراء
المدينة يدعوك لتسب عليا
على المنبر قال أقول ماذا قال تقول
له أبا تراب قال فضحك سهل
وقال والله ما سماه اياه الا رسول
الله صلى الله عليه وسلم والله
ما كان لعلي اسم أحب اليه منه
دخل علي على فاطمة ثم خرج فأتى
رسول الله صلى الله عليه وسلم فاطمة

تیرے علی بن ابی طالب علیہ السلام جو ان سب
سے افضل ہیں۔ اس روایت کو امام احمد بن
حنبل نے اپنی کتاب مناقب میں بیان کیا ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی
کنیت دو پھولوں کا باپ رکھی (دو خوشبوئیں)
جابر بن عبد اللہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ بن ابی طالب سے فرمایا
سلام ہو تم پر اے دو پھولوں کے باپ (مراد
حسنؑ اور حسینؑ ہیں) تھوڑے عرصے کے بعد
تمہارا رکن رخصت ہو جائیگا۔
خدا کی قسم میرے خلیفہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے بعد علی علیہ السلام
نے فرمایا۔ ایک رکن رخصت ہو گیا۔ جس کے
بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا تھا۔ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی وفات
کے بعد فرمایا یہ آخری رکن ہے جسکے بارے
میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا تھا۔ احمد نے اسکو مناقب میں بیان
کیا ہے۔ نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے اپنی کنیت ابو تراب رکھی۔ سہل بن سعد
سے روایت ہے کہ میرے پاس ایک شخص آیا

Presented by www.ziaraat.com

فقال این ابن عمك؟ قالت هو ذا
مضطجع في المسجد فخرج النبي
صلی الله علیه وسلم فوجد رداءه
قد سقط عن ظهره فجعل رسول الله
صلی الله علیه وسلم يمسح التراب عن
ظهره ويقول اجلس أبا تراب والله
ما كان اسم أحب اليه منه ما سماه
اياه الا رسول الله صلی الله علیه
وسلم أخرجاه وأبو حاتم واللفظ
له وقال البخاري بعد قوله فوجد
رداءه قد سقط عن ظهره وخلص
التراب الى ظهره فجلس يمسح عن
ظهره ويقول اجلس أبا تراب مرتين
وعنه قال استعمل على المدينة رجل
من آل مروان قال فدعا سهل بن
سعد فأمره أن يشتم عليا فأبى
فقال أما اذا ابيت فقل لعن الله
أبا تراب فقال سهل ما كان لعلي اسم
أحب اليه من أبي التراب ان كان
يفرح اذا دعي بها فقال له اخبرنا

کہنے لگا مدینہ کا فلاں امیر آپکو بلاتا ہے۔
تاکہ تم منبر پر بیٹھ کر علیؑ کو گالیاں دو۔ آپ کو
معلوم ہے کہ میں علی کو کیا کہوں گا۔
کہا آپ اس کو ابوتراب کہو گے۔ یہ سن کر کھل
ہنس پڑا۔ کہا خدا کی قسم یہ لقب آپکا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے رکھا تھا۔ علیؑ کو
یہ لقب سب سے زیادہ پسند تھا ایک روز
علی علیہ السلام جناب فاطمہؑ کے پاس آئے پھر
کہیں تشریف لے گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
والہ وسلم جناب سیدہؑ کے پاس تشریف لائے
دریافت کیا تمہارے ابن عم کہاں ہیں۔ عرض
کیا وہ مسجد میں آرام فرما رہے ہیں۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں تشریف لائے
دیکھا کر علیؑ کی پشت سے چادر الگ ہو چکی
ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پشت
سے مٹی صاف کرنا شروع کر دی۔ اور فرماتے
تھے۔ اے ابوتراب اٹھکر بیٹھ جاؤ۔ یہ نام
آپ کو بے حد پسند تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ والہ وسلم نے آپ کا یہ نام رکھا تھا اس
حدیث کو بخاری مسلم اور ابوحاتم نے بیان کیا

Presented by www.ziaraat.com

رسول الله صلى الله عليه وسلم بيت
فاطمة فلم يجد عليا في البيت فقال
أين ابن عمك فقالت كان بيني
وبينه شئ
فغاضبني فخرج ولم يقم عندي
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
لانسان انظر اين هو فقال يا رسول
الله هو في المسجد راقد فجاء رسول
الله صلى الله عليه وسلم وهو مضطجع
قد سقط رداؤه عن شقه وأصابه
تراب فجعل رسول الله صلى الله عليه
وسلم يمسحه ويقول قم أبا تراب قم
ابا تراب أخرجاه وعن عمار بن ياسر
قال كنت أنا وعلى رفيقين في غزاة
ذي العشيرة فلما نزلها رسول الله
صلى الله عليه وسلم فأقام بها رأينا
ناسا من بني مدلج يعملون في عين
لهم في نخل فقال على يا أبا اليقظان
هل لك ان نأتي هؤلاء فننظر كيف
يعملون فجئناهم فنظرنا الى عملهم
ساعة ثم غشينا النوم فانطلقت

بخاری نے بیان کیا کہ چادر پشت مبارک
سے اتر چکی تھی۔ اور پشت پر مٹی لگ گئی تھی۔
رسول اللہ بیٹھ گئے۔ اور پشت سے مٹی صاف
کرتے اور دو مرتبہ فرمایا اے ابو تراب اٹھ
کر بیٹھ جاؤ۔ آپ نے روایت کیا کہ مدینہ کا
گورنر اولاد مروان کا ایک شخص مقرر رہا۔ اس
نے سہل بن سعد کو بلا کر حکم دیا کہ علی کو گالیاں
دو۔ اس نے ایسے کرنے سے انکار کر دیا۔ کہو
خدا ابو تراب پہ (معاذ اللہ) لعن کرے
(خدا کہنے والے پر لعنت کرے) سہل نے کہا
علی کو اس سے بڑھکر اور کوئی لقب زیادہ
پسند نہیں تھا۔
کوئی شخص آپ کو جب اس نام سے یاد کرتا
تو آپ بہت خوش ہوتے کسی نے پوچھا اسکی
وجہ کیا ہے۔ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
فاطمہ کے گھر آئے مگر علی کو گھر میں نہ پایا فاطمہ سے
پوچھا تیرے ابن عم کہاں ہیں ؟
عرض کیا میرے اور آپ کے درمیان تلخ کلامی
ہو گئی۔ اسلئے آپ کہیں چلے گئے ہیں۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک شخص
سے کہا دیکھو علی کہاں ہیں عرض کیا یا رسول اللہ

Presented by www.ziaraat.com

أنا وعلي فاضطجعنا في صور من النخل
في دقع من التراب فنمنا فوالله
ما انبهنا الا رسول الله صلى الله
عليه وسلم يحركنا برجله وقد
تتربنا عن تلك الدقعاء فيومئذ
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
لعلي يا أبا تراب لما رأى عليه
من التراب قال ألا احدثكما
بأشقى الناس فقلنا بلى يا رسول
الله قال أحيمر ثمود الذي عقر
الناقة والذي يضربك في هذه
يعني قرنه حتى تبتل منه هذه
يعني لحيته خرجه أحمد۔
(شرح) الصور- بفتح الصاد و
تسكين الواو النخل المجتمع لصغا
والدقعا- التراب ودقع بالكسر أي
لصق بالتراب، وأحيمر تصغير أحمر
وهو لقب قدار بن سالف عاقر
ناقة صالح عليه السلام- قال
الجندي وكان يكنى أبا قصم ويلقب
بيعسوب الامة وبالصديق الاكبر

مسجد میں سوئے ہوئے ہیں۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں تشریف
لائے۔ آپ لیٹے ہوئے تھے آپکی چادر اتر گئی جسم کے
اُس حصے کو مٹی لگ گئی تھی۔ رسول اللہ مٹی صاف
کرتے فرماتے اٹھو اے ابو تراب اٹھو اے
ابو تراب اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے
روایت کیا ہے۔
عمار بن یاسر سے روایت ہے۔ کہ میں اور
علی جنگ ذی العشیرہ میں ساتھی تھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وہاں قیام کیا۔ ہم
نے بنو مدلج کو دیکھا کہ کھجوروں کے باغ کے چشمہ
پر کام میں مصروف تھے علی نے کہا اے ابو الیقظان
کیا ان لوگوں کے پاس چل کر دیکھیں گے۔ کہ
کام کیسے کرتے ہیں۔ ہم وہاں گئے ایک گھنٹے
تک ان کے کام کو دیکھا۔ پھر ہمیں نیند نے گھیر
لیا۔ علیؑ اور میں چل کر چھوٹی کھجوروں کے جھنڈ کے
تلے مٹی پر سو گئے۔ خدا کی قسم ہم اس وقت بیدار نہ
ہوئے جب تک رسول اللہ نے اپنے قدم سے
ہمیں ٹھوکر نہ دی۔ ہمارے جسم خاک آلودہ ہو چکے
تھے۔ اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
نے علیؑ سے فرمایا۔ اے ابو تراب جب کہ جسم پر

Presented by www.ziaraat.com

وعن معاذة العدوية قالت سمعت عليا على المنبر منبر البصرة يقول أنا الصديق الاكبر خرجه ابن قتيبه. وعن على انه كان يقول أنا عبد الله وأخو رسوله وأنا الصديق الاكبر خرجه القلعى وعن ابى ذر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لعلى أنت الصديق الاكبر وأنت الفاروق الذى تفرق بين الحق والباطل وفي رواية وأنت يعسوب الدين خرجهما الحاكمى -

(شرح) يعسوب الدين - سيده و رئيسه ومنه الحديث الآخر هذا يعسوب قريش واصله فحل النحل ويلقب أيضا ببيضة البلد وبالامين وبالشريف وبالهادى والمهتدى وذى الاذن الواعى وقد جاء في الصحيح من شعره أنا الذى سمتنى أمى حيدره. وسيأتى في الخصائص ان شاء الله تعالى وحيدرة اسم الاسد وكانت فاطمة أمه لما ولدته

مٹی کر دیکھا۔ فرمایا کیا میں تم دونوں کو آگاہ کردوں۔ کہ سب لوگوں سے زیادہ بدبخت کون ہوگا۔ عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ۔ فرمایا (ایک) ثمود جس نے ناقہ کی کونچیں کاٹ دیں (دوسرا) وہ شخص ہوگا جو تیرے جسم کے اس حصہ پر یعنی سر کے فرق پر ضرب لگائے گا۔ جس سے تیری ریش تر ہو جائے گی۔ اس حدیث کو احمد بن حنبل نے بیان کیا۔ خجندی نے کہا آپ کی کنیت ابو فصم تھی اور لقب یعسوب اُمت اور صدیق اکبر تھا۔

معاذہ عدویہ کہتی ہے۔ کہ میں نے علی کو مسجد کوفہ کے منبر پر فرماتے ہوئے سنا۔ کہ میں صدیق اکبر ہوں۔ اس حدیث کو ابن قتیبہ نے بیان کیا۔ علیؑ سے روایت ہے۔ آپ نے فرمایا۔ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی اور صدیق اکبر ہوں۔ قلعی نے اس کو بیان کیا۔ ابوذرؓ سے مروی ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علیؑ سے فرماتے سنا۔ آپ صدیق اکبر اور فاروق ہیں۔ جو حق اور باطل کو الگ کرو گے۔

ایک روایت میں ہے کہ تم دین کے یعسوب ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

سمته باسم أبيها فلما قدم أبو طالب كره لاسم فسماه عليا۔

(سردار ہو) ان دونوں حدیثوں کو حاکمی نے بیان کیا ہے۔

الفصل الثالث فی صفته

فصل ۳ آپ کا حلیہ مبارک

وكان رضی الله عنه ربعة من الرجال أدعج العينين عظيمهما حسن الوجه كأنه قمر ليلة البدر عظيم البطن وعن أبي سعيد التيمي انه قال كنا نبيع الثياب على عواتقنا ونحن غلمان في السوق فاذا رأينا عليا قد أقبل قلنا بزرك أشكم قال علي ما تقولون قال تقول عظيم البطن قال أجل أعلاه علم وأسفله طعام وكان رضی الله عنه عريض المنكبين لمنكبه مشاش كمشاش السبع الضاري لا يبين عضده من ساعده قد أدمج ادماجا ششن الكفين عظيم الكرادیس أغيد كان عنقه ابريق فضة أصلع ليس في رأسه شعر الا من خلفه عن أبي لبيد قال رأيت علي بن

حضرت امیر درمیانے قد کے انسان تھے۔ آپکی آنکھیں سیاہ اور چوڑی تھیں۔ خوبصورت چہرے کے مالک تھے۔ جو چودھویں رات کے چاند کی مانند روشن تھا۔ اور بڑے شکم والے تھے (مراد بڑے علم والے) ابوسعید تیمی کا بیان ہے۔ ہم لوگ اپنے بچپن کے زمانے میں اپنے کندھوں پر کپڑے رکھکر بازار میں فروخت کیا کرتے ایک روز ہم نے علیؑ کو روا تے دیکھا۔ ہم نے کہا۔ بزرگ شکم والے۔ علیؑ نے کہا کیا کہتے ہو۔ ہم نے کہا ہم کہتے ہیں۔ بڑے پیٹ والا۔ فرمایا ٹھیک کہتے ہو جس کے اوپر والے حصہ میں علم ہے۔ اور نچلے حصہ میں خوراک ہے۔

آپ کے دونوں کندھے چوڑے تھے۔

ایک گردن چاندی کے آفتابہ کیطرح تھی آپ کے سر پر صرف پچھلے حصہ کی طرف بال تھے۔ ابولبید نے کہا کہ میں علی کو وضو کرتے دیکھا۔ آپ نے سر سے عمامہ اتارا۔ میں نے دیکھا کہ آپ کا سر ہتھیلی کی طرح تھا۔ اس پر نشان تھا۔

ابن اسحاق نے اس بیان کیا قیس بن عبادہ نے

أبي طالب يتوضأ فحسر العمامة
عن رأسه فرأيت رأسه مثل راحتي
عليه مثل خط الاصابع من الشعر
خرجه ابن الضحاك وعن قيس بن
عباد قال قدمت المدينة أطلب
العلم فرأيت رجلا عليه بردان
وله ضفيرتان وقد وضع يده
على عاتق عمر فقلت من هذا قالوا
علي خرجه ابن الضحاك وأيضا ولا
تضاد بينهما اذ يكون الشعر انحسر
عن وسط راسه وكان في جوانبه شعر
مسترسل جمع فظفر باثنتين وكان
كثير شعر اللحية لم يصفه احد نافخا.
الا سوادة بن حنظلة * وروي أنه
كان أصفر اللحية والمشهور أنه
كان أبيضها ويشبه أن يكون خضب
مرة ثم ترك * وعن الشعبي أنه قال
رأيت علي بن أبي طالب ورأسه و
لحيته قطنة بيضاء خرجه ابن الضحاك
وكان اذا مشى تكفأ واذا امسك
بذراع رجل امسك بنفسه فلم

کہا کہ میں علم کی تلاش میں مدینہ میں آیا۔ ایک
شخص کو جو دو چادریں اوڑھے ہوئے تھا۔ اسکی
دو گیسیں تھیں۔ جس نے اپنا ہاتھ عمر کے کندھے پہ
رکھا ہوا تھا۔ میں نے لوگوں سے پوچھا۔ یہ کون
شخص ہے۔
انہوں نے کہا یہ علی ہیں۔ اس حدیث کو ابن ضحاک
نے بیان کیا ہے۔ دونوں حدیثوں میں تضاد
نہیں ہے کیونکہ سر پہ بال کا اطلاق اس وقت
ہوتا ہے۔ جب سر کے درمیان بال ہوں۔ مگر
سر کے اطراف میں بال تھے جن کو جمع کر کے دو گیسیں
بنا لی گئیں۔ ڈاڑھی کے بال گھنے تھے کسی نے
بیان نہیں کیا کہ آپ ڈاڑھی پہ خضاب لگاتے
تھے۔ صرف سوادہ بن حنظلہ اس بات کا قائل ہے
روایت ہے کہ آپکی داڑھی کے بال زرد تھے۔
مشہور یہ ہے کہ آپکی ریش مقدس سفید تھی۔
اس میں ایک دفعہ خضاب کیا پھر چھوڑ دیا شعبی
کا بیان ہے۔ کہ میں نے علی بن ابی طالب کو آپکا سر اور
ریش مبارک کپاس کی مانند سفید تھے۔ اس
بات کو ابن ضحاک نے بیان کیا۔ جھک کر چلتے
تھے۔ آپ کا جسم مبارک قریب قریب موٹا تھا۔
کلائی اور ہاتھ بہت مضبوط تھے جب جنگ میں

Presented by www.ziaraat.com

يستطع أن يتنفس وهو قريب الى السمن شديد الساعد واليد واذا مشى الى الحرب هرول نبت الجنان قوى ماصارع أحداً قط الاصرعه شجاع منصور على من لاقاه۔

جاتے تو ہر اول چال سے جاتے تھے مضبوط دل والے تھے جس سے مقابلہ کیا ہمیشہ اُسے پچھاڑ دیا بہادر تھے جس سے لڑتے اس کو شکست دیتے تھے۔

(شرح) ربعة۔ أي مربوع الخلق لا طويل ولا قصير وجمعه ربعات بالتحريك وهو شاذ لان فعلة لا تحرك في الجمع اذا كان صفة وانما تحرك اذا كان اسماً ولم يكن موضع العين واوا ویاء۔ والدعج شدة سواد العين مع سعتها يقال عين دعجاء والادعج من الرجال الاسود۔ واشكم۔ بالعجمية البطن وبزرك۔ بضم الباء والزاى و سكون الراء عظيم شثن الكفين بالتسكين عظيمهما يقول منه ششنت كفه ششنا بالتحريك اذا خشنت وغلظت۔ الاغيد۔ الوسنان المائل العنق والغيد النعومة وامرأة غيداء وغادة

أيضا ناعمة بينة العيد. المشاش.
رؤس العظام اللينة الواحد مشاشة
ودمج الشئ دموجا اذا دخل في
الشئ واستحكم فيه وكذلك
اندمج وادمج بتشديد الدال
يريد والله أعلم أن عظمي عضده
وساعده للينهما قد اندمجا هكذا
هو في صفة الاسد. والضاري المتعود
الصيد والضرو من اولاد الكلاب
والانثى ضروة. تكفأ. أي تمايل في مشيته.

:الفصل الرابع في اسلامه:

:ذكر سنه يوم أسلم:

عن أبي الاسود محمد بن عبد الرحمن
أنه بلغه ان علي بن أبي طالب والزبير
أسلما وهما ابنا ثمان سنين. وقال ابن
اسحاق وأسلم علي ابن عشرة وعن
الحسن أسلم علي وهو ابن خمسة عشر
سنه أو ستة عشر وقيل أربعة
عشر وهو يختلف الى الكتاب له
ذوابة حكاه الخجندي. وعن
ابن عمر أنه أسلم وهو ابن ثلاث

فصل ۴ آپکے اسلام لانے میں۔

اسلام لانے کے وقت آپکی عمر کیا تھی۔

ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰن نے کہا کہ جب علی بن
ابی طالبؑ اور زبیر اسلام لائے تو اسوقت دونوں
کی عمر آٹھ سال تھی۔
ابن اسحاق نے کہا کہ علی دس سال کی عمر میں اسلام
لائے۔ حسن سے روایت ہے۔ کہ علی پندرہ سال
کی عمر میں اسلام لائے یا سولہ سال کی عمر میں ایک
روایت میں چودہ سال بیان کیا گیا ہے۔
ابن عمر سے روایت ہے کہ آپ تیرہ سال کی عمر میں
اسلام لائے۔ خلعی نے اس کو بیان کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

عشرة خرجه القلعي ۔ ومن ابی الحجاج
مجاهد بن جبر قال كان من نعمة
الله على علي بن أبي طالب ومما أراد
الله به من الخير ان قريشا أصابتهم
أزمة شديدة وكان ابوطالب ذا
عيال كثيرة فقال رسول الله صلى الله
عليه وسلم للعباس عم النبي صلى الله
عليه وسلم يا عباس ان أخاك أبا
طالب كثير العيال وقد أصاب الناس
ما ترى من هذه الازمة فانطلق بنا
اليه فلنخفف من عياله فاخذ من
بنيه رجلا وتأخذ رجلا فنكفيهما عنه
فقال العباس نعم فانطلقا حتى أتيا
أبا طالب فقالا له انا نريد أن نخفف
عنك من عيالك حتى ينكشف عن
الناس ما هم فيه فقال لهما أبو طالب
اذا تركتما لى عقيلا فاصنعا ما شئتما
وفي رواية اذا تركتما لى عقيلا وطالبا
فاصنعا ما شئتما فأخذ رسول الله
صلى الله عليه وسلم عليا فضمه اليه
وأخذ العباس جعفرا فضمه اليه فلم

ابو حجاج مجاہد بن جبر سے روایت ہے۔ کہ
علی بن ابی طالب اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے
ایک نعمت تھی۔
قریش سخت قحط سالی کا شکار ہو گئے۔ ابوطالبؑ
بہت بڑے عیالدار تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
والہ وسلم نے عباس سے کہا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ
وسلم کے چچا تھے اے عباس! تیرے بھائی ابوطالب
کثیر العیال ہیں۔ لوگ جس مصیبت میں گرفتار
ہیں۔ اُنکا آپ کو بخوبی علم ہے۔
ذرا چلو ابوطالب کا بار ہلکا کر دیں۔ ایک لڑکا میں
اور ایک تم لے لو اس سے آپ کا بوجھ ہلکا ہو
جائیگا۔ عباس نے کہا ہاں یہ تجویز مناسب ہے۔
دونوں حضرات ابوطالب کے پاس تشریف لائے
آپ سے کہا ہم آپکا بار کم کرنا چاہتے ہیں اس
وقت تک جب تک لوگ قحط کی تکلیف میں مبتلا
ہیں۔ ابوطالبؑ نے فرمایا عقیل کو میرے پاس رہنے
دو باقی جسکو چاہو لے لو۔
ایک روایت میں ہے۔ کہ عقیلؓ اور طالبؓ کو رہنے
دو۔ باقی جسکو چاہو لے لو۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ والہ وسلم نے علی علیہ السلام کو لے لیا۔ اور
عباس نے جعفرؓ کو۔

Presented by www.ziaraat.com

يزل علي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم
حتى بعثه الله نبيا فتابعه علي و آمن
به وصدقه ولم يزل جعفر عند العباس

ذكر انه اوّل من أسلم

قد تقدم في نظير هذا الذكر من فضل اسلام أبي
بكر طرف صالح من ذلك وبيان الخلاف فيه وذكر المخالفين
عن عمر قال كنت انا وأبو عبيدة وأبو
بكر وجماعة من أصحابه اذ ضرب رسول
الله صلى الله عليه وسلم منكب علي فقال
يا علي أنت أوّل المؤمنين ايمانا وأوّل
المسلمين اسلاما وأنت مني بمنزلة
هارون من موسى خرجه ابن السمان
وعن زيد بن أرقم قال كان أول من
أسلم علي بن أبي طالب خرجه أحمد و
الترمذي وصححه * عن ابن عباس
قال كان علي أوّل من أسلم بعد خديجة
قال ابن عمر هذا حديث صحيح الاسناد
لا مطعن في روايته لاحد وهو
يعارض ما تقدم عن ابن عباس في
أبي بكر والصحيح أن أبا بكر أول من اظهر

علی علیہ السلام اسوقت تک ہمیشہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ رہے۔ حتکہ اللہ
تعالی نے رسول اللہ کو نبی بنایا۔ علیؑ نے آنحضرت
کی پیروی کی۔ آپ پر ایمان لائے۔ اور آپکی
نبوت کی تصدیق کی۔ جعفر ہمیشہ عباس کے پاس رہے

علی سب سے پہلے اسلام لائے

ابن عمر سے روایت ہے۔ کہ میں عمر، ابو عبیدہ
ابو بکر اور آنحضرت کے صحابہ کی جماعت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں موجود تھی
اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے
علی علیہ السلام کے کندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا
اے علیؑ اوّل المومنین ایمان کے لحاظ سے ہو
اور اسلام کے لحاظ سے اوّل المومنین ہو۔ آپکو
مجھ سے وہ نسبت حاصل ہے۔ جو ہارونؑ کو موسیٰؑ
سے حاصل تھی۔ زید بن ارقم سے روایت ہے۔ کہ
سب سے پہلے علی بن ابی طالبؑ اسلام لائے۔ اس
روایت کو احمد بن حنبل اور ترمذی نے بیان کیا
اور اسکو صحیح قرار دیا۔ ابن عباس سے روایت ہے
کہ علیؑ خدیجہ کے بعد سب سے پہلے اسلام لائے ابن
عمر نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اس میں کسی
نے اعتراض نہیں کیا یہ اس حدیث سے ٹکراتی ہے

Presented by www.ziaraat.com

الاسلام كما تقدم ذكره في بابه وبه قال
مجاهد ومن حكينا قوله من العلماء ثمة
ومن معاذة العدوية قالت سمعت
عليا على المنبر منبر البصرة يقول أنا
الصديق الاكبر آمنت قبل أن
يؤمن أبو بكر وأسلمت قبل أن يسلم
أبو بكر خرجه ابن قتيبة في المعارف
وعن أبي ذر قال سمعت رسول الله
صلى الله عليه وسلم يقول لعلى أنت
أول من آمن بي وصدق خرجه الحاكمي
وعن سلمان انه قال أول هذه الامة
ورودا على نبيها صلى الله عليه وسلم
أولها اسلاما على بن أبي طالب وقد
روي مرفوعا الى النبي صلى الله عليه
وسلم ولفظه أول هذه الامة
ورودا على الحوض الحديث وفي
رواية أولكم ورودا على الحوض
أولكم اسلاما على بن أبي طالب خرجه
القلعي وغيره وعن أبي عباس
قال السباق ثلاثة سبق يوشع
بن نون الى موسى وصاحب ياسين

جو ابن عباس سے راوی ہے۔ کہ پہلے ابوبکر اسلام
لائے۔ مجاہد نے بھی یہی خیال کیا ہے۔ ہم نے علماء
کے اقوال کو وہاں نقل کر دیا ہے۔ معاذۃ العدویہ
بیان کرتی ہے۔ کہ میں نے علی السلام کو بصرہ کی مسجد
میں منبر پر فرماتے ہوئے سنا میں صدیق اکبر ہوں۔
میں ابوبکر کے ایمان لانے سے پہلے ایمان لایا میں
ابوبکر کے اسلام لانے سے پہلے لایا۔ اسکو معارف
میں ابن قتیبہ نے بیان کیا ہے۔ ابو ذرؓ سے راوی
ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو
علی علیہ السلام سے فرماتے ہوئے سنا تم سب سے
پہلے مجھ پر ایمان لائے۔ اور میری تصدیق کی۔ اس
کو حاکمی نے بیان کیا۔ سلیمان سے روایت ہے
اس وقت میں سب سے پہلے علی رسول اللہ کی
خدمت میں حاضر ہوئے اور سب سے پہلے اسلام
لائے ایک مرفوع حدیث رسول اللہ سے منقول
ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں۔
حوض کوثر پر سب سے پہلے علی وارد ہوں گے ایک
روایت میں ہے۔ کہ علی تم سے پہلے حوض پر وارد
ہوں گے۔ علی بن ابی طالبؑ تم سب سے پہلے اسلام
لائے قلعی وغیرہ نے بیان کیا۔ ابن عباس سے
روایت ہے۔ سب سے پہلے سبقت کرنے والے تین

Presented by www.ziaraat.com

الی علیسی وعلی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرجہ ابن الضحاک فی الآحاد والمثانی۔

ذکر انہ اوّل من صلی :-

عن ابن عباس أنہ قال لعلی أربع خصال لیست لاحد غیرہ وذکر منھا أنہ أول عربی وعجمی صلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرجہ أبو عمر وخرج الترمذی منہ ؛ عن ابن عباس اوّل من صلی علی رضی اللہ عنہ وخرج أبو القاسم فی الموافقات کذلک ؛ وعن انس قال استنبئ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین و صلی علی یوم ثلاث خرجہ الترمذی أبو عمر و فی بعض طرقہ بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین و سلم علی یوم الثلاث خرجہ البغوی فی معجمہ ؛ وعن الحکم بن عیینۃ قال: خدیجۃ اول من صدق، وعلی اول من صلی الی القبلۃ خرجہ الحافظ السلفی ؛ وعن رافع قال صلی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوم الاثنین وصلت خدیجۃ آخر یوم الاثنین وعلی یوم الثلاث من الغد قبل أن یصلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم أحد سبع سنین واشہر خرجہ القلعی۔

اشخاص ہیں۔ یوشع بن نون نے موسےٰ پر ایمان لانے میں سبقت کی۔ صاحب یاسین نے عیسیٰ کیطرف اور علیؑ نے نبی کیطرف اسکو ابن ضحاک نے احاد اور مثانی میں بیان کیا؛

علی نے سب سے پہلے نماز پڑھی

ابن عباس نے کہا علی کی چار ایسی خصوصیات ہیں جس میں اور کوئی آپکا شریک نہیں ہے۔ آپ پہلے عربی وعجمی ہیں جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کی۔ اسکو ابو عمر اور اس سے ترمذی نے بیان کیا۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام نے سب سے پہلے رسول اللہ کیساتھ نماز پڑھی۔ اسکو ابو القاسم نے الموافقات میں بیان کیا۔ انس سے روایت ہے۔ کہ نبی کریم نے سوموار کو اعلان نبوت کیا۔ علی نے منگل کو آپکے ساتھ نماز ادا کی۔ ترمذی اور ابو عمر نے نقل کیا۔ ابو عمر کے بعض سلسلہ روایات میں ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوموار کو منصب رسالت پر فائز ہوئے اور علی منگل کو اسلام لائے۔ بغوی نے اسکو معجم میں ذکر کیا۔ حکم بن عیینہ نے کہا کہ خدیجہؓ نے سب سے پہلے تصدیق کی۔ اور علیؑ سب سے پہلے قبلہ رو ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ

وعنه قال صليت قبل أن تصلي الناس بسبع سنين
وفي رواية أسلمت قبل أن يسلم الناس بسبع سنين وفي
رواية صليت مع رسول الله صلى الله
عليه وسلم ثلاث سنين قبل أن
يصلي معه أحد من الناس خرجهن
أحمد في المناقب وعنه انه كان
يقول أنا عبد الله وأخو رسول
الله صلى الله عليه وسلم وأنا الصديق
الأكبر ولقد صليت قبل الناس
بسبع سنين خرجهن القلعي و
عن علي قال عبدت الله قبل أن
يعبده أحد من هذه الامة
خمس سنين خرجه ابو عمر. وعن
عفيف الكندي قال كنت امرأ
تاجراً فقدمت الحج فأتيت
العباس بن عبد المطلب لابتاع
منه بعض التجارة وكان امرأ
تاجراً قال فوالله اني لعنده بمنى
اذا خرج رجل من خباء قريب
منه فنظر الى السماء فلما رآها
قام يصلي ثم خرجت امرأة من ذلك

نماز پڑھی۔ حافظ سلفی نے ذکر کیا۔
رافع سے روایت ہے۔ کہ نبی کریم صلی اللہ
علیہ والہ وسلم نے سوموار کو نماز پڑھی۔ اور
خدیجہ نے سوموار کے آخری حصہ میں نماز ادا
کی۔ علی دوسرے روز منگل کو نماز پڑھی۔ صرف
علی ہی سات سال اور کچھ ماہ لوگوں سے پہلے آنحضرت
کے ساتھ نماز پڑھنے سے ہے۔ اس کی قلعی نے
بیان کیا۔

علی نے فرمایا میں لوگوں سے سات سال پہلے رسول
اللہ کے ساتھ نماز پڑھتا رہا۔

ایک روایت میں ہے۔ کہ میں لوگوں سے سات
سال پہلے رسول اللہ پر اسلام لایا۔ ایک اور
روایت میں ہے کہ میں لوگوں سے تین سال پہلے
رسول اللہ کے ساتھ نماز پڑھتا رہا۔

ان احادیث کو احمد نے مناقب میں بیان کیا۔
علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ کہ آپ نے فرمایا
میں خدا کا بندہ ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ والہ وسلم کا بھائی ہوں۔ میں صدیق اکبر ہوں
میں سات سال لوگوں سے پہلے رسول اللہ کے ساتھ
نماز پڑھتا رہا ہوں۔ ان احادیث کو قلعی نے
بیان کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

النجار فقامت خلفه فصلت ثم خرج
غلام حين راهق الحلم فقام معه
يصلي قال فقلت للعباس يا عباس
ما هذا قال هذا محمد بن عبد الله بن
عبد المطلب ابن اخي قال قلت من
هذه المراة قال خديجة بنت خويلد
قال فقلت من هذا الفتى قال هذا
ابن عمه علي بن ابي طالب قال قلت
فما الذي يصنع قال يصلي وهو يزعم
انه نبي ولم يتبعه أحد على أمره
الا امراته وابن عمه هذا الفتى وهو
يزعم انه سيفتح عليه كنوز كسرى
وقيصر قال فكان عفيف وهو
ابن الاشعث بن قيس يقول واسلم
بعد ذلك وحسن اسلامه لو كان
الله رزقني الاسلام يومئذ فاكون
ثانيا مع علي بن ابي طالب - وعن
حبة العرني قال سمعت عليا يقول
أنا اول رجل صلى مع النبي صلى الله
عليه وسلم خرجها الامام احمد وعن
حبة ايضا قال رأيت عليا ضحك

علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ کہ میں نے
تمام امت سے پہلے پانچ سال خدا کی عبادت
کی۔ اسوقت اللہ تعالیٰ کی کوئی عبادت نہیں
کرتا تھا۔ ابو عمر نے نقل کیا۔ (دوسرے علی کا مقابلہ
کرسکتے ہیں؟)

عفیف کندی سے روایت ہے۔ کہ میں تاجر آدمی
تھا۔ میں حج کے زمانہ میں مکہ میں آیا۔ چونکہ عباس
بن عبد المطلب تاجر آدمی تھا۔ آپکے پاس کچھ
چیزیں خریدنے کیلئے حاضر ہوا۔ خدا کی قسم میں
آپکے پاس منیٰ میں بیٹھا ہوا تھا۔ اچانک قریب
کے خیمہ سے ایک شخص نکلا۔ آسمان کی طرف نگاہ
کی۔ کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا۔ اسی خیمہ سے ایک
ایک عورت نمودار ہوئی۔ وہ آپ کے پیچھے نماز
پڑھنے لگی۔ پھر ایک لڑکا باہر آیا۔ جو بلوغت
کے قریب تھا۔ وہ اس شخص کیساتھ کھڑے ہو کر
نماز پڑھنے لگا۔ میں نے عباس سے کہا یہ کون
شخص ہے۔ کہا یہ محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب
میرے بھائی کے فرزند ہیں۔ میں نے کہا عورت
کون ہے۔ کہا یہ اس کی بیوی خدیجہ بنت خویلد ہیں
میں نے کہا یہ نوجوان کون ہے۔ کہا یہ اس شخص
ابن عم علی بن ابی طالب ہیں۔ میں نے کہا یہ لوگ کیا

على المنبر لم أره ضحك ضحكا أكثر
منه حتى بدت نواجذه ثم قال ذكرت
قول أبي طالب ظهر علينا أبو طالب
وأنا مع رسول الله صلى الله عليه
وسلم ونحن نصلي ببطن نخلة قال
ماذا تصنعان يا ابن أخي فدعاه رسول
الله صلى الله عليه وسلم الى الاسلام
فقال ما بالذي تصنعان أو الذي
تقولان بأس ولكن والله لا تعلوني
استي أبدا وضحك تعجبا من قول
أبيه ثم قال اللهم لا أعرف لك
عبدا من هذه الامة عبدك قبلي
غير نبيك ثلاث مرات لقد صليت
قبل أن يصلي الناس خرجه أحمد
وخرجه في المناقب وزاد لقد
صليت قبل أن يصلي أحد سبعا
حبة العرني ضعيف - قال ابن اسحاق
وذكر بعض اهل العلم أن رسول
الله صلى الله عليه وسلم كان اذا
حضرت الصلاة خرج الى شعاب
مكة وخرج معه علي بن ابي طالب

کر رہے ہیں۔ کیا نماز پڑھ رہے ہیں۔ اس شخص
کا خیال ہے کہ میں نبی ہوں۔ اسوقت آپکا پیرو
صرف آپکی عورت اور آپ کے ابن عم یہ نوجوان
کر رہے تھے۔"

اسکو یقین ہے کہ عنقریب آپ کیلئے کسریٰ
اور قیصر کے خزانے نکل جائیں گے۔ عفیف
اشعث بن قیس کا فرزند ہے۔ بعد میں اسلام
لایا۔ جو اچھے اسلام والا تھا۔ کہتا ہے اگر مجھے
خدا اسوقت اسلام لانے کی نعمت سے نوازتا
تو میں علیؑ کیساتھ دوسرا اسلام لانیوالا ہوتا۔
حبۃ العرنی نے کہا کہ میں نے علی علیہ السلام
کو فرماتے سنا میں پہلا شخص ہوں جس نے نبی
کریم صلعم کیساتھ نماز پڑھی۔ ان دونوں
حدیثوں کو ابو احمد نے نقل کیا۔ نیز حبۃ
العرنی نے ذکر کیا کہ میں نے علیؑ کو منبر پر اتنا
ہنستے دیکھا کہ آپ کی ڈاڑھیں ظاہر ہوگئیں
تھیں۔ ایسا میں نے آپکو کبھی ہنستے ہوئے
نہیں دیکھا تھا۔ فرمایا مجھے ابوطالبؑ کی بات
یاد آگئی۔ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کیساتھ بطن نخلہ میں نماز پڑھ رہے
تھے۔ ابوطالبؓ تشریف لائے۔ فرمایا تم لوگ کیا کر رہے ہو

Presented by www.ziaraat.com

مستخفيا من عمه أبي طالب ومن جميع
أعمامه وسائر قومه فيصليان
الصلوات فيها فإذا أمسيا رجعا
فمكثا كذلك ماشاء الله أن يمكثا
ثم ان أبا طالب عثر عليهما يوما وهما
يصليان فقال لرسول الله صلى
الله عليه وسلم يا ابن أخي ما هذا
أراك تدين به قال أي عم هذا
دين الله ودين ملائكته ودين
رسله ودين أبينا ابراهيم أو كما
قال صلى الله عليه وسلم وبعثني الله
به رسولا الى العباد وانت يا عم
أحق من بذلت له النصيحة و
دعوته الى الهدى وأحق من
أجابني اليه وأعانني عليه أو كما
قال فقال أبو طالب أي ابن أخي اني
والله لا أستطيع ان أفارق دين
آبائي وما كانوا عليه ولكن والله
لا يخلص اليك شيء تكرهه ما
بقيت ۔ وذكروا انه قال لعلي
أي بني ما هذا الدين الذي أنت عليه

لے میرے بھائی کے فرزند۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوطالبؑ کو اسلام
کی دعوت دی۔ آپ نے کہا جو کچھ تم کر رہے ہو یا کہتے
ہو خطرے والی بات ہے (ہرگز نہیں حضرت
طالب مسلمان تھے اور اسلام پر انتقال فرمایا)
علیؑ اپنے باپ کی بات سے تعجب سے ہنسنے لگے (ابو
طالب کامل الایمان انسان تھے) پھر فرمایا پالنے
والے میں اس امت میں کوئی ایسا بندہ نہیں
دیکھتا جو میرے اور تیرے نبی کے سوا تیری
عبادت کرتا ہو۔ تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے سب
لوگوں سے پہلے نماز پڑھی۔ احمد نے اسکو نقل
کیا۔ مناقب میں یہ الفاظ مزید تحریر کیے ہیں۔
میں نے تمام لوگوں سے سات سال نماز پڑھی۔
حبۃ العرابی ضعیف ہے۔

ابن اسحاقؒ نے بیان کیا ہے کہ بعض اہل
علم نے ذکر کیا ہے کہ جب نماز کا وقت آتا تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کی گھاٹیوں
کی طرف تشریف لے جاتے۔

علی بن ابی طالبؑ آپکے ساتھ ہوتے تھے۔
آپ اپنے چچا ابوطالبؑ اور تمام اعمام اور
تمام قوم سے خفیہ جاتے وہاں جا کر نماز پڑھتے۔

ابوطالب نے علیؑ سے کہا بیٹے یہ کونسا دین ہے جس پر تم چل رہے ہو

Presented by www.ziaraat.com

قال یا أبت آمنت برسول الله صلی الله علیه وسلم وصدقت بما جاء به وصلیت معه لله واتبعته نزعموا انه قال أما انه لم یدعك الا الی خیر فالزمه خرجه ابن اسحاق

عرض کیا باباجان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لایا ہوں آپ کے ساتھ خدا کی نماز پڑھتا ہوں آپ کا کہا مانتا ہوں حضرت ابوطالب نے فرمایا آنحضرتؐ آپ کو نیکی کی عزت دیں گے، آپؐ کا ساتھ نہ چھوڑو۔

الفصل الخامس فی هجرته

قال ابن اسحاق واقام علی بمکة لجد النبی صلی الله علیه وسلم ثلاث لیال وأیام حتی أدی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم الودائع التی کانت عنده للناس حتی اذا فرغ منها لحق برسول الله صلی الله علیه وسلم فنزل معه علی کلثوم بن الهدم ولم یقم بقباء الا لیلة او لیلتین۔

فصل ۵ آپکی ہجرت کے بارے میں:

ابن اسحاق نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت کے علیؑ مکہ میں تین دن اور تین راتیں قیام فرما رہے۔ رسول اللہ کے پاس جو لوگوں کی امانتیں تھیں وہ لوگوں کو واپس کیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آنحضرتؐ کے ساتھ کلثوم بن زہدم کے پاس قیام کیا۔ قبا میں ایک رات یا دو راتیں رہے۔

الفصل السادس فی خصائصه

(ذکر اختصاصه بأنه اول من أسلم و اول من صلی) تقدم احادیث هذا الذکر فی الفصل قبله.

ذکر أنه اول من یجثو للخصومة یوم القیامة:- عن علی قال انا

فصل ۶ آپؐ کے خصوصیات:

آپ سب سے پہلے آنحضرتؐ پر ایمان لائے اور آنحضرتؐ کیساتھ نماز پڑھی۔ اس قسم کی احادیث پہلے ایک فصل میں ذکر ہوئی ہیں۔ **قیامت میں سب سے پہلے آپ اپنا مقدمہ (اللہ کے حضور میں) پیش کریں گے۔** علی علیہ السلام نے فرمایا میں سب

Presented by www.ziaraat.com

اول من یجثو للخصومة بین یدی الرحمن یوم القیامة قال قیس فیهم نزلت هذان خصمان اختصموا فی ربهم قال هم الذین تبارزوا یوم بدر علی وحمزة وعبیدة بن الحارث وشیبة بن ربیعة وعتبة بن ربیعة والولید بن عتبة، وفی روایة ان علیا قال فینا نزلت هذه الایة وفی مبارزتنا یوم بدر هذان خصمان اختصموا فی ربهم خرجه البخاری۔

پہلے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کروں گا۔ قیس نے کہا ان لوگوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی "یہ دو مخالف خدا کی بارگاہ میں اپنا جھگڑا پیش کریں گے یہ لوگ مندرجہ ذیل ہیں۔ جو جنگ بدر میں اپس میں مقابلہ کیا تھا۔ علیؑ۔ حمزہؓ۔ عبیدہ بن حارث۔ ربیعہ اور ولید بن عتبہ، ایک اور روایت میں ہے کہ علیؑ نے فرمایا یہ آیت هذان خصمان فی ربهم جنگ بدر کے موقعہ پر ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ بخاری نے ذکر کیا۔"

ذکر انه اول من یقرع باب الجنة بعد النبی صلی الله علیه وسلم

"نبیؐ کے بعد سب سے پہلے آپ جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے"

عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا علی انك اول من یقرع باب الجنة فتدخلها بغیر حساب بعدی خرجه الامام علی بن موسی الرضی فی مسنده۔

علیؑ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علیؑ! میرے بعد سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤ گے اور اس میں بلا حساب داخل ہو گے۔ اسکو امام علی بن موسےٰ رضاؑ نے اپنی مسند میں بیان کیا۔

ذکر اختصاصه باحبة الله تعالی له

"خداوند عالم کا محبوب ہونا"

عن انس بن مالك قال کان عند النبی

انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

صلی اللہ علیہ وسلم طیر فقال اللھم ائتنی باحب خلقک الیک یاکل معی ھذا الطیر فجاء علی بن ابی طالب فاء کل معہ خرجہ الترمذی وقال غریب والبغوی فی المصابیح فی الحسان وخرجہ الحربی وزاد بعد قولہ اھدی الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طیر وکان مما یعجبہ اکلہ وزاد بعد قولہ فجاء علی بن ابی طالب فقال استاذن علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت ما علیہ اذن وکنت احب ان یکون رجلا من الانصار وخرجہ عمر بن شاھین ولم یذکر زیادۃ الحربی وقال بعد قولہ فجاء علی فردوتہ ثم جاء فردوتہ فدخل فی الثالثۃ او فی الرابعۃ فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما حبسک عنی اوما ابطاء بک عنی یا علی قال جئت فردنی انس قال ما انس ما حملک علی ما صنعت قال رجوت ان یکون رجلا من الانصار فقال یا انس

علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھونا ہوا پرندہ موجود تھا۔ آپ نے فرمایا پانے والے میرے پاس وہ شخص بھیج جو تمہارے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہو اور میرے ساتھ یہ پرندہ تناول کرے۔ حضرت علی علیہ السلام تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ وہ پرندہ تناول کیا۔ ترمذی نے بیان کیا۔ کہا یہ حدیث غریب ہے۔ بغوی نے مصابیح میں اس حدیث کو حسان شمار کیا۔ حربی نے حدیث نقل کرنے کے بعد یہ الفاظ زیادہ بیان کیے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پرندہ بطور ہدیہ پیش ہوا۔ علی علیہ السلام تشریف لائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جانے کی اجازت طلب کی۔ میں (انس) نے کہا اجازت نہیں ہے میں اس بات کو پسند کرتا تھا۔ انصار میں سے کوئی آدمی ہو۔ عمر بن شاہین نے حدیث بیان کی۔ لیکن حربی کی زیادتی بیان نہیں کی۔ انس کا قول نقل کیا کہ (رسول اللہ صلعم) کی دعا کے بعد علی علیہ السلام تشریف لائے۔

Presented by www.ziaraat.com

أدنى الانصار خير من علي أو أفضل
من علي وخاصة النجار عنه وقال
قدمت لرسول الله صلى الله عليه
وسلم طيرا فسمى وأكل لقمة وقال
اللهم ائتني بأحب الخلق اليك والي
فأتى علي فضرب الباب فقلت من
انت قال علي قلت ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم على حاجة ثم أكل
لقمة وقال مثل الاولى فضرب علي
فقلت من أنت قال علي قلت
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
على حاجة ثم أكل لقمة وقال مثل ذلك
قال فضرب علي ورفع صوته فقال
رسول الله صلى الله عليه وسلم يا
أنس افتح الباب قال فدخل فلما رآه
النبي صلى الله عليه وسلم تبسم ثم قال
الحمد لله الذي جعلك فاني ادعو
في كل لقمة أن يأتيني الله بأحب
الخلق اليه والي فكنت أنت قال
فو الذي بعثك بالحق نبيا اني لاضرب
الباب ثلاث مرات ويردني أنس قال

میں نے آپ کو واپس لوٹا دیا۔ پھر تشریف
پھر لوٹا دیا۔ تیسری یا چوتھی مرتبہ آنحضرتؐ
کی خدمت میں تشریف لائے۔ رسول اللہؐ
نے علیؑ سے دریافت کیا "کیوں دیر لگائی
عرض کیا۔ میں حاضر ہونے کی نیت سے آتا لیکن
مجھے انس اندر آنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔
انس سے فرمایا تم نے ایسا کیوں کیا؟
عرض کیا میرا مقصد تھا کہ آپ کے پاس
انصار میں سے کوئی آدمی آکر پرندہ تناول
کرے۔ فرمایا! انصار میں علیؑ سے اچھا یا
افضل آدمی موجود ہے؟ نجار نے انس سے
روایت کی ہے۔ انس نے کہا میں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بھونا
ہوا پرندہ پیش کیا۔ آپ نے ایک لقمہ کھا
کر فرمایا پالنے والے میرے پاس وہ شخص
بھیج جو تمہارے نزدیک سب سے زیادہ محبوب
ہو۔ علیؑ نے دق الباب کیا۔ میں نے کہا کون
ہو؟ فرمایا علیؑ ہوں۔ میں نے کہا رسول اللہ
کام میں مصروف ہیں۔ رسول اللہؐ نے پھر لقمہ
تناول فرما کر وہی بات دہرائی۔ علیؑ نے دروازہ
کھٹکھٹایا۔ میں نے پوچھا کون ہو؟ فرمایا

Presented by www.ziaraat.com

فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما
ردوتہ قال کنت أحب رجلا من
الانصار فتبسم النبی صلی اللہ
علیہ وسلم وقال ما یلام الرجل علی
قومہ - وعن سفینہ قال أھدت
امراۃ من الانصار الی رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طیرین بین
رغیفین فقدمت الیہ الطیرین
فقال صلی اللہ علیہ وسلم اللھم
ائتنی بأحب خلقک الیک والی
رسولک ثم ذکر معنی حدیث البخاری
وقال فی آخرہ فأکل مع رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الطیرین
حتی فنیا۔

ہیں علیؑ ہوں۔ میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کام میں مصروف ہیں۔ آنحضرتؐ نے لقمہ تناول
فرماکر پہلے کی طرح بات کی۔ علیؑ نے پھر دروازہ
کھٹکھٹایا اور اپنی آواز کو بلند کیا۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انس سے فرمایا
دروازہ کھول دو۔ انس کا بیان ہے کہ علیؑ تشریف
لائے۔ رسول اللہؐ نے آپکو دیکھکر مسکرا کر فرمایا
شکر ہے اس خدا کا جس نے تمہیں میرے پاس بھیجا۔ میں ہر
لقمہ کے بعد اللہ تعالیٰ سے کہتا تھا اس شخص کو میرے
پاس بھیج جو تمام مخلوق سے تیرے اور میرے
نزدیک زیادہ محبوب ہو۔ خدا نے تمہیں بھیجا۔ علیؑ
نے عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپکو برحق
نبی بنا کر بھیجا۔ میں نے تین دفعہ دروازہ
کھٹکھٹایا لیکن انس نے تینوں دفعہ مجھے اندر
آنے سے روکا ہے رسول اللہؐ نے انس سے فرمایا تم نے علیؑ کو کیوں
روکا؟ عرض کیا میں چاہتا تھا کہ یہ سعادت انصار کا کوئی
آدمی حاصل کرے رسول اللہ نے مسکرا کر فرمایا اپنی قوم کی محبت میں
آدمی پر ملامت نہیں کی جاتی۔ سفینہ سے روایت ہے کہ انصار سے
عورت نے رسول اللہ کی خدمت میں دو پکے ہوئے پرندے دو روٹیوں کے
درمیان رکھکر بھیجے رسول اللہؐ نے فرمایا یا اللہ وہ اپنے میرے پاس شخص کو بھیج
جو تجھے اور رسول اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہو۔ پھر راوی نے بخاری
کی حدیث کا مطلب بیان کیا اور آخر میں کہا کہ علیؑ نے رسول اللہ کے ساتھ
دونوں پرندے کھائے حتیٰ کہ ختم ہو گئے۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر اختصاص باحبیة النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

عن عائشۃ سئلت ای الناس احب علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت فاطمۃ فقیل من الرجال قالت زوجہا ان کان ما علمت صواما قواما اخرجہ الترمذی وقال حسن غریب وعنہا وقد ذکر عندہا علی فقالت ما رأیت رجلا کان احب الی رسول اللہ صلعم منہ ولا امرأۃ احب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من امرأتہ اخرجہ المخلص والحافظ الدمشقی۔

وعن معاذیۃ الغفاریۃ قالت کان لی انس بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم اخرج معہ فی الاسفار و اقوم علی المرضی واداوی الجرحی فدخلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیت عائشۃ وعلی خارج من عندہ فسمعتہ یقول یا عائشۃ ان ہذا احب الرجال الی اکرمہم علی واعزہم لہ حقہ واکرمہم مثواہ اخرجہ الخجندی۔

وعن مجمع قال دخلت مع امی علی عائشۃ فسألتہا عن مسیرہا یوم الجمل فقالت کان قدرا من اللہ وسألتہا عن علی فقالت سألت عن

"رسول اللہ کا محبوب ترین آدمی"

عائشہ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ کو کون شخص زیادہ پیارا تھا۔ کہنے لگیں فاطمہ پوچھا گیا۔ مردوں میں سے کون تھا۔ کہنے لگیں فاطمہ کا شوہر تم نہیں جانتے۔ جو بڑا روزے دار اور بہت تہجد گذار تھا۔ اس حدیث کو ترمذی نے اپنی کتاب میں نقل کیا۔ اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے عائشہ کے پاس علی کا ذکر ہوا۔ کہنے لگیں مردوں میں علی اور عورتوں میں فاطمہ رسول اللہ کو زیادہ محبوب تھیں۔ اس حدیث کو مخلص اور حافظ دمشقی نے نقل کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

أحب الناس الی رسول الله صلی الله علیه وسلم وزوج أحب الناس کان الیه وعن معادیة بن ثعلبة قال جاء رجل الی أبی ذر وهو فی مسجد رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال یا أبا ذر ألا تخبرنی بأحب الناس الیك فانی أعرف ان أحب الناس الیك أحبهم الی رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ای ورب الکعبة احبهم الی احبهم الی رسول الله صلی الله علیه وسلم هو ذاك الشیخ وأشار الی علی خرجه الملاء ۞ وقد تقدم لابی بکر مثل هذا فی المتفق علیه فیحمل هذا علی ان علیا أحب الناس الیه من اهل بیته وعائشه أحب الیه مطلقا جمعا بین الحدیثین ویؤیده ما رواه الدولابی ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لفاطمة انکحتك أحب أهل بیتی الی وخرجه عبد الرزاق ولفظه انکحتك أحب اهلی الی

معاذیہ غفاریہ کا بیان ہے مجھے رسولؐ اللہ سے خاص انس تھا جب آپ جنگلوں میں تشریف لے جاتے تو میں آپکے ساتھ ہوتی مریضوں کی تیمارداری اور زخمیوں کی مرہم پٹی کیا کرتی۔

میں رسولؐ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ عائشہ کے گھر میں تھے۔ علیؑ آنحضرت کے پاس نہیں میں نے سنا رسولؐ اللہ عائشہ سے فرماتے تھے میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب اور سب سے زیادہ عزت والے علیؑ ہیں علیؑ کی منزلت کو جانو اور آپ کی تعظیم کیا کرو

جمیع نے کہا میں اپنے باپ کے ساتھ عائشہ کے پاس گیا میں نے آپ سے جنگ جمل میں جانے کی وجہ پوچھی۔ فرمانے لگیں خدا کی تقدیر میں ایسا لکھا تھا۔ میں نے آپ سے علیؑ کے بارے میں پوچھا فرمانے لگیں "علیؑ رسولؐ اللہ کو سب لوگوں سے زیادہ محبوب تھے"، معاویہ بن ثعلبہ نے کہا کہ ابوذر مسجد رسولؐ میں تھے ایک شخص آپکے پاس آیا اور کہا کہ آپ کا پسندیدہ شخص کون ہے؟ میں جانتا ہوں جو شخص آپ کا پسندیدہ ہوگا، وہ رسولؐ اللہ کا بھی پسندیدہ ہوگا۔ ابوذرؓ نے کہا "رب کعبہ کی قسم میرے نزدیک اور رسولؐ اللہ کے نزدیک فلاں بزرگ پسندیدہ ہیں آپ نے علیؑ کی طرف اشارہ کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر اختصاصه بانه من النبی صلی الله علیه وسلم بمنزلة الراس من الجسد

رسول اللہ سے علیؑ کو وہ خصوصیت جو سر کو جسم سے ہوتی ہے

عن البراء قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم علی منی بمنزلة رأسی من جسدی خرجه الملاء

براءؑ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علیؑ کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو میرے جسم سے سر کو حاصل ہے۔"

ذکر اختصاصه بأنه من النبی صلی الله علیه وسلم بمنزلة هارون من موسیٰ

علیؑ کو رسولؐ سے وہ منزلت حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے حاصل تھی

عن سعد بن ابی وقاص ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لعلی أنت منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی أخرجاه وأخرجه الترمذی وأبو حاتم ولم یقولا الا انه لا نبی بعدی ۔ وعنه قال خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم علیا فی غزوة تبوك فقال یا رسول الله تخلفنی فی النساء والصبیان قال اما ترضی أن تکون منی بمنزلة

سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ رسولؐ اللہ نے علیؑ سے فرمایا تم کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے حاصل تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ بخاری، مسلم، ترمذی اور ابو حاتم نے اس حدیث کو روایت کیا۔

سعد سے روایت ہے جنگ تبوک کے موقع پر رسولؐ اللہ نے علیؑ کو مدینہ میں اپنا خلیفہ بنایا۔ علیؑ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں خلیفہ بناتے ہیں فرمایا تم اس بات پر راضی نہیں

Presented by www.ziaraat.com

هارون من موسى الا انه لا نبي
بعدي خرجه أحمد ومسلم وأبو حاتم
وفي رواية غير انه ليس معي نبي
خرجهما ابن الجراح ❊ وعنه قال
لما نزل رسول الله صلى الله عليه
وسلم الجرف طعن رجال من المنافقين
في امرة علي وقالوا انما خلفه استثقا
لا فخرج علي فحمل سلاحه حتى أتى النبي
صلى الله عليه وسلم بالجرف فقال
يارسول الله ما تخلفت عنك
في غزاة قط قبل هذه قد زعم
المنافقون انك خلفتني استثقالا
فقال كذبوا ولكن خلفتك بما ورائي
فارجع فاخلفني في أهلي أفلا ترضى
أن تكون مني بمنزلة هارون من
موسى الا انه لا نبي بعدي خرجه ابن
اسحاق وخرج معناه الحافظ الدمشقي
في معجمه ❊ وعن سفيان وقد قال
له المهدي حدثني بأحسن فضيلة
عندك لعلي قال حدثني سلمة بن كهيل
عن حجبة بن عدي عن علي قال قال

ہو کہ تم کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے
جو ہارون کو موسیٰ سے حاصل تھی میرے
بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ احمد، مسلم اور ابو حاتم
نے اس حدیث کو بیان کیا اور روایت
میں ہے کہ فرمایا میرے ساتھ کوئی نبی نہیں ہو
گا۔ دونوں حدیث کو ابن جراح نے بیان کیا۔
سعد سے روایت ہے جرف میں قیام کیا تو منافقین
نے علیؑ کی نیابت میں چہ میگوئیاں کیں کہ آنحضرتؐ
علیؑ کو بوجھ سمجھ کر ساتھ نہیں لے گئے۔ علیؑ ہتھیار لگا کر
رسول اللہ کی خدمت میں جرف میں گئے عرض کیا یا رسولؐ
اللہ میں اس جنگ کے سوا کسی در جنگ میں پیچھے نہیں رہا۔
منافق کہتے ہیں کہ آپ مجھے ایک بوجھ سمجھ کر ساتھ نہیں لے
گئے۔ فرمایا جھوٹ بولتے ہیں۔ میں نے تمہیں اپنا قائمقام
بنایا ہے۔ واپس جاؤ۔ میرے اہل وعیال میں میرے
نائب تم ہو۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ
تم کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو ہارونؑ کو
موسیٰ سے حاصل تھی۔ مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔
سفیان سے روایت ہے کہ مجھے مہدی نے کہا ہے علیؑ
کی وہ فضیلت بتایئے جو تمہارے نزدیک سب سے زیادہ
اچھی ہو۔ سفیان نے کہا مجھے سلمہ بن کھیل حجبہ بن
عدی وہ علیؑ سے روایت کرتے ہیں

رسول الله صلی الله علیه وسلم
لعلی أنت منی بمنزلة هارون من
موسی الا انه لا نبی بعدی خرجه
الحافظ السلفی فی النسخة البغدادیة
وعن أسماء بنت عمیس قال سمعت
رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول
اللهم انی اقول لما قال اخی موسی
اللهم اجعل لی وزیرا من أهلی
أخی علیا اشدد به أزری وأشرکه
فی أمری کی نسبحک کثیرا ونذکرک
کثیرا انک کنت بنا بصیرا اخرجه
احمد فی المناقب والمراد بالامر
غیر النبوة بذکر ما تقدم وقد
تعلق بعض الرافضة بهذا الحدیث
فی انه الخلیفة بعده ولا دلالة
فیه ÷ وقد سبق الکلام مستوفیا
فی شرح لفظه ومعناه فی فصل
خلافة أبی بکر ÷ وعن عمر وقد
سمع رجلا یسب علیا فقال انی
لاظنک من المنافقین سمعت
رسول الله صلی الله علیه وسلم

رسول اللہؐ نے علیؑ سے فرمایا۔ تم کو مجھ سے وہ
منزلت حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰ سے
حاصل تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔
اسماء بنت عمیس سے مروی ہے کہ میں نے رسولؐ
اللہ کو فرماتے ہوئے سنا یا اللہ میں وہی بات
کہونگا جو میرے بھائی موسیٰؑ نے کہی تھی میرے بھائی
علی کو میرا وزیر بنا۔ مجھے اسکے ذریعہ طاقت دے
میرے کام میں اسکو شریک بنا۔ تاکہ ہم تیری
تسبیح اور ذکر زیادہ سے زیادہ کریں تو ہمارے
حالات سے آگاہ ہے۔ شیعہ کہتے ہیں کہ اس
حدیث سے علیؑ کی خلافت ثابت ہوتی ہے حالانکہ
یہ بات نہیں ہے۔
عمر سے روایت ہے کہ آپ نے
ایک شخص کو علیؑ کو گالیاں دیتے ہوئے
سنا۔ اس شخص سے کہا تم منافق
معلوم ہوتے ہو۔ میں نے رسول اللہؐ
کو علیؑ سے فرماتے ہوئے سنا تم کو
مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو
ہارونؑ کو موسیٰ سے حاصل تھی مگر
میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔
عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ

Presented by www.ziaraat.com

يقول لعلي أنت مني بمنزلة هارون
من موسى الا انه لا نبي بعدي خرجه
ابن السمان وعنه قال سمعت رسول
الله صلى الله عليه وسلم يقول لعلي
ثلاث خصال لوددت ان لي واحدة
منهن بينا أنا وابو عبيدة وابوبكر و
جماعة من أصحاب النبي صلى الله
عليه وسلم اذ ضرب النبي صلى الله
عليه وسلم منكب علي فقال يا علي
أنت اول المؤمنين ايمانا واول
المسلمين اسلاما وانت مني بمنزلة
هارون من موسى خرجه ابن السمان

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کے
بارے میں تین ایسی باتیں بیان فرمائیں
میں چاہتا تھا ان میں ایک بات مجھے
نصیب ہو جاتی۔ میں خود ابو عبیدہ
ابوبکر اور صحابہ کی ایک جماعت رسول
اللہ کی خدمت میں حاضر تھی۔ آنحضرتؐ
نے علیؑ کے شانے پر ہاتھ مار کر فرمایا
یا علیؑ تم ایمان کے لحاظ سے پہلے مومن
اسلام لانے میں پہلے شخص ہو۔
تم کو مجھ سے وہ مرتبہ حاصل
ہے جو ہارونؑ کو موسےٰ سے
حاصل تھا۔

ذكر اختصاصه بانه من النبي صلى الله عليه وسلم كمنزلة النبي صلى الله عليه وسلم من الله عز وجل

علیؑ کو نبیؐ سے وہ مرتبہ حاصل تھا جو نبیؐ کو خدا سے تھا

قال جاءة ابوبكر وعلي يزوران قبر
النبي صلى الله عليه وسلم بعد وفاته
بسبعة ايام قال علي لابي بكر تقدم يا

رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کی وفات کے سات دن بعد ابوبکر اور
علیؑ آنحضرتؐ کی قبر کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے علیؑ نے

Presented by www.ziaraat.com

خلیفة رسول الله فقال ابو بکر ما کنت لاتقدم رجلا سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول علی منی بمنزلتی من ربی خرجه ابن السمان فی الموافقة۔

ابو بکر سے کہا رسول اللہ کے خلیفہ آگے بڑھو۔ ابو بکر نے کہا میں ایسے شخص سے آگے کیسے جا سکتا ہوں جسکے بارے میں رسول اللہ نے کہا ہو علیؑ کو مجھ سے وہ مرتبہ حاصل ہے۔ جو میرے رب کو مجھ سے۔

ذکر اختصاصه بأنه أقرب الناس قرابة من النبی صلی الله علیه وسلم

علیؑ رسول اللہ کے سب سے زیادہ قریبی تھے

عن الشعبی ان ابا بکر نظر الی علی بن ابی طالب فقال من سره أن ینظر الی أقرب الناس قرابة من رسول الله صلی الله علیه وسلم وأعظمهم عنه غنا وأعظمهم عنده منزلة فلینظر وأشار الی علی بن أبی طالب خرجه ابن السمان۔

شعبی سے مروی ہے کہ ابو بکر نے علیؑ کی طرف دیکھکر فرمایا جو شخص رسول اللہ کا زیادہ قریبی اور آپ کے نزدیک زیادہ منزلت والا شخص دیکھنا چاہیئے انکو علیؑ کی طرف سے دیکھنا چاہیئے۔ آپ نے علیؑ کیطرف اشارہ کیا۔ خدا کی طرف سے جبرائیل کا آگاہ کرنا کہ علیؑ کو رسول سے وہ مرتبہ حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھا

ذکر اخبار جبریل عن الله بأن علیا من النبی صلی الله علیه وسلم بمنزلة هارون من موسی

اسماء بنت عمیس سے مروی ہے جبرائیل رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے عرض کیا یا محمد! خداوند عالم سلام کے بعد کہتا ہے کہ علیؑ کو تم سے وہ منزلت

عن أسماء بنت عمیس قالت هبط

Presented by www.ziaraat.com

جبریل علیہ السلام علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا محمد ان ربک یقرئک السلام ویقول لک علی منک بمنزلۃ هارون من موسی لکن لا نبی بعدک خرجہ الامام علی بن موسی۔

حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے حاصل تھی۔ مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اس کو امام رضا علیہ السلام نے بیان کیا۔

ذکر اختصاصہ بأن لہ من الاجر ومن المغنم مثل ما للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ تبوک ولم یحضرھا

جنگ تبوک میں علیؑ کو ثواب اور مال غنیمت رسول اللہ کی مانند ملا۔ آپ جنگ میں شامل نہیں ہوئے تھے

عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی یوم غزوۃ تبوک أما ترضی أن یکون لک من الاجر مثل مالی ولک من المغنم مثل مالی خرجہ الخلعی۔

انس سے روایت ہے رسول اللہ نے جنگ تبوک کے موقعہ پر علیؑ سے فرمایا کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم کو ثواب اور مال غنیمت میری مانند ملے گا۔

ذکر اختصاصہ بانہ مثل النبی صلی اللہ علیہ وسلم

علیؑ مثل نبیؐ ہیں

عن المطلب بن عبد اللہ ابی

عبد المطلب بن عبد اللہ ابو حیطب سے

حیطب قال قال رسول الله صلی
الله علیه وسلم لوفد ثقیف حین
جاؤه لتسلمن أو لابعثن علیکم
رجلا منی أو قال مثل نفسی فلیضر
بن أعناقکم ولیسبین ذراریکم
ولیأخذن أموالکم قال عمر فو الله
ما تمنیت الامارة الا یومئذ فجعلت
أنصب صدری رجاء أن یقول هو
هذا قال فالتفت الی علی فأخذ بیده
وقال هو هذا هو هذا اخرجه عبد
الرزاق فی جامعه وأبو عمر وابن
السمان ۞ وعن زید بن نفیع
قال قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم لینتهین بنو ربیعة أو لابعثن
الیهم رجلا کنفسی یمضی فیهم امری
یقتل المقاتلة ویسبی الذریة
قال فقال ابوذر فما راعنی الا برد
کف عمر فی حجرتی من خلفی فقال
من تراه یعنی قلت ما یعنیک ولکن
یعنی خاصف النعل یعنی علیا اخرجه
أحمد فی المناقب وعن أنس بن مالک

سے روایت ہے۔ رسول اللہ نے
ثقیف کے وفد سے فرمایا۔ تمہیں اسلام
لانا چاہیئے ورنہ میں تمہارے پاس اپنا
آدمی بھیجوں گا۔ یا فرمایا اپنی مثل آدمی
بھیجوں گا جو تمہاری گردنیں اڑا دے گا۔
تمہاری اولاد کو قید کرے گا تمہارا مال
لے لے گا۔ عمر نے کہا مجھے اس روز سرداری
کرنے کا شوق ہوا۔ میں سینہ تان کر
رسول اللہ کے آگے ہوتا تھا تاکہ آپ
یہ عہدہ مجھے عطا فرمائیں۔ رسول اللہ
نے علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر دو دفعہ فرمایا یہ
وہ شخص ہے۔ زید بن نفیع سے مروی
ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا بنو ربیعہ
کو باز آجانا چاہیئے ورنہ میں انکے پاس
اپنے نفس کی مانند آدمی بھیجونگا جو ان میں
میرا حکم نافذ کریگا ان سے جنگ کریگا اور انکی
اولاد کو قید کریگا۔ ابوذرؓ نے کہا۔ عمر نے
پیچھے سے میری گود میں ہاتھ ڈال کر کہا اس سے
کون مراد ہے۔ میں نے کہا آپ وہ شخص نہیں ہیں
بلکہ جوتے کو ٹھیک کرنے والے علیؑ مراد ہیں۔
انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول اللہ

Presented by www.ziaraat.com

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من نبی الا و لہ نظیر فی اُمتہ علی نظیری خرجہ الخلعی قد تقدم مستوعبا فی مناقب الاعداد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ہر نبی کی امت میں اس کا ایک نظیر ہوتا ہے۔ میری نظیر علیؑ ہیں۔

ذکر اختصاص علی بانہ قسیم النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی نور کان علیہ قبل خلق الخلق

مخلوق کی پیدائش سے پہلے علیؑ نبیؐ کے نور کا ایک حصہ ہیں

عن سلمان قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کنت أنا وعلی نورا بین یدی اللہ تعالی قبل أن یخلق آدم بأربعۃ عشر ألف عام فلما خلق اللہ آدم قسم ذلك النور جزأین فجزء أنا و جزء علی خرجہ احمد فی المناقب۔

سلمانؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ آدم کی خلقت سے چودہ ہزار سال پہلے۔ میں اور علیؑ خدا کے سامنے نور کی شکل میں موجود تھے جب آدم کو پیدا کیا تو نور کو دو حصوں میں تقسیم کیا۔ ایک حصہ میں ہوں۔ اور دوسرا حصہ علیؑ ہیں۔

ذکر اختصاصہ بأن کفہ مثل کف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

علیؑ کا ہاتھ نبیؐ کے ہاتھ کی مانند ہے

عن حبشی بن جنادۃ قال کنت جالسا عند أبی بکر فقال من کانت لہ عدۃ عند رسول اللہ صلی اللہ

حبشی بن جنادہ نے کہا میں ابوبکر کے پاس موجود تھا آپ نے کہا جس شخص سے رسول اللہ نے کوئی وعدہ کیا ہو بیان کرے ایک

Presented by www.ziaraat.com

علیہ وسلم فقام رجل فقال یا خلیفۃ رسول اللہ وعد فی ثلاث حثیات من تمر قال فقال ارسلوا الی علی فقال یا ابا الحسن ان ھذا یزعم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعدہ بثلاث حثیات من تمر فاحثھا لہ قال فحثاھا قال ابوبکر عدوھا فوجدوا فی کل حثیۃ ستین تمرۃ لا تزید واحدۃ علی الاخری فقال ابوبکر صدق اللہ ورسولہ قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ الھجرۃ ونحن خارجون من الغار نرید المدینۃ یا ابا بکر کفی وکف علی فی العدد سواء خرجہ ابن السمان فی الموافقۃ۔

شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا خلیفہ رسولؐ اللہ آنحضرتؐ نے کھجوریں دینے کا وعدہ کیا تھا کہا اس کو علیؑ کے پاس لے جاو، کہا یا ابوالحسنؑ یہ شخص کہتا ہے کہ آنحضرتؐ نے اسکو تین مٹھی کھجوریں دینے کا وعدہ کیا تھا۔ آپ تین مٹھی کھجوریں اسکو دے دو۔ آپ نے تین مٹھیاں بھر کر اسکو دے دیں۔ ابوبکر نے کہا اس کو گنو۔ لوگوں نے گنا ایک مٹھی میں ساٹھ کھجوریں ہوتی تھیں نہ کم نہ زائد۔ ابوبکر نے کہا خدا کے رسولؐ نے سچ کہا۔ آنحضرتؐ نے ہجرت کی رات مجھ سے کہا جب ہم غار سے نکل کر مدینہ جا رہے تھے میرا اور علیؑ کا ہاتھ گنتی میں برابر ہے۔

ذکر اختصاصہ بصلاۃ الملائکۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ لکونھما کانا یصلیان قبل الناس

علیؑ اور نبیؐ پر فرشتے درود بھیجتے تھے کیونکہ وہ دونوں لوگوں سے پہلے نماز پڑھا کرتے تھے

عن ابی ایوب قال قال رسول

ابوایوب انصاری سے روایت ہے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا

الله صلی الله علیه وسلم لقد صلت
الملائکة علی وعلی علی لانا کنا نصلی
لیس معنا احد یصلی غیرنا خرجه
ابو الحسن الخلعی۔

ذکر اختصاصه بانه والنبی صلی الله علیه وسلم یقبض الله ارواحهما بمشیئته دون ملک الموت

عن ابی ذر قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم لما اسری بی مررت
بملک جالس علی سریر من نور واحدی
رجلیه فی المشرق والاخری فی المغرب
وبین یدیه لوح ینظر فیه والدنیا
کلها بین عینیه والخلق بین رکبتیه
ویده تبلغ المشرق والمغرب فقلت
یا جبرئیل من هذا قال هذا عزرائیل
تقدم فسلم علیه فتقدمت وسلمت
علیه فقال وعلیک السلام یا احمد
ما فعل ابن عمک علی فقلت وهل
تعرف ابن عمی علی قال وکیف لا اعرفه
وقد وکلنی الله بقبض ارواح الخلائق

فرشتے مجھ پر اور علیؑ پر درود بھیجا کرتے
تھے کیونکہ ہم خدا کی نماز پڑھا کرتے تھے
اور ہمارے ساتھ اور کوئی شخص نماز نہیں
پڑھا کرتا تھا۔

علیؑ اور نبیؐ کی روح خدا خود اپنی مشیت سے قبض کریگا ملک الموت کا اسمیں دخل نہیں ہے

ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
شب معراج میرا ایک فرشتے سے گذر ہوا
جو نور کے تخت پر بیٹھا ہوا تھا اسکا ایک
قدم مشرق میں اور دوسرا مغرب میں تھا اس
کے سامنے ایک تختی تھی جس میں دیکھتا تھا
تمام کائنات اسکی آنکھوں کے سامنے اور
تمام مخلوق اس کے گھٹنوں کے درمیان تھی
اسکا ہاتھ مشرق اور مغرب میں پہنچ جاتا
تھا میں نے جبرائیلؑ سے کہا یہ کون ہے کہا یہ عزرائیلؑ
ہیں آپ جاکر اسکو سلام کریں میں نے جاکر سلام کیا
اس نے کہا اے احمدؐ آپ پر سلام ہو۔ آپکے ابن عم علیؑ
کا کیا حال ہے میں نے کہا آپ میرے ابن عم علیؑ کو

Presented by www.ziaraat.com

ما خلا روحك وروح ابن عمك
علي بن أبي طالب فان الله يتوفاكما
بعشيته خرجه الملاء في سيرته.

ذكر اختصاصه بأن من آذاه

فقد آذى النبي صلى الله عليه
وسلم ومن أبغضه فقد أبغضه و
من سبه فقد سبه ومن أحبه
فقد أحبه ومن تولاه فقد تولاه
ومن عاداه فقد عاداه ومن أطاعه
فقد أطاعه ومن عصاه فقد عصاه
عن عمرو بن شاس الاسلمي وكان
من أصحاب الحديبية قال خرجت
مع علي الى اليمن فجفاني في سفري
حتى وجدت في نفسي عليه فلما
قدمت اظهرت شكايته في المسجد
حتى بلغ ذلك رسول الله صلى الله
عليه وسلم في ناس من اصحابه
فلما رآني أبد أني عينيه يقول حدد
الى النظر حتى اذا جلست قال يا
عمرو والله لقد آذيتني قلت أعوذ

جانتے ہیں کہا میں علیؑ کو کیونکر نہ جانوں خداوند
عالم نے مجھے تمام مخلوق کی روحیں نکالنے کا حکم دیا ہے
آپکی اور آپکے ابن عم علی بن ابی طالب کی روح
نکالنے کا مجھے حکم نہیں ہے آپ دونوں کو اپنی مشیت سے مارے گا۔

جس نے علی کو تکلیف دی اس نے نبی کو تکلیف دی

جس نے علیؑ کو تکلیف دی اس نے نبیؐ کو تکلیف دی
جس نے علیؑ سے بغض رکھا اس نے نبیؐ سے بغض رکھا
جس نے علی کو گالیاں دیں اس نے نبیؐ کو گالیاں دیں
جس نے علی کو دوست رکھا اس نے نبیؐ کو دوست رکھا جس
علیؑ سے تولا کیا اس نے نبیؐ سے تولا کیا جس نے علیؑ سے
عداوت کی اس نے نبیؐ سے عداوت کی جس نے علیؑ کی اطاعت
کی اس نے نبی کی اطاعت کی جس نے علیؑ کی نافرمانی کی
اس نے نبیؐ کی نافرمانی کی۔ عمر بن شاش اسلمی جو صلح
حدیبیہ کے موقعہ پر رسول اللہؐ کے ساتھ تھے نے کہا
میں علی کیساتھ یمن گیا آپ نے راستے میں میرے ساتھ
زیادتی کی میں نے یہ بات دل میں رکھی جب مدینہ میں
واپس آیا تو مسجد نبوی میں علیؑ کی شکایت کی
صحابہ کے ذریعہ رسول اللہؐ کو یہ بات معلوم ہوئی
مجھے جب دیکھا تو آنکھیں کھول کر دیکھا جب میں بیٹھ گیا
تو فرمایا تم نے مجھے اذیت دی ہے میں نے عرض کیا یا
رسول اللہؐ میں آپکو اذیت دینے میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

بالله أن آذيك يا رسول الله قال بلى من آذى عليا فقد آذاني خرجه أحمد وخرجه أبو حاتم مختصرا ٭ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أحب عليا فقد احبني ومن أبغض عليا فقد أبغضني ومن آذى عليا فقد آذاني فقد آذى الله خرجه أبو عمر ٭ وعن أم سلمة قالت اشهد اني سمعت من رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من أحب عليا فقد احبني ومن احبني فقد أحب الله ومن أبغض عليا فقد أبغضني ومن أبغضني فقد أبغض الله عز وجل خرجه المخلص وخرجه الحاكمي عن عمار بن ياسر وزاد في أوله من تولاه فقد تولاني ومن تولاني فقد تولى الله ومن أحبه الحديث ٭ وعن ابن عباس قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى علي بن أبي طالب فقال له أنت سيد في الدنيا سيد في الآخرة من

فرمایا ہاں تم نے مجھے اذیت دی ہے جس نے علی کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی نیز روایت کی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا جس نے علی کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا جس نے علیؑ سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا جس نے علیؑ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی جس نے مجھے اذیت دی اس نے خدا کو اذیت دی۔

ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ میں خدا کو گواہ کر کے کہتی ہوں کہ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا جس نے علیؑ کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا جس نے مجھے دوست رکھا اس نے خدا کو دوست رکھا جس نے علیؑ سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا جس نے مجھ سے بغض رکھا اس نے خدا سے بغض رکھا۔ عمار بن یاسرؓ سے مروی ہے کہ آپ نے اس حدیث کے شروع میں یہ الفاظ زیادہ کئے ہیں "جس نے علی سے تولا اس نے مجھ سے تولا کیا جس نے مجھ سے تولا کیا اس نے خدا سے تولا کیا۔ الی آخرہ۔ ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے مجھے علیؑ کے پاس بھیجا آپ کے حق میں فرمایا تم دنیا میں اور آخرت میں سردار ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

أحبك فقد احبني وحبيب الله و
عدوك عدوي وعدوي عدو الله
الويل لمن أبغضك بعده أحمد في
مناقب: وعن ابن عباس انه مر بعد
ما حجب بصره بمجلس من مجالس
قريش وهم يسبون عليا فقال
لقائده ما سمعت هولاء يقولون
قال سبوا عليا قال فردني اليهم فرده
قال ايكم الساب الله قالوا سبحان الله
من سب الله فقد اشرك قال ايكم
الساب لرسول الله صلى الله عليه
وسلم قالوا سبحان الله من سب
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقد كفر
قال فايكم الساب لعلي قالوا اما هذا
فقد كان قال فانا اشهد بالله لسمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول
من سب عليا فقد سبني ومن سبني
فقد سب الله ومن سب الله عز وجل
أكبه الله على منخريه ثم تولى عنهم
فقال لقائده ما سمعتهم يقولون
قال ما قالوا شيا قال فكيف رايت وجوههم

جس نے تم کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا۔
تمہارا دوست خدا کا دوست ہے۔ تمہارا
دشمن میرا دشمن۔ میرا دشمن خدا کا دشمن ہے
جس نے آپ سے بغض رکھا اسکے لیئے ہلاکت ہے
جب ابن عباس نابینا ہو گئے تو آپ کا قریش
سے گذر ہوا وہ لوگ علیؑ کو گالیاں دے رہے
تھے آپ نے اپنے قائد سے کہا کہ یہ لوگ کیا
کہہ رہے ہیں۔ کہا علیؑ کو گالیاں دے رہے ہیں۔
فرمایا مجھے ان کے پاس لے چلو۔ آپ کو انکے
پاس لے گیا۔ فرمایا خدا کو کون گالیاں دیتا
تھا۔ انہوں نے کہا پناہ بخدا خدا کو گالیاں
دینے والا مشرک ہے فرمایا رسول اللہ کو کون
گالیاں دیتا تھا کہنے لگے معاذ اللہ رسول اللہؐ
کو گالیاں دینے والا تو کافر ہے فرمایا علیؑ کو کون
گالیاں دے رہا تھا کہنے لگے ہاں یہ کام ہو رہا تھا فرمایا
میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ
صلعم کو فرماتے ہوئے سنا جس نے علیؑ کو گالیاں دیں
اس نے مجھے گالیاں دیں جس نے مجھے گالیاں دیں
اس نے خدا کو گالیاں دیں ایسے شخص کو خداوند
نتھنوں کے بل دوزخ میں ڈالے گا۔ پھر آپ نے
انکو چھوڑ دیا اور اپنے قائد سے فرمایا یہ لوگ کیا

Presented by www.ziaraat.com

حيث قلت ما قلت قال
نظروا اليك بأعين محمرة
نظر التيوس الى شفار الجازر
قال زدني فداك أبي
جزر الحواجب ناكسو أذقانهم
نظر الذليل الى العزيز القاهر
قال زدني فداك أبي قال عندي
غيرهما قال لكن عندي
أحياؤهم حزني على أمواتهم
والميتون مسبة للغابر
خرجه أبو عبد الله الملا و عن
أبي عبد الله الجدلي قال دخلت
على أم سلمة فقالت لي أتسب
رسول الله صلى الله عليه وسلم
فقلت معاذ الله قالت سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم
يقول من سب عليا فقد سبني خرجه
أحمد و عن أبي ذر الغفاري قال
قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم لعلي من أطاعك فقد
أطاعني ومن أطاعني أطاع الله

کہتے تھے۔ اس نے کہا۔ کچھ نہیں کہا۔
فرمایا میرے کہنے کے بعد اُن کے چہروں
کی کیا حالت تھی۔ کہا سب آپ کو سرخ
آنکھوں سے اس طرح دیکھتے تھے۔
جس طرح مینڈھا قصاب کے چھرے
کو دیکھتا ہے۔ کہا اور فرمایئے۔ کہا گردنیں
نیچے کئے ہوئے ابرو چڑھائے ہوئے
اس طرح دیکھتے تھے جس طرح کمزور
مضبوط ظالم کی طرف دیکھتا ہے۔
کہا اور فرمایئے۔ کہا ان دو اشعار کے
سوا کچھ نہیں۔ لیکن یہ شعر ملاحظہ ہو۔
زندہ مردوں کا غم کرتے ہیں مردہ زندوں
کو گالیاں دیتے ہیں۔
ابو عبداللہ جدلی نے کہا میں ام سلمہ
کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے مجھے فرمایا
تم رسول اللہ کو گالیاں دیتے ہو۔ میں نے
عرض کیا۔ خدا کی پناہ۔ فرمایا۔ میں
نے رسول اللہؐ کو فرماتے ہوئے سنا
جس نے علیؑ کو گالیاں دیں۔ اس
نے مجھے گالیاں دیں۔
ابوذر غفاریؓ نے رسول اللہؐ
سے روایت کی ہے۔ آپ نے علیؑ
سے فرمایا۔ جس نے تمہاری
طاعت کی اس نے میری طاعت
کی۔ جس نے میری طاعت کی۔
اس نے خدا کی طاعت کی۔

Presented by www.ziaraat.com

ومن عصاك عصاني خرجه أبوبكر الاسماعيلي في معجمه وخرجه الخجندي بزيادة ولفظه من أطاعني فقد أطاع الله ومن أطاعك فقد أطاعني ومن عصاني فقد عصى الله ومن عصاك فقد عصاني ؛ وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يا علي من فارقني فقد فارق الله ومن فارقك فقد فارقني خرجه أحمد في المناقب والنقاش ؛ وعن عروة بن الزبير ان رجلا وقع في علي بن أبي طالب بمحضر من عمر فقال له عمر أتعرف صاحب هذا القبر هذا محمد بن عبدالله بن عبد المطلب وعلي بن أبي طالب بن عبد المطلب لا تذكر عليا الا بخير فانك ان تنقصه آذيت صاحب هذا في قبره صلى الله عليه وسلم خرجه أحمد في المناقب وابن السمان في الموافقة ؛

جس نے تمہاری نافرمانی کی۔ اس نے میری نافرمانی کی۔ خجندی نے زیادہ بیان کیا۔ اس کے الفاظ یہ ہیں جس نے میری طاعت کی۔ اس نے خدا کی طاعت کی۔ جس نے تمہاری طاعت کی۔ اس نے میری طاعت کی۔ جس نے میری نافرمانی کی۔ اس نے خدا کی نافرمانی کی۔ اور جس نے تمہاری نافرمانی کی۔ اس نے میری نافرمانی کی۔ ابوذر سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے علیؑ جو شخص آپ سے جدا ہوا وہ خدا سے جدا۔ جو تم سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا۔

عروہ بن زبیر سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عمر کی موجودگی میں علیؑ کے حق میں گستاخی کی آپ نے اس شخص سے کہا۔ اس قبر والے کو جانتے ہو۔ یہ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہیں۔ اور علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب ہیں۔ علیؑ کو اچھائی سے یاد کیا کرو۔ اگر علی کی شان میں گستاخی کروگے تو قبر میں سونے والے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دوگے۔

Presented by www.ziaraat.com

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعلی حبیبک حبیبی وحبیبی حبیب الله وعدوک عدوی وعدوی عدو الله والویل لمن ابغضک بعدی خرجه الحاکمی۔

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا۔ "تیرا دوست میرا دوست ہے میرا دوست خدا کا دوست ہے۔ تیرا دشمن میرا دشمن۔ میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔ میرے بعد جس شخص نے تم سے بغض رکھا۔ اس کے لئے ہلاکت ہے"

ذکر اختصاصه باخاء النبی صلی الله علیه وسلم

رسول اللہؐ کا علیؑ کو بھائی بنانا

عن ابن عمر قال آخی رسول الله صلی الله علیه وسلم بین اصحابه فجاء علی تدمع عیناه فقال یا رسول الله آخیت بین اصحابک ولم تواخ بینی وبین احد فقال له رسول الله صلی الله علیه وسلم انت اخی فی الدنیا والاخرة خرجه الترمذی وقال غریب والبغوی فی المصابیح فی الحسان: وعنه قال آخی رسول الله صلی الله علیه وسلم بین اصحابه حتی بقی علی وکان رجلا شجاعا ماضیا علی امره اذا اراد شیا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اما ترضی

ابن عمر سے مروی ہے۔ رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا۔ علیؑ اس حالت میں رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ آپکی آنکھوں سے آنسو جاری تھے عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ نے اپنے اصحاب کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا۔ لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ آنحضرت نے فرمایا! تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو۔ ابن عمر سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت نے صحابہ کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا۔ علی اکیلے رہ گئے۔ علیؑ بہت بہادر تھے۔ جس کام کو کرتے تھے۔ اُسے کر کے ہی چھوڑتے تھے۔

ان أكون أخاك قال بلى يا رسول الله
رضيت قال فأنت أخي في الدنيا والآخرة
خرجه الخلعي ؛ وعن علي انه كان يقول
أنا عبد الله وأخو رسوله لا يقولها
أحد غيري الا كذاب خرجه أبو عمر
وخرجه الخلعي وزاد وأنا الصديق
الاكبر ولقد صليت قبل الناس
بسبع سنين ؛ وعن علي قال طلبني
النبي صلى الله عليه وسلم فوجدني
في حائط نائما فضربني برجله وقال
قم فوالله لأرضينك أنت أخي وأبو
ولدي تقاتل على سنتي من مات على
عهدي فهو في كنز الجنة ومن مات
على عهدك فقد قضى نحبه ومن
مات محبك موتك ختم الله له بالأ
من والايمان ما طلعت شمس أو
غربت خرجه أحمد في المناقب ؛ وعن
علي قال جمع رسول الله صلى الله عليه
وسلم أو دعا بني عبد المطلب فيهم
رهط كلهم يأكل الجذعة ويشرب
الفرق قال فصنع لهم مدا من طعام

آنحضرتؐ نے آپؑ سے فرمایا۔
تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ
تم تمہارا بھائی ہو ہوں۔ عرض کیا
یا رسول اللہؐ راضی ہوں۔ فرمایا۔ تم
دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو
علیؑ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا۔
میں خدا کا بندہ ہوں۔ اس کے رسول
کا بھائی۔ میرے سوا اس بات کا
دعوی کرنے والا کذاب ہے خلعی نے
حدیث کے یہ الفاظ زیادہ بیان کئے
ہیں۔ "میں صدیق اکبر ہوں۔ سب
لوگوں سے سات سال پہلے میں
نے نماز پڑھی ہے علیؑ سے مروی
ہے۔ رسول اللہؐ نے مجھے تلاش کیا
مجھے ایک باغ میں سوتے ہوئے پایا۔
اپنے پاؤں سے جگایا۔ فرمایا۔ اُٹھو۔ تم
میرے بھائی ہو۔ میرے فرزندوں کے
باپ ہو۔ تم میری سنت پر جہاد کرو گے
جو شخص میرے عہد پر مر گیا وہ جنت
میں جائیگا جو شخص تمہارے عہد مر گیا۔ اس نے
اپنا عہد پورا کیا۔ تیری موت کے بعد جس نے
تم کو دوست رکھ کر انتقال کیا۔ اس کا اللہ
تعالیٰ خاتمہ امن اور ایمان کے ساتھ کریگا
علیؑ سے روایت ہے۔ رسول اللہؐ نے
اولاد عبد المطلب کو جمع کیا یا بلایا یا ایک
گروہ تھا۔ جو پورا اونٹ کھا جاتا تھا۔ اور پانی

کی مشک پی جاتا تھا۔ آنحضرتؐ نے ایک مد کا کھانا تیار کیا انہوں نے کھایا

Presented by www.ziaraat.com

فأكلوا حتى شبعوا قال وبقى الطعام كما هو كأنه لم يمس ثم دعا بغمر فشربوا حتى رووا وبقي الشراب كأنه لم يمس أولم يشربوا فقال يا بني عبد المطلب انى بعثت اليكم خاصة والى الناس عامة وقد رأيتم من هذا الآية ما رأيتم فأيكم يبايعني على ان يكون أخي وصاحبي فلم يقم اليه أحد قال فقمت وكنت اصغر القوم قال اجلس ثم قال ذلك ثلاث مرات كل ذلك أقوم اليه فيقول اجلس حتى كان في الثالثة فضرب بيده على يدي خرجه أحمد في المناقب؛

وفي طريق آخر قال لما نزل قوله وأنذر عشيرتك الاقربين دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم رجالا من أهله ان كان الرجل منهم لآكلا جذعة وان كان لشاربا فرقا فقدم اليهم رجلا فأكلوا حتى شبعوا فقال لهم من يضمن عني ديني ومواعيدي ويكون

کھانا ویسے کا ویسا باقی رہا۔ پھر پانی طلب فرمایا۔ جسکو پی کر سب سیراب ہو پانی ویسے کا ویسا تھا۔ معلوم ہوتا تھا۔ کہ کسی نے اس کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔ پیا تک نہیں۔ اس کے بعد فرمایا۔ اے اولاد عبد المطلب میں خاص طور پر تمہاری طرف اور عام طور اور لوگوں کے پاس نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ آپ حضرات نے یہ معجزہ دیکھ لیا ہے کہ کھانا اور پانی استعمال کرنے کے بعد ویسے کا ویسا موجود ہے۔) آپ میں سے کون شخص اس بات پر میری بیعت کرتا ہے کہ وہ بھائی اور ساتھی ہو۔ کوئی شخص اس بات پر تیار نہ ہوا۔ صرف میں اس بات کے تیار ہوا۔ حالانکہ میں سب سے عمر میں چھوٹا تھا۔ آنحضرت نے مجھے فرمایا۔ تم بیٹھ جاؤ۔ رسول اللہ نے تین مرتبہ یہ اعلان فرمایا۔ میں ہر مرتبہ ساتھ دینے کے لئے تیار ہوتا تھا۔ مگر آنحضرت مجھے بٹھا دیتے تھے۔ تیسری مرتبہ آنحضرت نے میرے ہاتھ پہ مارا (مجھ سے بیعت لی)

ایک اور سلسلہ روایت میں لکھا ہے کہ جب آیت وانذر عشیرتک الاقربین اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ نازل ہوئی رسول اللہ نے اپنے رشتہ داروں کو بلایا۔ آپکی خدمت میں حاضر ہوئے کھانا کھا کر سیر ہوئے تو انہوں سے فرمایا اس بات کا کون ضامن ہوتا ہے کہ وہ میرا قرض ادا کرےگا اور میرے وعدے پورے کرےگا۔ وہ شخص میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔

Presented by www.ziaraat.com

معي في الجنة ويكون خليفتي في أهلي
فعرض ذلك على أهل بيته فقال أنا
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
تقضي ديني وتنجز مواعيدي خرجه
أحمد في المناقب ؛ وعن ابن عباس
وقد سُئل عن علي قال كان أشد نا
برسول الله صلى الله عليه وسلم
لزوما وأولنا به لحوقا خرجه ابن
الضحاك ؛ وعن عمر بن عبد الله
عن أبيه عن جده ان النبي صلى الله
عليه وسلم آخى بين الناس وترك
عليا حتى بقي آخرهم لا يرى له أخا
فقال يا رسول الله آخيت بين الناس
وتركتني قال ولم تراني تركتك انما
تركتك لنفسي أنت أخي وأنا أخوك
فان ذاكرك فقل أنا عبد الله و
أخو رسوله لا يدعيها بعدي الا
كذاب خرجه أحمد في المناقب ؛
وعن جابر قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم على باب الجنة
مكتوب لا اله الا الله محمد رسول الله

میرے رشتہ داروں میں میرا
خلیفہ ہوگا۔ آنحضرتؐ نے اپنے
رشتہ داروں پر یہ چیز پیش کی
صرف علیؑ نے عرض کیا میں یہ کام
سرانجام دوں گا۔ رسول اللہؐ
نے فرمایا۔ تم میرے قرض لوٹا دوگے
اور میرے وعدے پورے کروگے۔
ابن عباس سے مروی ہے آپ
سے علی کے بارے میں پوچھا گیا۔
آپ نے کہا اکثر رسول اللہ کے
ساتھ رہا کرتے اور سب سے پہلے
رسول اللہ کا ساتھ دیا۔
عبداللہ بن عمر اپنے باپ سے وہ
آپ کے دادا سے روایت کرتے
ہیں کہ رسول اللہؐ نے لوگوں میں بھائی
چارہ قائم کیا اور علیؑ کو کسی کا بھائی نہ بنایا
علیؑ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ نے
لوگوں کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا
مگر مجھے چھوڑ دیا ہے رسول اللہؐ نے فرمایا
میں نے تجھے اپنی ذات کیلئے بچا رکھا
ہے تم میرے بھائی ہو اور میں تیرا
بھائی ہوں۔ تم کہو میں خدا کا بندہ
ہوں اور اس کے رسول کا بھائی ہوں
میرے بعد اس بات کا دعوی صرف جھوٹا شخص
ہی کرے گا جابر سے روایت ہے رسول اللہؐ
نے فرمایا جنت کے دروازے پر لکھا ہوا ہے
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

علی أخو رسول اللّٰہ ﴿ وفی روایة مکتوب علی باب الجنة محمد رسول اللّٰہ علی أخو رسول اللّٰہ قبل أن یخلق السموات بالفی سنة خرجهما أبو أحمد فی المناقب ﴿ وخرج الاول الغسانی فی معجمه وقد تقدمت احادیث المؤاخاة بین الصحابة مستوعبا فی باب العشرة

علیؑ رسولؐ اللہ کے بھائی ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جنت کے دروازے پر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے محمدؐ رسول اللہ ہیں۔ اور علیؑ رسول اللہ کے بھائی ہیں۔ آسمانوں کو پیدا کرنے کے دو ہزار سال پہلے۔

ذکر اختصاصه بأن اللّٰہ جعل ذریة نبیه فی صلبه

خدا نے رسول کی اولاد علیؑ کی صلب میں قرار دی

تقدم فی الذکر قبله قوله صلی اللّٰہ علیه وسلم أنت أخی و أبو ولدی ﴿ وعن عبد اللّٰہ بن عباس قال کنت أنا والعباس جالسین عند رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم اذ دخل علی بن أبی طالب فسلم فرد علیه رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم السلام وقام الیه وعانقه وقبل بین عینیه وأجلسه عن یمینه فقال العباس

رسولؐ نے علیؑ سے فرمایا۔ تم میرے بھائی ہو اور میرے فرزندوں کے باپ ہو۔ یہ حدیث پہلے ذکر ہو چکی ہے۔

عبد اللہ بن عباس سے مروی ہے کہ میں اور عباس رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر تھے۔ علیؑ تشریف لائے آنحضرت کو سلام کیا۔ آپ نے سلام کا جواب دیا۔ اٹھ کر آپ کو گلے لگایا۔ آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ دائیں طرف بٹھایا۔

Presented by www.ziaraat.com

يارسول الله أتحب هذا فقال
رسول الله صلى الله عليه وسلم
يا عم والله لله أشد حبا له مني
ان الله جعل ذرية كل نبي في
صلبه وجعل ذريتي في صلب هذا
خرجه أبو الخير الحاكمي

ذكر اختصاصه بانه مولى من النبي صلى الله عليه وسلم مولاه

عن رباح بن الحارث قال
جاء رهط الى علي بالرحبة فقالوا
السلام عليك يا مولانا قال و
كيف أكون مولاكم وأنتم عرب
قالوا سمعنا رسول الله صلى الله
عليه وسلم يقول يوم غدير خم من
كنت مولاه فعلي مولاه ؛ قال
رباح فلما مضوا تبعتهم فسألت
من هولاء قالوا نفر من الانصار
فيهم أبو أيوب الانصاري خرجه
أحمد وعنه قال بينا علي جالس
اذ جاء رجل فدخل عليه أثر السفر

عباس نے کہا یا رسول اللہ آپ
اس شخص کو دوست رکھتے ہیں۔
آپ نے اپنے چچا سے فرمایا۔ خدا مجھ
سے زیادہ آپ سے محبت
کرتا ہے۔ خدا نے ہر نبی کی اولاد
اس کی صلب میں قرار دی ہے
اور میری اولاد اس شخص (علیؑ)
کی صلب میں قرار دی ہے۔

جس کا نبیؐ مولا علیؑ اس کا مولا

رباح بن حارث سے مروی
ہے کہ مسجد کوفہ کے صحن میں ایک
گروہ حضرت علیؑ کی خدمت میں آیا
عرض کیا مولا آپ پر سلام ہو۔ فرمایا
تم عرب ہو میں تمہارا مولا کیسے ہو
گیا ہوں عرض کیا ہم نے غدیر خم
کے روز رسول اللہؐ سے سنا تھا۔
جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ مولا
ہیں۔ رباح نے کہا جب یہ لوگ
چلے گئے تو میں ان کے پیچھے چلا گیا۔
میں نے لوگوں سے پوچھا یہ کون
لوگ ہیں تو انہوں نے کہا۔ یہ
انصار ہیں ان میں ابو ایوب
انصاری بھی ہیں۔ رباح سے مروی
ہے کہ میں آپ کی خدمت میں بیٹھا تھا
ایک شخص خدمت میں حاضر ہوا جس پر سفر کے آثار
نمایاں تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

فقال السلام عليك يا مولاي
قال من هذا قال أبو أيوب الانصاري
فقال علي افرجوا له ففرجوا فقال
أبو أيوب سمعت رسول الله صلى
الله عليه وسلم يقول من كنت مولاه
فعلي مولاه خرجه البغوي في معجمه

وعن البراء بن عازب قال كنا عند
النبي صلى الله عليه وسلم في سفر
فنزلنا بغدير خم فنودي فينا
الصلاة جامعة وكسح لرسول
الله صلى الله عليه وسلم تحت شجرة
فصلى الظهر وأخذ بيد علي و
قال ألستم تعلمون اني أولى
بالمؤمنين من أنفسهم قالوا بلى
فاخذ بيد علي وقال اللهم من كنت
مولاه فعلي مولاه اللهم وال من
والاه وعاد من عاداه قال فلقيه
عمر بعد ذلك فقال هنيئا لك يا
ابن أبي طالب اصبحت وأمسيت
مولى كل مؤمن ومؤمنة ٭ وعن
زيد بن ارقم مثله خرجه احمد في

عرض کیا میرے مولا آپ پر سلام
ہو۔ پوچھا کون ہے کہا ابو ایوب
انصاری ہیں۔ علی علیہ السلام نے فرمایا۔
آپ کو جگہ دے دو۔ انہوں نے
جگہ دے دی ابو ایوب انصاری نے
کہا۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے
سنا جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ
مولا ہیں۔

براؑ بن عازب کا بیان ہے۔ میں
رسول اللہؐ کے ساتھ سفر میں تھا غدیر خم
کے مقام پر قیام کیا۔ نماز جامعہ کا
اعلان ہوا۔ درخت کے نیچے رسول
اللہؐ کے لئے جگہ صاف کی گئی۔ آپ نے
ظہر کی نماز پڑھی۔ علیؑ کے ہاتھ پکڑ کر
فرمایا کیا تم نے جانتے کہ میں مومنین
کی جان کا مالک ہوں عرض کیا ایسا ہی ہے فرمایا
جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ مولا ہیں
اے معبود! تو اس کو دوست رکھ جو
علیؑ کو دوست رکھے جو علی کو دوست
رکھے۔ اور اس کو دشمن رکھ جو علیؑ
کو دشمن رکھے۔ اس کے بعد علیؑ سے
عمر نے عرض کیا۔ ابو طالب کے
فرزند آپ کو مبارک ہو آپ
ہر مومن اور مومنہ کے مولا
ہو گئے۔

Presented by www.ziaraat.com

مسنده وخرج الاول ابن السمان و
خرج أحمد في كتاب المناقب معناه
عن عمر وزاد بعد قوله وعاد من
عاداه وانصر من نصره وأحب من
أحبه قال شعبة أو قال أبغض من
أبغضه وخرج ابن السمان عن
عمر منه من كنت مولاه فعلي
مولاه وخرجه المخلص الذهبي
عن حبشي بن جنادة وقال بعد وانصر
من نصره وأعن من أعانه ولم يذكر
ما بعده ٭ وعن أبي الطفيل قال قال
علي أنشد الله كل امرئ سمع رسول
الله صلى الله عليه وسلم يقول يوم
غدير خم لما قام فقام ناس فشهدوا
انهم سمعوه يقول ألستم تعلمون
أني أولى بالمؤمنين من أنفسهم
قالوا بلى يا رسول الله قال من كنت
مولاه فان هذا مولاه اللهم وال من
والاه وعاد من عاداه فخرجت وفي
نفسي من ذلك شئ فلقيت زيد بن
أرقم فذكرت ذلك له قال قد سمعنا

زید بن ارقم نے اس طرح بیان
کیا۔ عمر کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ
ہیں۔ "تو اس کو دشمن رکھ جو علیؑ کو
دشمن رکھے اسکی مدد کر جو علیؑ کی مدد کرے
اس کو دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھے
شعبہ نے کہا یا یہ کہا اس سے بغض رکھ
جو علیؑ سے بغض رکھے۔"
ابن سمان نے عمر سے روایت کی
ہے جس کا میں مولا ہوں اس کے
علیؑ مولا ہیں۔ حبشی بن جنادہ سے
مروی ہے کہ آپ نے اس کے بعد فرمایا
اس کی مدد کر جو علیؑ کی مدد کرے۔
اس کی اعانت کر جو علیؑ کی اعانت
کرے۔ اس کے بعد کچھ بیان نہیں کیا
ابو طفیل نے کہا کہ علیؑ نے فرمایا میں ہر
آدمی کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں
جس نے غدیر خم کے مقام پر رسول اللہؐ
کا اعلان سنا ہو وہ اس بات سے آگاہ
کرے، گواہوں نے گواہی دی کہ ہم نے
رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا تھا "کیا تم
نہیں جانتے کہ میں مومنین کی جان کا مالک ہوں۔
انہوں نے کہا ہاں ایسا ہے یا رسول اللہ فرمایا
جسکا میں مولا ہوں اس کے یہ علی مولا ہیں۔
اے معبود! تو اسے دوست رکھ جو اسے
دوست رکھے تو اسے دشمن رکھ جو اسے
دشمن رکھے میرے دل میں کچھ اطمینان نہ ہوا تھا

میں نے زید بن ارقم سے ملا اس سے یہ واقعہ بیان کیا۔ اس نے کہا میں نے یہ حدیث آنحضرت

من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقول ذلک لہ قال أبو نعیم قلت
لفطر یعنی الذی روی عنہ الحدیث کم
بین القول وبین موتہ قال مائۃ یوم
خرجہ أبو حاتم وقال یرید موت
علی بن أبی طالب وخرج الترمذی عنہ
من ذلک من کنت مولاہ فعلی مولاہ
وقال حسن غریب وخرجہ أحمد عن
سعید بن موھب ولفظہ قال نشد
علی فقام خمسۃ أو ستۃ من اصحاب
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فشھدوا ان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال
من کنت مولاہ فعلی مولاہ ۔ وعن
زید بن أرقم قال استنشد علی الناس
فقال أنشد اللہ رجلا سمع النبی
صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کنت
مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من
والاہ وعاد من عاداہ فقام ستۃ
عشر رجلا فشھدوا ۔ وعن زیاد
بن أبی زیاد قال سمعت علی بن أبی
طالب ینشد الناس فقال أنشد اللہ

حدیث سنی ہے۔ ابو نعیم کا بیان
ہے کہ میں نے راوی حدیث فطر
سے پوچھا کہ اس حدیث کے بیان کرنے
اور حضرت علی کی مدت کے درمیان
کتنا فاصلہ ہے۔ کہا سو دن کا وقفہ
ہے۔ ابو حاتم نے کہا مدت سے علیؑ
کی موت مراد ہے۔ ترمذی نے
من کنت مولاہ کی حدیث کو
حسن غریب کہا ہے۔ سعید بن وھب
نے کہا۔ کہ حضرت علی علیہ السلام نے
لوگوں سے قسم دے کر پوچھا۔ پانچ
یا چھ صحابی اٹھ کر کھڑے ہو گئے
اور انہوں نے گواہی دی کہ ہم نے
من کنت مولاہ والی حدیث رسول اللہ صؐ
سے سنی تھی۔ زید بن ارقم سے مروی
ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے لوگوں
کو قسم دے کر پوچھا۔ کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس کس
نے یہ حدیث سنی تھی جس کا میں مولا ہوں
اس کے علیؑ مولا ہیں۔ اے اللہ تو اس
کو دوست رکھ جو علی کو دوست رکھے۔
اور تو اس سے دشمنی کر جو علیؑ سے دشمنی
کرے۔ سولہ آدمیوں نے کھڑے ہو کر
اس بات کی گواہی دی کہ ہم نے یہ
حدیث سنی تھی۔

Presented by www.ziaraat.com

رجلا مسلما سمع رسول اللّٰہ صلی
اللّٰہ علیہ وسلم یقول یوم غدیر خم ما
قال فقام اثنی عشر رجلا بدریا فشہدوا
وعن بریدۃ قال غزوت مع علی
الیمن فرأیت منه جفوۃ فلما قدمت
علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
ذکرت علیا فتنقصته فرأیت وجه
رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یتغیر
وقال یا بریدۃ ألست أولی بالمومنین
من انفسهم قلت بلی یا رسول اللّٰہ
قال من کنت مولاہ فعلی مولاہ خرجه
أحمد ۞ وعن عمر أنه قال علی مولی
من کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
مولاہ ۞ وعن سالم قیل لعمر انك
تصنع بعلی شیأ ما تصنعه بأحد من
اصحاب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
قال انه مولای ۞ وعن عمر فقد جاءہ
اعرابیان یختصمان فقال لعلی اقض
بینهما یا ابا الحسن فقضی علی بینهما
فقال احدهما هذا یقضی بیننا فوثب
الیه عمر واخذ بتلبیبه وقال ویحك

زیاد بن ابی زیاد سے مروی ہے کہ
حضرت علیؑ نے لوگوں سے قسم دے
کر پوچھا۔ فرمایا میں مسلمان آدمی سے
قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ غدیر خم کے
مقام پر کس کس نے رسول
کو (من کنت) فرماتے ہوئے سنا تھا۔
بارہ بدری صحابہ نے کھڑے ہو کر کہا ہم نے
رسول اللہؐ سے یہ حدیث سنی تھی۔ بریدہ
سے روایت ہے میں نے علیؑ کے ساتھ مل
کر یمن کی جنگ لڑی تھی۔ آپ نے میرے ساتھ
زیادتی کی۔ جب میں جنگ سے واپس ہوا تو رسول اللہؐ
سے آپکی شکایت کی شکایت کے بعد رسول اللہؐ
کے چہرے کا رنگ بدل گیا فرمایا اے بریدہ
کیا میں تم لوگوں کی جان کا مالک نہیں ہوں
میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ آپ مالک ہیں۔
فرمایا جس کا میں مولا ہوں اُس کے علیؑ مولا
ہیں۔ عمر نے کہا جس کے رسول اللہؐ مولا ہیں۔
اس کے علیؑ مولا ہیں حضرت عمر سے کسی شخص نے پوچھا
کہ آپ جسقدر علیؑ کی عزت کرتے ہیں اسقدر کسی
اور صحابی کی نہیں کرتے کہا اس لئے کہ آپ میرے
مولا ہیں حضرت عمر کے پاس دو دیہاتی جھگڑا
لے کر آئے آپ نے علیؑ سے کہا دونوں کا فیصلہ
کیجئے آپ نے فیصلہ کیا۔ ایک کہنے لگا یہی
فیصلہ کیا ہے۔ حضرت عمر نے لپک کر
اس شخص کا گریبان پکڑ لیا۔ کہا تمہارے
لئے ہلاکت ہو جائے۔

Presented by www.ziaraat.com

اتدری من هذا هذا مولای ومولی کل مؤمن ومن لم یکن مولاه فلیس بمومن ؛ وعن وقد نازعه رجل فی مسئلة فقال بینی وبینک هذا الجالس واشار الی علی بن ابی طالب فقال الرجل هذا الابطن فنهض عمر عن مجلسه واخذ بتلبیبه حتی شاله من الارض ثم قال اتدری من صغرت مولای ومولی کل مسلم خرجهن ابن السمان

شرح :- غدیر خم موضع بین مکة والمدینة بالجحفة وبیان معنی الحدیث بیان متعلق من ذهب الی امامة علی رضی الله عنه والجواب عنه وحمل الحدیث علی المعنی المناسب لما تقدم فی امامة أبی بکر قد تقدم فی فصل خلافة أبی بکر

یہ کون شخص ہے۔ یہ میرے اور ہر مومن کے مالک ہیں۔ جو شخص آپ کو اپنا مالک تصور نہ کرے وہ مومن نہیں ہے۔ ایک شخص نے کسی مسئلہ میں حضرت عمر سے جھگڑا کیا۔ آپ نے کہا میرے اور میرے درمیان یہ بیٹھنے والا شخص فیصلہ کرے گا۔ آپ نے علیؑ کی طرف اشارہ کیا۔ اس شخص نے کہا یہ بڑے پیٹ والا فیصلہ کرے گا۔ حضرت نے اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کا گریبان پکڑ کر اچھال کر زمین پر گرا دیا اور کہا یہ میرے اور ہر مومن کے آقا ہیں۔ توضیح غدیر مکہ اور مدینہ کے درمیان جحفہ میں ایک جگہ ہے۔

ذکر اختصاصه بأنه من النبی صلی الله علیه وسلم وانه ولی کل مومن بعده

رسول اللہؐ کے بعد آپ ہر مومن کے آقا ہیں۔

قد تقدم طرف من أحادیثانه

Presented by www.ziaraat.com

من النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم؛ وعن عمران ابن حصین قال بعث رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم سریۃ واستعمل علیہا علیا قال فمضی علی السریۃ فاصاب جاریۃ فانکروا علیہ وتعاقد اربعۃ من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وقالوا اذا لقینا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اخبرناہ بما صنع علی فقال عمران وکان المسلمون اذا قدموا من سفر بدؤا برسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وسلموا علیہ ثم انصرفوا الی رحالھم فلما قدمت السریۃ سلموا علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقام احد الاربعۃ فقال یارسول الم تران علیا صنع کذا وکذا فاعرض عنہ ثم قام الثانی فقال مثل مقالتہ فاعرض عنہ ثم قام الثالث فقال مثل مقالتہ فاعرض عنہ ثم قام الرابع فقال مثل ما قالوا فاقبل الیہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم الغضب یعرف فی وجھہ فقال

عمران بن حصین سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت نے ایک لشکر علیؑ کی سرکردگی میں روانہ فرمایا۔ اس جنگ میں ایک لونڈی دستیاب ہوئی۔ جس کو حضرت علیؑ نے لے لیا۔ مگر رسول اللہؐ کے چار صحابہ نے اس پر اعتراض کیا۔ آپس میں طے کیا کہ جب رسول اللہؐ سے ملیں گے تو علیؑ کی شکایت کریں گے۔ عمران نے کہا جب مسلمان جنگ سے واپس آتے تو پہلے آنحضرتؐ کو سلام کرتے پھر اپنے گھروں کو جاتے جب لشکر واپس آیا تو آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ چار میں سے ایک نے کہا یارسول اللہؐ علیؑ نے فلاں فلاں زیادتی کی ہے۔ آنحضرتؐ نے اس سے رُخ موڑ لیا۔ دوسرے نے شکایت کی۔ اس سے یہی سلوک کیا۔ تیسرے کی شکایت پر یہی برتاؤ کیا۔ چوتھے آدمی نے اپنے تینوں ساتھیوں کی بات کی تائید کی۔ رسول اللہؐ اس شخص کی طرف متوجہ ہوئے آپ کے رُخ انور سے

ما تريدون من علي ثلاثا ان عليا
مني وأنا منه وهو ولي كل مومن بعدي
خرجه الترمذي وقال حسن غريب
وأبو حاتم وخرجه احمد وقال فيه فأ
قبل رسول الله صلى الله عليه وسلم
على الرابع وقد تغير وجهه فقال
دعوا عليا دعوا عليا علي مني وأنا منه
وهو ولي كل مومن بعدي ؛ وعن بريدة
قال بعث رسول الله صلى الله عليه
وسلم سرية وامر عليها رجلا وانا
فيها فأصبنا سبيا فكتب الرجل الى
رسول الله صلى الله عليه وسلم
ابعث لنا من يخمسه فقال فبعث
عليا وفي السبي وصيفة هي من أفضل
السبي قال فخمس وقسم قال فخرج
ورأسه يقطر قلنا يا أبا الحسن ما هذا
قال ألم تروا الى الوصيفة التي كانت
في السبي فاني قسمت وخمست فصارت
في الخمس ثم صارت في أهل بيت
النبي صلى الله عليه وسلم ثم صارت
في آل علي ووقع بها فكتب الرجل

ناراضگی کے آثار نمایاں تھے۔
تین دفعہ فرمایا علیؑ سے کیا چاہتے
ہو۔ علیؑ مجھ سے ہے میں
علیؑ سے ہوں۔ علیؑ میرے بعد
ہر مومن کے آقا ہیں۔ ترمذی
نے بیان کیا کہا یہ حدیث حسن غریب
ہے۔ امام احمد حنبل نے یوں بیان
کیا ہے کہ رسول اللہ چوتھے شخص
کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ
کے چہرے مبارک کا رنگ بدلا
ہوا تھا۔ فرمایا علیؑ کو چھوڑ دو۔
علیؑ کو چھوڑ دو (دو دفعہ فرمایا)
علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے
ہوں۔ وہ میرے بعد ہر مومن کے
سردار ہیں۔ بریدہ سے مروی
ہے۔ رسول اللہ نے ایک شخص
کی سرکردگی لشکر روانہ کیا میں
اس لشکر میں شامل تھا۔ قیدی ہاتھ آئے۔
ہمارے قائد نے رسول اللہ کی خدمت میں لکھا
کہ کسی شخص کو ہمارے پاس بھیجو جو اس مال سے
خمس نکالے آنحضرت نے علیؑ کو بھیجا قیدیوں
میں ایک خوبصورت لونڈی تھی۔ علیؑ نے خمس
نکال کر مال تقسیم کیا۔ باہر تشریف لائے آپ
کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے۔ ہم لوگوں نے کہا
یا ابو الحسن یہ کیا ہوا فرمایا قیدیوں میں لونڈی
نہیں دیکھتے میں نے مال تقسیم کیا۔ لونڈی خمس
میں آ گئی پھر

Presented by www.ziaraat.com

الى النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت
البعثۃ مصدقا قال فجعلت اقرأ الکتاب
واقول صدق قال فامسک یدی
والکتاب وقال تبغض علیا قلت نعم
قال فلا تبغضه وان کنت تحبه فازدد له
حبا فوالذی نفسی بیده لنصیب
آل علی فی الخمس افضل من وصیفة
قال فما کان من الناس احد بعد
قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
احب الی من علی وفی روایۃ فلما
اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ودفعت
الکتب نقری علیہ فرأیت الغضب
فی وجهه صلی اللہ علیہ وسلم فقلت
یا رسول اللہ هذا مکان العائذ
بعثتنی مع رجل وامرتنی ان اطیعه
ففعلت ما امرت فقال رسول اللہ صلی
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقع فی علی
فانه منی وانا منه وهو ولیکم بعدی
خرجها احمد وعنه قال بعث رسول
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیا علی خالد لیقبض الخمس فکنت

میں یہ خط لے کر آنحضرتؐ کی
خدمت میں آیا۔ عرض کیا مجھے بطور
مصدق کے روانہ کیا ہے۔ میں خط
پڑھتا جاتا تھا۔ اور ساتھ ہی اس
کی تصدیق کرتا جاتا تھا۔ راوی کا
بیان ہے۔ کہ رسول اللہؐ نے میرا ہاتھ
پکڑ لیا اور خط لے آیا۔ فرمایا۔
تم علیؑ سے بغض رکھتے ہو۔ میں نے
کہا۔ ہاں ایسا ہی ہے۔ فرمایا علیؑ
سے بغض رکھتے ہو۔ میں نے کہا۔
ہاں ایسا ہی ہے۔ فرمایا اس سے بغض
نہ رکھا کرو۔ اگر آپ سے محبت
کرتے ہو۔ تو اس میں اضافہ کرو۔
قسم ہے۔ اس ذات کی جس کے
قبضے میں میری جان ہے۔ اولاد
علیؑ کا خمس میں حصہ لونڈی سے بڑھ کر
ہے۔ رسول اللہؐ کے فرمان کے بعد علیؑ سب سے
زیادہ میرے محبوب تھے۔ ایک روایت
میں یوں ہے۔ میں بُریدہ رسول اللہؐ کی خدمت میں
حاضر ہوا خط آپ کے حوالے کیا خط آپ کے
سامنے پڑھا گیا۔ میں نے آنحضرتؐ کے
رخ انور میں ناراضگی کے آثار دیکھے عرض
کیا۔ یا رسول اللہؐ میں پناہ مانگتا ہوں۔
آپ نے مجھے ایک شخص کے ساتھ بھیجا۔
میں نے آپ کے ارشاد کی تعمیل کی رسول اللہؐ
نے فرمایا علیؑ کے درپے نہ ہو وہ مجھ سے
ہے۔ اور میں اس سے ہوں۔ بریدہ سے روایت
ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے خمس لینے کے لئے علیؑ کو
خالد کے پاس بھیجا میں علیؑ سے بغض رکھتا تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

أبغض عليا فاصطفى منه سبية فأصبح
وقد اغتسل فقلت لخالد أما ترى الى
هذا فلما قدمنا على النبي صلى الله
عليه وسلم ذكرت ذلك له فقال
يا بريدة أتبغض عليا قلت نعم قال
لا تبغضه فأن له في الخمس أكثر من
ذلك أخرجه البخاري ٭ وعنه
عن النبي صلى الله عليه وسلم من كنت
وليه فعلي وليه أخرجه أبو حاتم ٭
وعن علي قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم اذا جمع الله الاولين
والآخرين يوم القيامة ونصب الصراط
على جسر جهنم ما جازها حتى كانت
معه براءة بولاية علي بن أبي طالب
أخرجه الحاكمي في الاربعين والمراد
بالولاية والله أعلم الموالاة والنصرة
والمحبة ٭ وعن ابن مسعود قال
أنا رأيت رسول الله صلى الله عليه
وسلم اخذ بيد علي وقال هذا
ولي وأنا وليه واليت من والاه
وعاديت من عاداه أخرجه الحاكمي

علیؑ نے خمس سے ایک لونڈی چن
لی۔ صبح کو علیؑ نے غسل کیا۔ میں نے
خالد سے کہا۔ اس شخص کو دیکھو اس
نے کیا کیا ہے؟ جب ہم رسول اللہؐ
کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ کو
اس بات سے آگاہ کیا۔ مجھ سے فرمایا
تم علیؑ سے بغض رکھتے ہو؟ میں نے
عرض کیا ہاں۔ فرمایا علیؑ سے بغض
نہ رکھو۔ علیؑ کا خمس میں اس سے
بھی زیادہ حق ہے۔ بریدہ آنحضرت
سے یہ روایت کرتے ہیں کہ آپ
نے فرمایا۔ جس کا میں ولی ہوں اُسکے
علیؑ ولی ہیں۔ علیؑ سے روایت ہے
کہ رسول اللہؐ نے فرمایا جب قیامت
کا روز ہوگا۔ تو خداوند اولین اور
آخرین کو جمع کریں گے۔ اور جہنم کو
پل صراط کو نصب کریگا جب تک علیؑ
کی ولایت کا ٹکٹ نہیں ہوگا۔ کوئی
شخص اس کو عبور نہیں کر سکے گا۔ ولایت
سے مراد موالات، نصرت اور محبت
ہے۔ واللہ اعلم۔ ابن مسعود سے مروی
ہے کہ رسول اللہؐ نے علیؑ کا ہاتھ پکڑ
کر فرمایا۔ یہ میرا ولی ہے اور میں اس کا ولی
ہوں میں اس کو دوست رکھتا ہوں۔
جو اس کو دوست رکھتا ہے۔ میں اس سے
دشمنی کرتا ہوں جو اس سے دشمنی کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر حق علی علی المسلمین

عن عمار بن یاسر و ابی ایوب قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق علی علی المسلمین حق الوالد علی الولد خرجہ الحاکمی۔

وعن ابی مقدم صالح قال لما حضر عبداللہ بن عباس الوفاة قال اللھم انی اتقرب الیک بولایة علی بن ابی طالب خرجہ احمد فی المناقب۔ الکلام علی ھذا الحدیث وبیان متعلق الرافضة منه والجواب منه والجمع بینه وبین ما تقدم فی خلافة ابی بکر تقدم فی فصل خلافة ابی بکر۔

ذکر اختصاصه بان جبریل منه

عن ابی رافع قال لما قتل علی اصحاب الالویة یوم احد قال جبریل یا رسول اللہ ان ھذہ لھی المواساة فقال له النبی صلی اللہ علیه وسلم انه منی وانا منه فقال جبریل وانا

مسلمانوں پر علیؑ کا حق

عمار یاسرؓ اور ابو ایوبؓ روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ علیؑ کا مسلمانوں پر اسقدر حق ہے جس قدر والد کا بیٹے پر۔ ابو مقدام صالح بیان کرتے ہیں۔ کہ جب عبداللہ بن عباس کی موت کا وقت قریب آیا۔ تو کہا اے پالنے والے میں علیؑ بن ابی طالب کی ولایت کا واسطہ دے کر تیرا قرب چاہتا ہوں۔

جبرائیلؑ علیؑ سے ہیں

ابو رافع سے روایت ہے کہ احد کی لڑائی میں جب علیؑ اصحاب الویہ کو قتل کیا جبرائیل نے عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ اس کو مواسات کہتے ہیں۔ فرمایا کیوں نہ ہو۔ فرمایا علیؑ مجھ سے ہے۔ اور میں اس سے ہوں۔ جبرائیل نے کہا۔ یا رسول اللہؐ میں تم دونوں سے ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

منكما يا رسول الله خرجه أحمد في المناقب،

ذكر اختصاصه تبارك وتعالى تأييد الله نبيه صلى الله عليه وسلم به وكتبه ذلك على ساق العرش وعلى بعض الحيوان

عن أبي الحمراء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة أسري بي الى السماء نظرت الى ساق العرش الايمن فرأيت كتابا فهمته محمد رسول الله أيدته بعلي ونصرته به خرجه الملا في سيرته

وعن ابن عباس كنا عند النبي صلى الله عليه وسلم فاذا الطائر في فيه لوزة خضراء فألقاها في حجر النبي صلى الله عليه وسلم فقبلها ثم كسرها فاذا في جوفها دودة خضراء مكتوب فيها بالاصفر لا اله الا الله محمد رسول الله نصرته بعلي خرجه أبو الخير

خداوند تعالیٰ کا نبیؐ کی علیؑ کے ذریعہ مدد کرنا

عرش اور بعض حیوانوں پر اس کا لکھا ہوا ہونا

ابوالحمراء سے مروی ہے۔ کہ رسول اللہؐ نے نے فرمایا۔ میں نے شب معراج میں عرش کی دائیں طرف دیکھا۔ ایک کتاب کو دیکھا جس میں لکھا ہوا تھا۔ میں نے علیؑ کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد اور نصرت کی۔

ابن عباس سے مروی ہے۔ کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ اچانک ایک پرندہ آیا جس کے منہ میں سبز بادام تھا۔ اس نے اس کو نبیؐ کی گود میں گرا دیا۔ آنحضرتؐ نے اس کو اٹھا کر چوما اور پھر توڑا۔ اس سے ایک سبز رنگ کا ایک کیڑا نکلا۔ جس پر زرد رنگ سے یہ لکھا ہوا تھا۔ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمد رسول اللہ ہیں۔ میں نے آپ کی علیؑ کے ذریعے مدد کی۔

القزويني الحاكمي.

ذكر اختصاصه بالتبليغ عن النبي صلى الله عليه وسلم

عن أبي سعيد أو أبي هريرة قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم أبا بكر فلما بلغ ضجنان سمع بغام ناقة علي فعرفه فأتاه فقال ما شأني قال خير إن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعثني ببراءة فلما رجعنا انطلق ابوبكر الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال له يا رسول الله ما لي قال خير انت صاحبي في الغار غير انه لا يبلغ غيري او رجل مني يعني عليا۔

(شرح) بغام الناقة صوت لا تفصح به تقول منه بغمت تبغم بالكسر وبغمت الرجل اذا لم تفصح له عن معنى ما تحدثه. ضجنان جبل بناحية مكة وعن جابر انهم حين رجعوا من الجعرانة الى المدينة بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم ابا بكر على الحج فاقبلنا

علیؑ کا نبیؐ کی جانب تبلیغ کرنا

ابوسعید یا ابوھریرہ سے مروی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر کو روانہ مکہ کی طرف کیا جب ہم ضجنان میں پہنچے تو علیؑ کی اونٹنی کی آواز سنائی دی حضرت ابوبکر اونٹنی کی آواز کو پہچان کر آپ کے پاس آئے پوچھا میرے بارے کیا حکم ہے فرمایا بھلائی ہے۔ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ برات دے کر بھیجا ہے جب ہم مدینہ میں واپس آئے تو ابوبکر رسول اللہؐ کی خدمت میں گئے اور عرض کیا۔ یارسول اللہؐ میرے بارے میں کوئی حکم نازل ہوا ہے۔ فرمایا بھلائی ہے۔ تم میرے غار کے ساتھی ہو۔ میرا پیام غیر نہیں پہنچا سکتا۔ میرا اپنا یعنی علیؑ ہی یہ کام کرسکتا ہے۔ ضجنان مکہ کے علاقہ کی پہاڑی کا نام ہے۔ جابرؓ سے روایت ہے کہ جب یہ لوگ انہ سے مدینہ واپس آئے تو رسول اللہؐ نے ابوبکر کو حج

Presented by www.ziaraat.com

معه حتى اذا كان بالعرج ثوب بالصبح
فلما استوى بالتكبير سمع الرغوة خلف
ظهره فوقف على التكبير فقال هذه
رغوة ناقة رسول الله صلى الله عليه
وسلم فلعله ان يكون رسول الله صلى
الله عليه وسلم فنصلى معه فاذا علي
عليها فقال له ابو بكر امير ام رسول
فقال لا بل رسول ارسلني رسول الله
صلى الله عليه وسلم ببراءة اقرؤها
على الناس في مواقف الحج فقدمنا
مكة فلما كان قبل التروية بيوم قام
ابو بكر فخطب الناس حتى اذا فرغ قام
علي فقرأ براءة حتى ختمها ثم خرجنا
معه حتى اذا كان يوم عرفة قام ابو بكر
فخطب الناس فعلمهم مناسكهم حتى اذا
فرغ قام علي فقرأ على الناس براءة
حتى ختمها ثم كان يوم النحر فافضنا
فلما رجع ابو بكر خطب الناس فحدثهم
عن افاضتهم وعن نحرهم وعن مناسكهم
فلما فرغ قام علي فقرأ على الناس
براءة حتى ختمها فلما كان يوم النفر

پر روانہ کیا۔ ہم لوگ آپ کے
ساتھ تھے۔
عرج پر وارد ہوئے۔ صبح کی اذان
ہوئی۔ تکبیر کہنے لگے۔ اپنے پیچھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی
کی آواز سنی۔ آپ نماز پڑھانے سے
رک گئے۔ خیال کیا ممکن ہے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود ہوں اور
ہم آپ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔
اچانک علیؑ تشریف لائے۔ آپ سے
ابوبکر نے پوچھا۔ امیر بن کر آئے ہو
یا پیام رساں ہو کر آئے ہو۔ فرمایا
پیام رساں ہو کر آیا ہوں۔ مجھے رسول
اللہ نے سورہ برات دے کر بھیجا ہے
میں مواقف حج میں یہ آیات لوگوں
کو سناؤں گا۔ ہم لوگ مکہ میں
آ گئے۔ ترویہ کے روز سے ایک
دن پہلے ابوبکر نے لوگوں کو خطبہ دیا۔
اور ان کو حج کے احکام تعلیم فرمائے
پھر علی نے لوگوں کو سورہ برات
پڑھ کر سنائی۔ قربانی کے روز ہم نے
افاضہ کیا۔ جب ابوبکر واپس آئے
تو لوگوں کو افاضہ، قربانی اور احکام
حج کی تعلیم دی۔

Presented by www.ziaraat.com

الاول قام ابوبکر فخطب الناس فحدثهم
کیف ینفرون وکیف یرمون وعلمهم
مناسکهم فلما فرغ قام علی فقرأ
علی الناس براءة حتی ختمها خرجهما
ابوحاتم وخرج الثانی النسائی
(شرح) الجعرانة، موضع
بقرب مکة معروف یعتمر منه
أهل مکة فی کل عام مرة فی ذی
القعدة لان النبی صلی الله علیه وسلم
اعتمر منها بعد مرجعه من الطائف
لثنتی عشرة لیلة بقیت من القعدة و
فیها لغتان اسکان العین والتخفیف
وکسرها مع تشدید الراء، والعرج
منزل بطریق مکة والیه ینسب العرجی
الشاعر وهو عبدالله بن عمر بن عثمان
بن عفان ذکره الجوهری والصواب
عبدالله بن عمر بن عمرو بن عثمان بن
عفان - والتثویب - فی الصبح أن یقول
الصلاة خیر من النوم ثم قد یراد به
الایذان بالصلاة ولعله المراد هنا
والرغوة - والرغا بمعنی وهو صوت

جب ابوبکر فارغ ہو گئے تو علیؑ
نے سورہ برأت پڑھ ختم کی جب
پہلے کوچ کا علم ہوا۔ تو ابوبکر نے
کھڑے ہو کر خطبہ دیا۔ اور لوگوں
کو سمجھایا کس طرح کوچ کرنا چاہئے
اور کس طرح پتھر مارنے چاہئیں۔
لوگوں کو احکام حج کی تعلیم دی
آپ کے فارغ ہونے کے بعد
علیؑ نے لوگوں کو سورہ برات پڑھ
کر سنائی۔
شرح انہ ایک جگہ کا نام ہے۔
جو مکہ کے قریب ہے اور مشہور ہے
اہل مکہ ہر سال وہاں سے ماہ
ذیقعد میں عمرہ کی نیت کرتے
ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے طائف سے واپسی پہ وہاں
سے نیت کی تھی۔ ماہ ذیقعد کی بارہ
راتیں باقی تھیں۔ عرج مکہ کی راہ
میں ایک منزل کا نام ہے۔
عبداللہ بن عمر بن عثمان بن عفان عرجی
شاعر اس کی طرف منسوب ہے جس کو
جوہری نے ذکر کیا۔ آپکا درست سلسلہ نسب
یوں ہے۔ عبداللہ بن عمر بن عمرو بن عثمان بن عفان
تثویب فی الصبح کے معانی الصلوۃ خیر
من النوم کہنا ہے۔ کبھی کبھی نماز کی اذان مراد
لی جاتی ہے یہاں یہی مراد ہے۔
اونٹ کی زور دار آواز کو کہتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ذوات الخف يقول رغا البعير يرغو رغاء اذا ضج ۞ وعن علی رضی الله عنه قال لما نزلت عشرة آيات من براءة علی النبی صلی الله علیه وسلم دعا النبی صلی الله علیه وسلم ابا بکر فبعثه بها ليقرأها علی اهل مکة ثم دعانی فقال لی ادرک ابا بکر فحيثما لقيته فخذ الکتاب فاذهب به الی اهل مکة فاقرأه عليهم فلحقته بالجحفة فاخذت الکتاب منه ورجع ابوبکر الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال يا رسول الله نزل فی شیٔ قال لا جبريل جاءنی فقال لن يؤدی عنک الا انت او رجل منک

(شرح) قوله فرجع ابوبکر الظاهر ان رجوعه کان بعد مرجعه من الحج يشهد له الحديث المتقدم واطلق عليه لفظ الرجوع لوجود حقيقة الرجوع فيه جمعا بينهما ۞ وعنه ان النبی صلی الله علیه وسلم حين بعثه ببراءة قال يا رسول الله انی لست باللسن ولا

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سورہ برأت کی دس آیات نازل ہوئیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو بلا کر آیات آپ کے حوالے کیں۔ تاکہ آپ اہل مکہ کے پاس جاکر یہ آیات ان کو سنائیں۔ پھر آنحضرتؐ نے مجھے بلا کر کہا۔ جہاں بھی ابوبکر ملیں ان سے آیات کو لے لو اور خود جاکر اہل مکہ کو سناؤ۔ میں نے جحفہ میں آپ کو جالیا۔ اور میں نے آیات کو لے لیا۔ ابوبکر واپس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے عرض کیا۔ یا رسول اللہ میرے بارے میں کوئی حکم نازل ہوا ہے۔ فرمایا نہیں بلکہ جبرائیل آئے تھے۔ کہ ان آیات کو تم خود پہنچاؤ یا وہ شخص پہنچائے جو تم میں سے ہو۔

شرح۔ حضرت ابوبکر حج کرکے واپس رسول اللہ کی خدمت میں آئے۔ تحفے حقیقت یہ ہے کہ آپ راستے سے واپس آگئے تھے حج نہیں کیا تھا۔

علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ کہ جب رسول اللہ نے آپ کو سورہ برأت دے کر بھیجا تو آپ نے آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ

بالخطيب قال ما بد لي أن يذهب بها أنا أو تذهب بها أنت قال فإن كان ولا بد فاذهب أنا قال انطلق فإن الله يسدد لسانك ويهدي قلبك قال ثم وضع يده على فمه خرجها أحمد

وعن حبشي بن جنادة وكان قد شهد حجة الوداع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم علي مني وأنا منه ولا يؤدي عني إلا أنا أو علي خرجه الحافظ السلفي ....

میں کوئی مقرر یا خطیب نہیں ہوں آپ خود تشریف لے جائیں اگر میرا جانا ضروری ہے تو پھر میں خود جاتا ہوں۔ رسول اللہ نے فرمایا تم جاؤ۔ خدا آپ کی زبان کو درست رکھے گا اور تمہارے دل کو ہدایت دیگا پھر رسول اللہ صلعم نے اپنا ہاتھ آپ کے دہن اقدس پر رکھ دیا۔ حبشی بن جنادہ سے مروی ہے کہ میں حجۃ الوداع کے موقع پر موجود تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں۔ میں خود تبلیغ کروں یا علیؑ تبلیغ کرے ......

ذكر اختصاصه بإقامة النبي صلى الله عليه وسلم إياه مقامه في نحر بقية بدنه وإشراكه إياه في هديه صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ کا اپنے قربانی کے جانور کا علیؑ سے نحر کروانا اور آپ کو اپنی قربانی میں شریک کرنا

عن جابر حديثه الطويل وفيه فنحر رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثا وستين بدنة بيده وأعطى عليا فنحر ما غبر منها وأشركه في هديه ثم أمر من كل بدنة ببضعة فجعلت في قدر فطبخت فأكلا من لحمها وشربا من مرقها أخرجه مسلم

جابر سے طویل حدیث منقول ہے کہ رسول اللہ نے ۶۳ اونٹ اپنے ہاتھ سے نحر کیئے ان کے علاوہ جو باقی بچ گئے وہ علیؑ کو نحر کرنے کے لیئے عطا فرمائے اور آپ کو اپنی قربانی میں شریک کیا پھر آپ کو حکم دیا کہ ہر ایک اونٹ سے کچھ گوشت لے کر ہنڈیا میں ڈال کر پکایا جائے۔ جب گوشت گل گیا تو دونوں نے گوشت کھایا اور شوربا پی لیا۔

Presented by www.ziaraat.com

ذكر اختصاصه بالقيام على بدن رسول الله صلى الله عليه وسلم

عن علي أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان أقوم على بدنه وان أتصدق بلحمها وجلودها وان لا أعطي الجزار منها شيا

رسول اللہ کی طرف سے علیؑ کا قربانی کرنا

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے قربانی کے جانور ذبح کرنے کا حکم دیا کہ میں اس کے گوشت اور چمڑے کو صدقہ کے طور پر دے دوں اور ذبح کرنے والے کو اس میں سے کوئی چیز نہ دوں ۔

ذكر اختصاصه بأنه لا يجوز أحد الصراط الا من كتب له علي الجواز

عن قيس بن حازم قال التقى أبو بكر الصديق وعلي بن أبي طالب فتبسم أبو بكر في وجه علي فقال له مالك تبسمت قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يجوز أحد الصراط الا من كتب له علي الجواز أخرجه ابن السمان في الموافقة

علیؑ کے ٹکٹ کے سوا کوئی شخص پل صراط عبور نہیں کر سکے گا

قیس بن حازم نے کہا، ابوبکر اور علیؑ کی آپس میں ملاقات ہو گئی۔ علیؑ کو حضرت ابوبکر نے دیکھا اور مسکرا دیا۔ علیؑ نے پوچھا آپ کیوں مسکراتے ہیں۔ کہا کہ میں نے رسول اللہ سے فرماتے سنا کہ کوئی شخص پل صراط عبور نہیں کر سکے گا جب تک علیؑ اس کو ٹکٹ نہ دیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر اختصاصه بمغفرة من الله يوم عرفة

عن فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم عشية عرفة فقال ان الله عزوجل قد باهى بكم و غفر لكم عامة ولعلى خاصة وانى رسول الله غير محاب بقرابتى خرجه احمد

خدا نے علیؑ کو عرفہ کے روز بخش دیا۔

فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے۔ کہ عرفہ کی رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے۔ فرمایا خداوند عالم آپ حضرت کے ذریعہ فخر کرتا ہے۔ آپ حضرات کو عام طور اور علیؑ کو خاص طور پر بخش دیا ہے۔

ذکر اختصاصه بسيادة العرب وحث الانصار على حبه

عن الحسن بن على قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ادعوا الى سيد العرب يعنى عليا قالت عائشة الست سيد العرب قال انا سيد ولد آدم و على سيد العرب فلما جاء ارسل الى الانصار فاتوه فقال لهم يا معشر الانصار الا ادلكم على ما ان تمسكتم به لن تضلوا بعدى ابدا قالوا بلى يا رسول الله قال هذا على فاحبوه بحبى واكرموه بكرامتى فان جبريل عليه السلام اخبرنى بالذى

علیؑ عرب کے سردار ہیں آنحضرت آپکی محبت پر انصار کو آمادہ کرنا۔

حسن بن علیؑ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا مجھے عرب کے سردار علیؑ کو بلا کر لا دو۔ عائشہ نے عرض کیا کہ آپ عرب کے سردار نہیں ہیں؟ فرمایا کہ میں تمہیں ایک شخص کے بارے میں

تشریف لائے تو انصار کو بلوا کر فرمایا۔ کہ میں تمہیں ایک ایسے شخص کے بارے میں بارے میں آگاہ کرتا ہوں اگر اسکا دامن پکڑو گے کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ فرمایا یا رسول اللہ ایسا کون شخص ہے؟ فرمایا تمہارے سامنے علیؑ موجود ہیں۔ میری محبت کی وجہ سے اس سے محبت کرو اور میری عزت کی وجہ سے اس کی عزت کرو۔ مجھے اس بات سے جبرائیل نے آگاہ کیا۔ اور میں نے تمہیں اللہ تعالیٰ کی جانب سے آگاہ کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

قلت لکم عن اللہ عزوجل خرجہ الفضائلی والخجندی والمراد سید شباب العرب لانہ تقدم فی خصائص أبی بکر انہ سید کہول العرب جمعا بین الحدیثین

آپ عرب کے جوانوں کے سردار ہیں۔ اور ابوبکر عرب کے بڈھوں کے سردار ہیں۔ اب دونوں حدیث میں اختلاف نہیں ہے۔

ذکر اختصاصہ بسیادۃ المسلمین وولایۃ المتقین وقیادۃ الغر المحجلین

علی مسلمانوں کے سردار، متقین کے ولی اور غر المحجلین کے قائد

عن عبد اللہ بن سعد بن زرارۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ أسری بی انتہیت الی ربی عزوجل فاوحی الی او امرنی شک الراوی فی علی بثلاث انہ سید المسلمین وولی المتقین وقائد الغر المحجلین خرجہ المحاملی ٭

عبداللہ بن سعد بن زرارہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب میں معراج کے موقعہ پر بارگاہ خداوندی میں حاضر ہوا۔ تو خدا نے مجھے وحی کی یا مجھے حکم دیا۔ راوی کو شک ہوا۔ کہ آپ نے کون سا لفظ فرمایا۔ علیؑ میں تین خصوصیات ہیں۔ آپ مسلمانوں کے سردار ہیں۔ متقی کے امام

عن عبید بن شریک العامری عن ابیه قال اتی علی بن ابی طالب فقیل ان ههنا قوما علی باب المسجد یزعمون انک ربهم فدعاهم فقال لهم ویلکم ما تقولون قالوا انت ربنا وخالقنا ورازقنا فقال ویلکم انما انا عبد مثلکم آکل الطعام کما تاکلون واشرب مما تشربون ان اطعته اثابنی ان شاء وان عصیته خشیت ان یعذبنی فاتقوا الله وارجعوا فابوا فطردهم

عبید بن شریک عامری نے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کیا کہ مسجد کے دروازے پر کچھ لوگ موجود ہیں جو کہتے ہیں کہ آپ ان کے رب ہیں۔ آپ نے ان کو بلایا اور فرمایا۔ تمہارے لئے ہلاکت ہو میرے بارے کیا کہتے ہو۔ کہنے لگے آپ ہمارے رب خالق اور رازق ہیں فرمایا تمہارے لئے ہلاکت ہو میں تمہاری طرح ایک بندہ ہوں میں اسی طرح کھاتا ہوں جسطرح تم کھاتے ہو اور اسطرح پیتا ہوں جسطرح تم پیتے ہو اگر میں خدا کی اطاعت کرونگا اگر وہ چاہے گا تو مجھے ثواب دے گا۔ اگر میں اس کی نافرمانی کروں تو مجھے ڈر لگتا ہے کہ وہ مجھے عذاب دیگا۔ خدا سے توبہ کرو اور ڈرو انہوں نے [illegible]

Presented by www.ziaraat.com

فلما كان من الغد غدوا عليه فجاء
قنبر فقال والله رجعوا يقولون
ذالك الكلام فقال ادخلهم على
فقالوا له مثل ما قالوا وقال لهم
مثل ما قال الا انه قال انكم ضالون
مفتونون فابوا فلما ان كان اليوم
الثالث أتوه فقالوا له مثل ذالك
القول فقال والله لئن قلتم لأ
قتلنكم بأخبث قتلة فأبوا الا ان
يتموا على قولهم فخد لهم أخدودا
بين باب المسجد والقصر وأوقد
فيه نارا وقال انى طارحكم فيها
أو ترجعون فأبوا فقذف بهم فيها
خرجه المخلص الذهبي وتزييدهم
محمول على الاستتابة واحراقهم
مع النهي عنه محمول على رجاء
رجوعهم أو رجوع بعضهم

آپ نے ان کو بھگا دیا۔ دوسرے روز
پھر صبح کو آ گئے قنبر حضرت کی خدمت
میں آیا عرض کیا وہ لوگ پھر آ گئے ہیں۔
خدا کی قسم پھر وہی بات کی جو پہلے روز کی تھی۔
آپ نے وہی پہلے والی بات فرمائی
صرف اور اتنا کہا تم گمراہ ہو اور بھٹکے
ہوئے ہو۔ انہوں نے آپ کی نصیحت
نہ مانی تیسرے روز پھر آ گئے وہی رٹ
لگائی۔ فرمایا اگر تمہارا یہی عقیدہ ہے تو
میں تمہیں بری طرح قتل کر دوں گا وہ
اپنی بات پر اڑے رہے حضرت نے
ان کے لئے مسجد کے دروازے
اور قصر کے درمیان خندقیں کھود ڈالیں۔
اور اس میں آگ جلوائی۔ فرمایا توبہ
کرو۔ ورنہ میں تمہیں آگ میں پھینک دوں گا۔
اپنی ضد پر قائم رہے۔ حضرت نے
انہیں آگ میں جھونک دیا۔

ذكر شبهه بخمسة من الانبياء عليهم السلام في مناقبهم

عن أبي الحمراء قال قال

"فضائل میں پانچ انبیاء کی مانند ہونا۔"

ابو الحمراء نے کہا۔ کہ رسول اللہ

Presented by www.ziaraat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اراد ان ینظر الی آدم فی علمہ والی نوح فی فہمہ والی ابراہیم فی حلمہ والی یحیی بن ذکریا فی زھدہ والی موسی بن عمران فی بطشہ فلینظر الی علی بن ابی طالب اخرجہ القزوینی الحاکمی ☆ وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من اراد ان ینظر الی ابراہیم فی حلمہ والی نوح فی حکمہ والی یوسف فی جمالہ فلینظر الی علی بن ابی طالب اخرجہ الملاء فی سیرتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص آدمؑ کا علم، نوحؑ کا فہم، ابراہیمؑ کا حلم، یحییٰ بن ذکریا کا زہد اور موسیٰ بن اور موسیٰ بن عمران کا البطش دیکھنا چاہئے۔ اس کو علی بن ابی طالب کی طرف دیکھنا چاہیئے۔ صرف اکیلے علی میں یہ تمام صفات موجود ہیں ☆ ابن عباسؓ نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ابراہیم کا علم، نوحؑ کا حکم اور یوسف کا جمال دیکھنا چاہے۔ اس کو علی کی طرف دیکھنا چاہیئے۔

ذکر رویتہ جبریل وکلام جبریل لہ علیہما السلام

آپ کا جبرئیل کو دیکھنا اور اس سے کلام کرنا۔

عن علی قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو مریض فاذا راسہ فی حجر رجل احسن ما رایت من الخلق والنبی صلی اللہ علیہ وسلم نائم فلما دخلت علیہ قال ادن الی ابن عمک فانت

علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ بیمار تھے آپ کا سر ایک شخص کی گود میں تھا ایسا خوبصورت شخص میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ رسول اللہ سوئے ہوئے تھے جب میں اس کے قریب گیا۔ تو اس نے کہا اپنے ابن عم کے

أحق به مني فدنوت منهما فقام الرجل وجلست مكانه فقال النبي صلى الله عليه وسلم فهل تدري من الرجل قلت لا بأبي و أمي قال النبي صلى الله عليه وسلم ذالك جبريل كان يحدثني حتى خف عني وجعي ونمت ورأسي في حجره أخرجه أبو عمر محمد اللغوي * وعن ابن عباس رضي الله عنهما وقد ذكر عنده علي قال الكم لتذكرون رجلا كان يسمع وطء جبريل فوق بيته أخرجه أحمد في المناقب

قریب ہوجاؤ۔ تم مجھ سے زیادہ اس بات کے حق دار ہو۔ میں دونوں کے قریب ہوگیا۔ میں اس کی جگہ بیٹھ گیا۔ آنحضرت نے فرمایا جانتے ہو یہ شخص کون تھا۔ عرض کیا میرے ماں باپ قربان میں نہیں جانتا فرمایا یہ جبرائیل تھے۔ مجھ سے باتیں کر رہے تھے۔ میرا سر آپ کی گود میں تھا۔ حتیٰ کہ میرے سر کا درد ختم ہوگیا۔ ابن عباس نے کہا۔ کہ میرے پاس علی کا ذکر ہوا۔ میں نے کہا تم ایسے شخص کا ذکر کرتے ہو۔ جس کے گھر کی چھت پر جبرائیل ہوتے تھے اور آپ سورۂ طٰہٰ سنتے تھے۔

ذكر ان النظر اليه عبادة

علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے

عن عائشه رضي الله عنها قالت رأيت أبا بكر يكثر النظر الى وجه علي فقلت يا أبة رأيتك تكثر النظر الى وجه علي فقال يا بنية سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول النظر الى وجه علي عبادة أخرجه ابن السمان في

عائشہ نے کہا کہ میں نے ابوبکر کو علی کے چہرے کی طرف زیادہ نظر کرتے ہوئے دیکھا عرض کیا ابا جان آپ علی کے چہرے کی طرف زیادہ دیکھتے ہیں۔ فرمایا۔ بیٹی اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

الموافقة ★ وعنها قالت كان اذا
دخل علينا علي وابي عندنا لا يمل
النظر اليه فقلت له يا ابة انك
لتديم النظر الى علي فقال يا بنية
سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم يقول النظر الى علي عبادة
اخرجه الخجندي ★ وعن عبد الله
بن مسعود قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم النظر الى
وجه علي عبادة اخرجه ابو الحسن
الحربي ★ وعن عمران بن الحاص
مثله اخرجه الابهري ★ وعن
معاذة الغفارية قالت كان لي
انس بالنبي صلى الله عليه وسلم
اخرج معه في الاسفار واقوم
على المرضى واداوي الجرحى فدخلت
الى رسول الله صلى الله عليه
وسلم في بيت عائشة وعلي خارج
من عنده فسمعته يقول يا عائشة
ان هذا احب الرجال الي واكرمهم
علي فاعرفي له حقه واكرمي مثواه

عائشہ نے کہا۔ جب میرے باپ اور
علی گھر میں ہوتے تو آپ برابر علی کے چہرے
کو دیکھتے رہتے تھے۔ عرض کیا بابا جان
اس کی وجہ کیا ہے۔ کہ آپ علی کی طرف
ہیں فرمایا۔ میری بیٹی اس کی وجہ یہ
ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
کو فرماتے ہوئے سنا علی کی طرف دیکھنا
عبادت ہے۔ معاذہ غفاریہ نے کہا۔
کہ مجھے رسول اللہ صلعم سے خاص انس تھا۔
میں سفر میں آپ کے ساتھ ہوتی تھی۔
مریضوں کی خدمت اور زخمیوں کی
مرہم پٹی کیا کرتی عائشہ کے گھر رسول
اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ علی علیہ
السلام جب وہاں سے اٹھ کر باہر
چلے گئے۔ تو رسول اللہ صلعم فرمانے
لگے۔ مجھے سب آدمیوں سے یہ شخص
زیادہ محبوب ہیں۔ میرے نزدیک
زیادہ مکرم ہیں۔ آپ کا مرتبہ
جانو اور آپ کی عزت کیا
کرو۔

Presented by www.ziaraat.com

فلما ان جرى بينها بين علي بالبصرة ماجرى رجعت عائشة الى المدينة فدخلت عليها فقلت لها يا أم المؤمنين كيف قلبك اليوم بعد ما سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لك فيه ما قال قالت يا معاذة كيف يكون قلبي لرجل كان اذا دخل علي وأبي عندنا لا يمل من النظر اليه فقلت له يا أبه إنك لتديمن النظر الى علي فقال يا بنية سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول النظر الى وجه علي عبادة أخرجه الخجندي ★ وعن جابر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي عد عمران بن الحصين فانه مريض فأتاه وعنده معاذ وابو هريرة فأقبل عمران يحد النظر الى علي فقال له معاذ لم تحد النظر اليه فقال سمعت رسول الله صلى الله

جنگ جمل میں عائشہ اور علی کے درمیان جو بات ہوئی۔ اس کے بعد جب عائشہ مدینہ میں آئیں تو میں اس کے پاس گئی۔ کہا۔ آج آپ کے دل کا کیا حال ہے حالانکہ آپ علیؑ کے بارے میں رسول اللہ کا پیغام سن چکی تھیں مجھ سے کہنے لگیں میرے دل میں ایسے شخص کے بارے میں کیا ہونا چاہیئے جب علیؑ ہمارے پاس آتے۔ میرے والد میرے گھر میں ہوتے تو آپ لگاتار علیؑ کی طرف دیکھتے رہتے ہیں۔ فرمایا میری بیٹی اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ کو فرماتے سنا علیؑ کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے علیؑ سے فرمایا عمران بن حصین کی عیادت کرو۔ جو مریض تھے۔ علی علیہ السلام تشریف اس کے پاس پہلے سے معاذ اور ابو ہریرہ بیٹھے ہوئے تھے عمران نے علیؑ کی طرف گہری نگاہ سے دیکھنا شروع کیا۔ معاذ نے اس سے کہا کہ کیوں گہری نظر سے علیؑ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ کہا میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ علیؑ کی

علیہ وسلم یقول النظر الی علی عبادۃ قال معاذ وانا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال ابو ھریرۃ وانا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخرجہ ابن ابی الفرات ★ وعن ابن لعلی بن ابی طالب انہ قیل لہ وقد ادام النظر الی وجہ علی مالک تدیم النظر الیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ اخرجہ ابو الخیر الحاکمی

طرف دیکھنا عبادت ہے معاذ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ ابو ھریرہ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے سنا تھا۔

علی بن ابی طالب کے ایک فرزند نے کہا، کہ مجھ سے کسی شخص نے پوچھا۔ تم علی کی طرف برابر کیوں دیکھتے ہو۔ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

ذکر اشتیاق اھل السماء والانبیاء الذین فی السماء الیہ

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما مررت بسماء الا واھلھا یشتاقون الی علی بن ابی طالب وما فی الجنۃ نبی الا وھو یشتاق الی علی بن ابی طالب اخرجہ الملا فی سیرتہ

آسمان پر رہنے والے انبیاءؑ اور اھل آسمان علیؑ کو دیکھنے کے مشتاق ہیں

ابن عباس نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ معراج کی رات جس آسمان سے میرا گزر ہوا۔ وہ علی کی زیارت کے مشتاق تھے۔ جنت میں جو بھی رہتا تھا۔ وہ علیؑ کی زیارت کا مشتاق تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر انہ من خیر البشر

عن عقبۃ بن سعد العوفی قال دخلنا علی جابر بن عبد اللہ وقد سقط حاجباہ علی عینیہ فسألناہ عن علی قال فرفع حاجبیہ بیدہ فقال ذاک من خیر البشر أخرجہ أحمد فی المناقب۔

ذکر مباھاۃ اللہ عزوجل بہ حملۃ العرش

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صف المہاجرین والانصار صفین ثم أخذ بید علی والعباس فمرا بین الصفین فضحک صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ رجل من الیش ضحکت یا رسول اللہ فداک أبی وأمی قال ھبط علی جبرئیل علیہ السلام بأن اللہ باھی بالمہاجرین والانصار أھل

"علی خیر البشر ہیں"

عقبہ بن سعد عوفی نے کہا کہ ہیں جابر بن عبداللہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کے ابرو آپ کی دونوں آنکھوں پر پڑے ہوئے تھے۔ میں نے آپ سے علیؑ کے بارے میں پوچھا۔ آپ نے اپنی ابروں کو اٹھاتے ہوئے فرمایا۔ آپ بہترین انسان ہیں۔

"اللہ تعالیٰ کا حاملان عرش سے علیؑ کے ذریعہ فخر کرنا"

ابن عباس نے کہا کہ رسول اللہ نے مہاجر انصار کی صفیں بنائیں۔ علیؑ اور عباس کے ہاتھ کو پکڑ کر صفوں کے درمیان چلنے لگے رسول اللہ ہنسے اور ایک شخص نے آپ کے ہنسنے کا سبب پوچھا۔ فرمایا کہ جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ مہاجر اور انصار کے ذریعے ایمان والوں سے فخر کرتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

السموات العلا وباهى بي ربك يا علي وبك يا عباس حملة العرش أخرجه أبو القاسم في فضائل العباس۔

ذكر اخبار المصطفى صلى الله عليه وسلم بأنه مغفور له

عن علي عليه السلام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا أعلمك كلمات اذا قلتهن غفر الله لك مع انك مغفور لك لا إله الا الله الحليم الكريم لا اله الا الله العلي العظيم لا اله الا الله رب السموات السبع ورب العرش العظيم والحمد لله رب العالمين أخرجه أحمد والنسائي وأبو حاتم وأخرجه ابن الضحاك وزاد بعد الحمد لله رب العالمين ★ اللهم اغفر لي اللهم ارحمني اللهم اعف عني انك غفور رحيم أو عفو غفور وقال ان رسول الله صلى الله

اے علی میری اور تیری اے عباس تیری وجہ سے حاملان عرش سے فخر کرتا ہے۔

ان اخبار کا ذکر کہ آپ مغفور ہیں۔

علی علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں تجھے وہ کلمات کیوں نہ تعلیم کروں اگر ان کو پڑھو گے تو بخش دیے جاؤ گے۔ حالانکہ آپ بخشے ہوئے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ الحلیم الکریم لا الٰہ الا اللہ العلی العظیم لا الٰہ الا اللہ رب السموات السبع ورب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین

ابن ضحاک نے رب العالمین کے بعد یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں۔ اے معبود بخش دے مجھ پر رحم فرما اے معبود مجھے معاف فرما بے شک تو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ یا درگزر کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

علیہ وسلم علمنی هؤلاء الکلمات

ذکر علمه وفقهه

وقد تقدم فی ذکر أعلمیته مطلقا وأعلمیته بالسنة وأنه باب دار العلم وان أحداً من الصحابة لم یکن یقول سلونی غیره وإحالة جمع من الصحابة علیه تقدم معظم أحادیث هذا الذکر وعن علی علیه السلام قال قلت یا رسول الله أوصنی قال قل ربی الله ثم استقم فقلت ربی الله وما توفیقی الا بالله علیه توکلت والیه أنیب قال لیهنک العلم أبا الحسن لقد شربت العلم شربا أخرجه ابن البختری والرازی وزاد ونهلته نهلا ومعنی نهلته هنا شربته وکرر لاختلاف اللفظ ونحو ذلک قول الشاعر

الطاعن الطعنة یوم الوغی
ینهل منها الاسل الناهل

فرمایا۔ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کلمات کی تعلیم دی۔

آپ کے علم اور فقہ کا ذکر

آپ کی علمیت مطلق اور علمیت بالسنہ کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

آپ علم کے گھر کا دروازہ ہیں صحابہ میں سے کسی شخص نے اس بات کا دعویٰ نہیں کیا کہ مجھ سے جو چاہو پوچھ لو۔ تمام صحابہ مشکل مسائل کے حل کی خاطر آپ سے رجوع کرتے تھے اس بات کی بڑی بڑی احادیث کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

علی علیہ السلام نے کہا کہ میں نے رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا۔ مجھے کوئی نصیحت فرمائیے۔ فرمایا یہ کہو کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر اس بات پر ثابت قدم رہو۔ میں نے کہا۔ میرا رب اللہ ہے۔ میری توفیق نہیں ہے۔ مگر اللہ کے ساتھ اس پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ یہ سن کر رسول اللہ نے فرمایا اے ابو الحسن آپ کو علم مبارک ہو آپ نے علم کو پوری طرح حاصل کیا ہے

قال أبو عبيد النّاهل هنا بمعنى العطشان وإذا جاز في اسم الفاعل جاز في الفعل وكان قياسه أن يقول نهلت منه نهلاً لأنه إنما يتعدى بحرف الجر أي رويت منه ريا ويجوز أن يكون الناهل في البيت بمعنى العطشان وهو من الأضداد يطلق على الريان والعطشان وهو أنسب لأنه أكثر شرباً ويكون نهل منه أي يشرب * وعن أبي الزهراء عن عبد الله قال علماء الأرض ثلاثة عالم بالشام وعالم بالحجاز وعالم بالعراق فأما عالم الشام فهو أبو الدرداء وأما عالم أهل الحجاز فهو علي بن أبي طالب وأما عالم العراق فأخ لكم وعالم أهل الشام وعالم العراق يحتاجان إلى عالم أهل الحجاز وعالم أهل الحجاز لا يحتاج إليهما أخرجه الحضرمي ويريد والله أعلم بالعالم هنا الأعلم ويكون أعلم من كان في

ابو صرائے کہا۔ کہ عبداللہ نے کہا زمین پر عالم صرف تین ہیں۔ ایک عالم شام میں ایک عراق میں ایک مدینہ میں موجود ہے۔ شام کا عالم ابو داؤد ہیں۔ مدینہ کے عالم علی ابن ابی طالب ہیں۔ عراق کا عالم تمہارا بھائی ہے۔ شام اور عراق کے عالم دونوں کے دونوں عالم مدینہ کے محتاج ہیں۔ مدینہ کا عالم ان کا محتاج نہیں ہے۔ حضرمی نے کہا خدا کی قسم عالم سے مراد اعلم ہیں۔ یعنی بڑے عالم مراد ہیں۔ جو تینوں مقامات پر سب سے زیادہ علم والے ہوں۔ عبداللہ کی مراد بھی ہے۔ وہ علی علیہ السلام ہیں جب یہ بات ثابت ہو گئی۔ کہ مدینہ کا عالم شام اور عراق کے عالم سے بڑا ہے۔ وہ حضرت علی کی ذات ہے اس سے واضح ہوا۔ کہ آپ اعلم تھے۔ سب سے بڑے عالم۔

Presented by www.ziaraat.com

كل موضع ذلك المذكور وان جاز ان يكون بالحجاز من هو أعلم من عالمي الشام والعراق دون علي والله أعلم ★ وعن عبد الله بن عياش الزرقي وقد قيل له أخبرنا عن هذا الرجل علي بن أبي طالب فقال ان لنا أخطارا واحسابا ونحن نكره أن نقول فيه ما يقول بنو عمنا قال كان علي رجلا تلعابة يعني مزاحا وكان اذا فزع فزع على ضرس من حديد قال قلت وما ضرس من حديد قال قراءة القرآن وفقه في الدين وشجاعة وسماحة أخرجه أحمد في المناقب ★ وعن سعيد ابن عمرو بن سعيد بن العاص قال قلت لعبد الله بن عياش بن أبي ربيعة الا تخبرني عن أبي بكر وعلي رضي الله عنهما فان أبا بكر كان له السن والسابقة مع النبي صلى الله عليه وسلم ثم ان الناس صاغية الى علي فقال اي ابن أخي كان له والله ما شاء من ضرس قاطع السطة

عبداللہ بن عیاش زرقی سے روایت ہے۔ آپ سے کسی نے پوچھا۔ کہ علی ابن ابی طالب کے بارے میں ہمیں آگاہ کیجئے۔ کہا ہم لوگ عالی نسب اور بڑے شرف کے مالک ہیں۔

میں مناسب نہیں سمجھتا کہ آپ کے بارے میں کچھ کہوں جس طرح ہمارے بنو عم نے کہا ہے۔ آپ مزاح والے شخص تھے جب آپ بیان فرماتے تو لوہے کی داڑھ سے بیان فرماتے میں نے پوچھا لوہے کی داڑھ کا کیا مطلب ہے۔ کہا اس سے مراد قرآن مجید کی تلاوت دین میں آپ کی سمجھ بوجھ آپ کی بہادری اور سخاوت مراد ہے۔ سعید بن عمر بن عاص بن عاص کا بیان ہے۔ کہ میں نے عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعہ سے پوچھا کہ آپ ہمیں ابوبکر اور علیؑ کی منزلت کے بارے میں کیوں آگاہ نہیں کرتے کہا ابوبکر عمر زیدہ کے علاوہ رسول اللہ پر ایمان لائے پھر لوگ علیؑ کے ساتھ ہو گئے میرے بھتیجے نے کہا۔

Presented by www.ziaraat.com

في النسب وقرابته من رسول الله
صلى الله عليه وسلم ومصاهرته
والسابقة في الاسلام والعلم
بالقرآن والفقه والسنة والنجدة
في الحراب والجود في الماعون
كان له والله ما يشاء من ضرس
قاطع أخرجه المخلص الذهبي وعن
محمد بن كعب القرظي قال كان ممن
جمع القرآن على عهد رسول الله
صلى الله عليه وسلم وهو حي عثمان و
علي بن أبي طالب وعبد الله بن مسعود
من المهاجرين وسالم مولى أبي حذيفة
مولى لهم أخرجه أبو عمر * وعن محمد
بن قيس قال دخل ناس من اليهود
على علي بن أبي طالب فقال له صبرتم
بعد نبيكم الا خمسا وعشرين سنة
حتى قتل بعضكم بعضا قال فقال علي
قد كان صبر وخير قد كان صبر وخير
ولكنكم ما جفت أقدامكم من البحر
حتى قلتم يا موسى اجعل لنا الها كما
لهم آلهة أخرجه أحمد في المناقب *

آپ کا نسب بلند ہے۔ آپ رسول
اللہ کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ آنحضرت
کے داماد ہیں۔ آپ سب سے پہلے اسلام
لائے ہیں۔ آپ قرآن، فقہ اور
سنت رسول کے عالم ہیں جنگ
میں بہادری کے کارنامے انجام دینے
والے ہیں غربا کی مدد کرنے میں سخی ہیں
محمد بن کعب قرظی نے کہا کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی زندگی میں جن مہاجرین نے
قرآن جمع کیا۔ وہ عثمان، علی،
اور عبداللہ بن مسعود ہیں۔ اور
ابوحذیفہ کا غلام سالم۔ تنزیل الہی
کے مطابق قرآن صرف حضرت علی
نے جمع کیا تھا۔ محمد بن قیس نے کہا۔
کہ کچھ یہودی علی علیہ السلام کی
خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور کہنے لگے آپ
نے صرف پچیس سال صبر کیا پھر ایک دوسرے کو
قتل کیا فرمایا مگر صبر بھلائی پر مبنی تھا۔
مگر تم لوگوں کے سمندر کے نکلنے کے بعد
ابھی اقدام خشک نہ ہوئے تھے تو موسی سے
سے کہنے لگے۔ کہ جس طرح ان لوگوں
کے خدا ہیں۔ ہمارے بھی بنا دیجئے۔

Presented by www.ziaraat.com

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال
ما انتفعت بکلام بعد النبی صلی اللہ
علیہ وسلم الا شئ کتب بہ الی علی
بن ابی طالب فانہ کتب بسم اللہ
الرحمن الرحیم ★ اما بعد یا اخی فانک
تسر بما یصل الیک مما لم یکن یفوتک
ولیسوؤک ما لم تدرکہ فما نلت یا اخی
من الدنیا فلا تکن بہ فرحا وما فاتک
فلا تکن علیہ حزنا ولیکن عملک
لما بعد الموت والسلام اخرجہ
المخلص ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا۔
کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے کلام کے بعد اگر کسی کے کلام سے
فائدہ حاصل کیا ہے۔ وہ ابن ابی
طالب کا ایک خط ہے جو آپ
نے تحریر فرمایا تھا۔ وہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم "میرے بھائی
جو چیز آپ کو مل جائیگی۔ اس سے تم خوش
ہو جاؤ گے اور جو چیز نہیں ملے گی اس
سے مجھے تکلیف ہو گی۔ اے بھائی
اگر دنیا میں تجھے کوئی چیز مل جائے تو
اس سے خوش نہ ہو جا۔ اگر کوئی چیز فوت
ہو جائے تو اس سے غمگین نہ ہو جا۔ تمہارا
عمل مرنے کے بعد کے لئے ہونا چاہیئے

ذکر کراماتہ

عن الاصبغ قال اتینا مع علی
فمررنا بموضع قبر الحسین فقال علی
ھھنا مناخ رکابھم وھھنا موضع
رحالھم وھھنا مھراق دمائھم فتیۃ
من آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم یقتلون
بھذہ العرصۃ تبکی علیھم السماء
والارض ★ وعن جعفر بن محمد عن ابیہ
قال عرض لعلی رجلان فی خصومۃ

آپ کے کرامات

اصبغ سے مروی ہے۔ ہم لوگ
علی علیہ السلام کے ساتھ اس مقام پر سے گئے
جہاں اس وقت حسین علیہ السلام کی قبر ہے آپ
نے فرمایا۔ یہاں ان لوگوں کی سواریاں
ٹھہریں گی اور اس جگہ ان کے کجاوے اتریں گے۔
اس جگہ ان لوگوں کا خون بہایا جائیگا اس
میدان میں آل محمد کے نوجوان شہید ہونگے۔
جن پہ آسمان اور زمین آنسو بہائیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

فجلس في أصل جدار فقال رجل يا
أمير المؤمنين الجدار تقع فقال
له علي امض كفى بالله حارسا فقضى
بين الرجلين وقام فسقط الجدار ★
وعن الحارث قال كنت مع علي بن أبي
طالب بصفين فرأيت بعيرا من ابل
الشام جاء وعليه راكبه ثقيلة فألقى
ما عليه وجعل يتخلل الصفوف حتى
انتهى الى علي فوضع مشفره ما بين
رأس علي ومنكبه وجعل يحركها بجرانه
فقال علي انها والله لعلامة بيني وبين
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال
فجد الناس في ذلك اليوم واشتد
قتالهم ★ وعن علي بن زاذان أن
عليا حدث حديثا فكذبه رجل
فقال علي ادعو عليك ان كنت صادقا
قال نعم فدعا عليه فلم ينصرف حتى ذهب
بصره ★ وعن أبي ذر رضي الله عنه
قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم
ادعو عليا فأتيت بيته فناديته فلم
يجبني فعدت وأخبرت رسول الله

حضرت دیوار کے پاس بیٹھ گئے۔
ایک شخص نے عرض کیا یا امیر المومنین
دیوار آپ پر گر جائے گی۔ فرمایا۔
تم اپنا راستہ لو۔ خدا میرا نگہبان
ہے۔ آپ نے دونوں آدمیوں
کے درمیان فیصلہ کیا۔ آپ فیصلہ
کر کے اُٹھے اور دیوار گر پڑی۔ حارث
نے کہا میں صفین میں حضرت علی علیہ
السلام کے ساتھ تھا۔ میں نے ایک شامی
اونٹ کو دیکھا۔ جو حضرت کی خدمت
میں حاضر ہوا۔ جس پر ایک شخص سوار تھا۔
اس پر بھاری بوجھ تھا۔ اس نے
اس کو پھینک دیا۔ صفوف طے کرتا
ہوا حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہوا۔
اب آپ کے سر اور شانے میں رکھ
کر ان کو حرکت دینے لگا۔ آپ نے
فرمایا۔ خدا کی قسم یہ میرے اور رسول
کے درمیان ایک علامت ہے۔ اس
روز لوگوں نے لڑائی تیز کر دی تھی۔
علی بن زاذان نے کہا کہ علی علیہ السلام
نے ایک بات بیان کی ایک شخص نے آپ
کی بات کو جھٹلا دیا۔ فرمایا اگر میں سچا ہوں
تو تیرے خلاف بد دعا کروں۔ کہا ہاں

Presented by www.ziaraat.com

صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی عد الیہ
ادعه فانه في البيت قال فعدت اناديه
فسمعت صوت رحى تطحن فشارفت
فاذا الرحى تطحن وليس معها احد
فناديته فخرج الي منشرحا فقلت له
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
يدعوك فجاء ثم لم ازل انظر الى رسول
الله صلى الله عليه وسلم وينظر الي
ثم قال يا ابا ذر ما شانك فقلت يا رسول
الله عجيب من العجب رأيت رحى
تطحن في بيت علي وليس معها احد
يرحى فقال يا ابا ذر ان لله ملائكة سياحين
في الارض وقد وكلوا بمعونة آل محمد
صلى الله عليه وسلم اخرجهن الملاء
في سيرته واخرج احمد في المناقب حديث
علي بن زاذان خاصة ★ وعن فضالة
بن ابي فضالة قال خرجت مع ابي الى
ينبع عائدا لعلي وكان مريضا فقال له
ابي ما يسكنك بمثل هذا المنزل لو
هلكت لم يلك الا الاعراب اعراب
جهينة فاحتمل الى المدينة فان

ا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے رسول اللہ
نے فرمایا کہ جاکر علی کو بلاؤ۔ بس آپ کے گھر آیا
اور آپ کو بلایا اور مجھے کسی کوئی جواب نہ دیا۔
میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور
حالات سے آگاہ کیا۔ فرمایا پھر جاؤ۔ آپ گھر
میں موجود ہیں۔ میں نے پھر آکر آپ کو آواز
دی مجھے چکی چلنے کی آواز سنائی دی۔ اندر
جاکر دیکھا چکی چل رہی تھی لیکن چکی کو کوئی
نہیں چلا رہا تھا۔ میں نے پھر آپ کو آواز
دی آپ خوش ہو کر باہر تشریف لائے۔ عرض کیا
آپ کو رسول اللہ بلا رہے ہیں۔ آپ آنحضرت
کے پاس حاضر ہوئے میں رسول اللہ کی طرف دیکھ
رہا تھا اور آپ میری طرف دیکھ رہے تھے۔
آنحضرت نے فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کیا
یا رسول اللہ عجیب حیرانی کی بات ہے گھر
میں چکی بغیر چلانے والے کے چل رہی تھی
فرمایا اللہ تعالی کے سیر کرنے والے فرشتے موجود
ہیں جن کی ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ آل محمد کا
کام میں ہاتھ بٹائیں۔
فضالہ بن ابو فضالہ سے روایت ہے میں اپنے
باپ کے ساتھ ینبع کے مقام پر حضرت علی کی عیادت
کو گیا۔ میرے باپ نے عرض کیا آپ اس جگہ کیوں
قیام فرما ہیں اگر آپ فوت ہو جائیں تو آپ کی
تجہیز و تکفین جہینہ کے اعرابی کریں گے۔ آپ مدینہ تشریف لے چلیں

Presented by www.ziaraat.com

أصابك بها فقد رويت أصابك وصلوا
عليك وكان أبو فضالة من أهل بدر
فقال له علي إني لست بميت من وجعي
هذا ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
عهد الي ان لا أموت حتى أضرب ثم تخضب
هذه يعني لحيته من هذه يعني هامته
فقتل أبو فضالة معه بصفين أخرجه
ابن الضحاك

آپ مدینہ میں تشریف لے چلیں، اگر آپ کو وہاں
آپ کو موت آگئی تو آپ کے اصحاب تجہیز و تکفین
کے امور بجا لائیں گے اور آپ کی نماز جنازہ پڑھیں گے
ابو فضالہ وہ صحابی ہے جو جنگ بدر میں شریک تھا
آپ نے فرمایا کہ میں اس درد سے فوت نہیں ہونگا رسول
اللہ نے مجھے آگاہ فرمایا تھا کہ میں ضرب لگنے سے مرونگا
میری ڈاڑھی میرے سر کے خون سے خضاب ہوگی ابو
فضالہ جنگ صفین میں آپ کی طرف سے جہاد کر کے شہید ہوا

ذكر اتباعه للسنة

آپ کا سنت کی پیروی کرنا

عن جابر رضي الله عنه حديثه
الطويل في صفة حج النبي صلى الله عليه
وسلم وفيه أن عليا قدم من اليمن ببدن
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال له
رسول الله صلى الله عليه وسلم ماذا
قلت حين فرضت الحج فقال قلت اللهم
إني أهل بما أهل به رسولك صلى الله عليه
وسلم أخرجاه * وعن علي عليه السلام
قال رأينا رسول الله صلى الله عليه وسلم
قام فقمنا وقعد فقعدنا يعني في الجنازة
أخرجه مسلم * وعن أبي ساسان حصين
بن المنذر قال شهدت عثمان بن عفان وقد
أتي بالوليد وقد شرب الخمر فقال يا علي

جابر رضی اللہ عنہ ایک طویل حدیث میں رسول اللہ
کے حج کی صفت بیان کرتے ہیں، علیؑ یمن سے
رسول اللہ کے قربانی کے جانور لیکر آئے آنحضرتؐ
نے آپ سے کہا کہ جب حج فرض ہوگا تو اس وقت کیا
کہو گے، عرض کیا میں کہوں گا "اے معبود میں اس طرح
تیری تسبیح کرتا ہوں جس طرح تیرا رسولؐ تسبیح کرتا ہے
علی علیہ السلام نے کہا کہ ہم لوگوں نے رسول اللہ کو
دیکھا، آپ کھڑے ہوتے تو ہم کھڑے ہوگئے آپ
بیٹھ گئے تو ہم بیٹھ گئے، یعنی نماز جنازہ کے وقت
ابو ساسان حصین بن منذر نے کہا کہ میں عثمان بن
عفان کے پاس گیا، آپ کے پاس ولید کو لایا گیا جس
نے شراب پی تھی، عثمان نے علیؑ سے کہا اٹھو اور
اس کو کوڑے لگاؤ، آپ نے امام حسن علیہ السلام سے

Presented by www.ziaraat.com

قم فاجلده فقال علي قم يا حسن فاجلده
فقال الحسن ولي حارها من تولى قارها
فكأنه وجد عليه فقال يا عبد الله بن جعفر
قم فاجلده فجلده وعلي يعد حتى بلغ أربعين
فقال أمسك ثم قال جلد رسول الله
صلى الله عليه وسلم أربعين وابو بكر
أربعين وعمر ثمانين وكل سنة وهذا
أحب إلي أخرجه مسلم * وعن أبي
مطر البصري قال رأيت عليا اشترى
ثوبا بثلاثة دراهم فلما لبسه قال الحمد
لله الذي رزقني من الرياش ما أتجمل
به في الناس وأواري به عورتي ثم قال
هكذا سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم أخرجه في المناقب * وعن علي انه
كان يقول إني لست بنبي ولا يوحى إلي
ولكن أعمل بكتاب الله وسنة نبيه ما
استطعت فما أمرتكم من طاعة الله
فحق عليكم طاعتي فيما احببتم وكرهتم أخرجه
احمد في المناقب * وعنه وقد شاوره
ابو بكر في قتال اهل الردة بعد أن
شاور الصحابة فاختلفوا عليه فقال
له ما تقول يا أبا الحسن؟ فقال: اقول
لك ان تركت شيئا مما أخذ رسول الله

فرمایا اٹھو اور کوڑے لگاؤ، عرض کیا اس کام کو وہ
سر انجام دے جس نے اس کو اس بات کا عادی بنایا
آپ نے عبداللہ بن جعفر کو کوڑے لگانے کو کہا۔
جناب عبداللہ کوڑے لگانے گئے اور حضرت علیؑ گنتے
گئے، جب چالیس تک پہنچ گئے تو حضرت علیؑ نے
کہا رک جاؤ۔ فرمایا رسول اللہؐ اور ابوبکر نے چالیس
اور عمر نے اسی کوڑے لگانے کا حکم دیا تھا۔ یہ سب
سنت ہے۔ مجھے یہ بات پسند ہے۔ ابو مطر
بصری سے مروی ہے کہ علیؑ نے تین درہم میں کپڑا
خرید کر زیب تن کیا۔ اور کہا خدا کا شکر ہے
جس نے مجھے لباس عطا کیا جس کو پہن کر لوگوں
میں عزت حاصل کی اور اپنی ستر پوشی کی پھر فرمایا میں
نے اسی طرح رسول اللہؐ کو فرماتے ہوئے سُنا ہے
علیؑ علیہ السلام نے فرمایا، میں نبیؐ نہیں ہوں جس
کو وحی ہوتی ہو۔ میں مقدور بھر کتاب خدا اور سنت
رسولؐ پر عمل کرتا ہوں۔ خدا کی طاعت کا تمہیں
حکم دیتا ہوں، اس پر میری طاعت تم پر واجب
ہے، خواہ تم اس کو پسند کرو یا نہ کرو۔

ابوبکر نے اہل ردہ کے بارے میں صحابہ سے
مشورہ کیا، انہوں نے ابوبکر کی رائے سے اختلاف
کیا، آپ نے علی علیہ السلام سے مشورہ کیا،
فرمایا اگر رسول اللہؐ ان سے جو چیز لیا کرتے تھے اس
کو آپ نے چھوڑ دیا ہے تو سنت رسولؐ کے خلاف

Presented by www.ziaraat.com

صلی اللہ علیہ وسلم منهم فانت علی خلاف
سنة رسول الله صلی الله وسلم قال: أما
أن قلت ذالا لأ قاتلنهم وان منعونی عقالا
أخرجه ابن اسمان وقد سبق فی خصائص
أبی بکر مستوفی

ذکر شجاعته

تقدم فی خصائصه فی ذکر اختصاصه
بدفع الرایه له طرف منه وشهرته
ابلائه یوم بدر و أحد و خیبر واکثر
المشاهد قد بلغت حد التواتر حتی صارت
شجاعته معلومة لکل أحد بحیث
لا یمکنه دفع ذالك عن نفسه
حدیث ابن عباس فی ذکر علمه متضمنا
ذکر شجاعته * وعن صعصعة بن صوحان
قال خرج یوم صفین رجل من أصحاب
معاویة یقال له کریز بن الصباح الحمیری
فوقف بین الصفین وقال: من یبارز؟
فخرج الیه رجل من أصحاب علی فقتله
فوقف علیه ثم قال من یبارز؟ فخرج الیه
آخر فقتله وألقاه علی الاخرین وقال من
یبارز فأحجم الناس عنه وأحب من کان
فی الصف الأول أن یکون فی الآخر فخرج

کام کیا ہے، کہا اگر مجھے اونٹ کا عقال دینے
سے انکار کردیں تو میں ان سے ضرور جہاد کروں گا

آپ کی بہادری

آپ کے خصائص میں بیان ہوچکا ہے کہ آپ
کو کئی دفعہ علم دیا گیا۔ آپنے بدر، احد، خیبر اور کئی
دیگر غزوات میں بہت بڑے کارنامے انجام دیئے
آپ کی بہادری تواتر کا درجہ اختیار کرگئی، آپ
کی شجاعت کا کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا۔
صعصعہ بن صوحان نے کہا کہ صفین کی جنگ
میں معاویہ کا ایک آدمی، جسکا نام کریز بن صباح
تھا، دونوں صفوں کے درمیان آکر للکارنے لگا
علی علیہ السلام کا ساتھی لڑنے کے لئے نکلا، اس
نے اس کو قتل کردیا پھر للکارنے لگا، دوسرا آدمی
نکلا اس کو بھی قتل کرکے پہلے آدمی پر ڈال کر
کہا اور کوئی لڑنے کے لئے ہے؟ تیسرا آدمی نکلا
اس کو بھی قتل کرکے پہلے دونوں آدمیوں کی
لاشوں پر ڈال کر کہا کوئی اور لڑنے کے لئے
ہے۔ لوگ ڈر گئے، پہلی صف والے چاہتے
تھے کہ وہ آخری صف میں چلے جائیں۔

Presented by www.ziaraat.com

على عليه السلام على بغلة رسول الله صلى
الله عليه وسلم البيضاء فشق الصفوف فلما
انفصل منها نزل عن البغلة وسعى اليه
فقتله وقال من يبارز؟ فخرج اليه رجل
فقتله ووضعه على الآخر. ثم قال من يبارز؟
فخرج اليه رجل فقتله ووضعه على
الثلاثة ثم قال يا ايها الناس إن الله
عز وجل يقول الشهر الحرام بالشهر الحرام
والحرمات قصاص ولو لم تبدأوا
بهذا ما بدأنا ثم رجع إلى مكانه. وعن
ابن عباس رضي الله عنهما وقد سأله
رجل أكان علي يباشر القتال يوم صفين؟
فقال والله ما رأيت رجلا أطرح لنفسه
في متلف من علي ولقد كنت أراه يخرج
حاسر الرأس بيده السيف إلى رجل
الدارع فيقتله، أخرجها الواحدي *
وقال ابن هشام حدثني من أثق به
من أهل العلم أن علي بن أبي طالب
صاح وهم محاصرو بني قريظة يا كتيبة
الإيمان وتقدم هو والزبير بن العوام
وقال والله لأذوقن ما ذاق حمزة أو لأ
فتحن حصنهم فقالوا يا محمد ننزل على
حكم سعد بن معاذ * وعن علي قال

علی علیہ السلام رسول اللہ کے سفید خچر پر سوار ہو کر
صفوں کو چیرتے ہوئے روانہ ہوئے دور جا کر
خچر سے اتر پڑے، دوڑ کر اس کو قتل کر دیا فرمایا
میرے مقابلہ میں کون آتا ہے، ایک شخص نکلا،
آپ نے اس کو قتل کر کے پہلے شخص پر ڈال دیا پھر
مقابلہ کے لئے آواز دی، ایک شخص لڑنے کیلئے
نکلا آپ نے اس کو قتل کر کے پہلے دونوں پر ڈال
دیا، پھر مقابلہ کے لئے بلایا۔ ایک اور شخص آیا آپ
نے اس کو بھی قتل کر کے پہلے قتل شدہ تینوں آدمیوں
پر ڈال دیا۔ پھر فرمایا اے لوگو! اللہ تعالیٰ کہتا ہے
الشہر الحرام بالشہر اگر تم نے لڑنے کی ابتداء
کی ہوتی تو ہم بالکل نہ لڑتے۔ ابن عباس نے کہا کہ
ان سے کسی شخص نے پوچھا کہ کیا علیؑ نے جنگ
صفین میں بذات خود جہاد کیا تھا؟ کہا خدا کی قسم
علیؑ سے زیادہ کوئی شخص اپنے آپ کو ہلاکت میں
نہ ڈالتا تھا۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ برہنہ سر
تھے ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے ایک زرہ پوش
شخص کی طرف بڑھے اور اس کو قتل کر دیا۔
ابن ہشام نے کہا ایک صاحب علم شخص نے
مجھے بتایا جس پر مجھے اعتماد ہے، کہ صحابہ بنو قریظہ
کا محاصرہ کئے ہوئے تھے، علیؑ بن ابی طالب نے
بلند آواز سے فرمایا "اے گروہ ایمان" حضرت
علیؑ اور زبیر بن عوام آگے بڑھے، حضرت علیؑ نے

Presented by www.ziaraat.com

قاتلت يوم بدر قتالا ثم جئت الى النبي صلى الله عليه وسلم فإذا هو ساجد يقول يا حيّ يا قيوم ففتح الله عزوجل عليه اخرجه النسائي والحافظ الدمشقي في الموافقات.

فرمایا یا تو میں اس چیز کا مزہ چکھوں گا، جس کا حمزہ نے مزہ چکھا تھا، یا ان لوگوں کے قلعہ کو فتح کروں گا، ابو فرلبطہ نے کہا کہ یا محمدؐ ہمیں سعد بن معاذ کا حکم منظور ہے۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے میں جنگ بدر میں جہاد کرنے کے بعد رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ سجدہ میں یا حیّ یا قیوم فرما رہے تھے اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کو فتح دی۔

ذكر شدته في دين الله عزوجل

آپ کا خدا کے دین میں سختی کرنا

عن سويد بن غفلة قال. قال علي عليه السلام إذا حدثتكم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم حديثا فوالله لئن أخر من السماء أحب إلي من أن أكذب عليه وفي رواية أن أقول عليه مالم يقل أخرجاه. وعن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال، اشتكى الناس عليا يوما. فقام رسول الله فينا خطيبا فسمعته يقول، أيها الناس لا تشكوا عليا فوالله انه لاخشن في ذات الله عزوجل أو قال في سبيل الله أخرجه أحمد.

سوید بن غفلہ نے کہا کہ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ جب میں آپ رسول اللہؐ کی کوئی حدیث بیان کرتا ہوں، تو اگر میں آسمان سے زمین پر گروں تو یہ میرے لئے اس بات سے بہتر ہے کہ میں رسول اللہؐ پر جھوٹ باندھوں ایک اور روایت میں ہے کہ میں وہ بات کہوں جو رسول اللہؐ نے نہ کہی ہو۔

ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ لوگوں نے علیؓ کی رسول اللہؐ سے شکایت کی، آپ نے ہمیں خطبہ دیا، فرمایا اے لوگو! علیؓ کی شکایت نہ کرو آپ خدا کی ذات میں بہت زیادہ سخت ہیں۔

کعب بن عجرہؓ نے کہا رسول اللہؐ نے فرمایا

وعن كعب بن عجرة رضي الله عنه. قال، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

علیؓ خدا کی ذات میں بہت زیادہ سخت ہیں۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ میں اور اس

Presented by www.ziaraat.com

إن علياً مخشوشن في ذات الله عزوجل
أخرجه أبو عمر

شرح ۔ الأخشن مثل المخشن قاله الجوهری۔ تقول منه خشن بالضم فهوخشن واخشوشن للمبالغة أی اشتدت خشونته

وعن علی علیه السلام قال، كنت أنطلق أنا وأسامة إلى أصنام قريش التي حول الكعبه فنأتي بالعذرات التي حول البيوت. فنأخذ كل صوابة جرد وبناق بأيدينا ونطلق به إلى أصنام قريش فنلطخها. فيصيحون ويقولون. من فعل هذا بآلهتنا. فيطلون النهار يغسلونها بالماء واللبن أخرجه أبو القزويني الحاكمي (شرح) العذرات، جمع عذرة وهي فناء الدار

کعبہ کے باہر صحن میں جاکر گندگی اور تھوک لیکر قریش کے بتوں کو مل دیتے تھے، جب ان کو پتہ چلتا تو چلا کر کہتے ہمارے معبودوں کیساتھ کون شخص برا سلوک کر گیا، صبح کو بتوں کو پانی اور دودھ کے ذریعہ غسل دے کر صاف کرتے۔

ذکر رسوخ قدمه في الإيمان

ایمان میں آپ کے قدم راسخ تھے

عن ابن عباس رضی الله عنهما أن علياً كان يقول في حياة النبي صلى الله عليه وسلم الله عزوجل يقول. أفإن مات أو قتل انقلبتم على أعقابكم. والله لا ننقلب على أعقابنا بعد إذ هدانا الله ولئن مات أو قتل انقلبتم على أعقابكم، والله لا ننقلب على أعقابنا بعد إذ هدانا الله ولئن مات أو قتل لأقاتلن على ما قاتل عليه حتى أموت

ابن عباس نے کہا کہ علیؑ رسول اللہ کی زندگی میں فرمایا کرتے کہ خدا کہتا ہے کیا اگر محمدؐ مر جائیں یا قتل ہو جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے، خدا کی قسم ہم ہدایت کے بعد الٹے پاؤں نہیں پھریں گے۔ اگر آپ مر گئے یا قتل ہو گئے میں اس بات پر جہاد کروں گا، جس پر آپ جہاد فرماتے تھے، حتیٰ کہ مر جاؤں گا۔ خدا کی قسم میں رسول اللہ کا بھائی ولی، ابن عم اور وارث ہوں، ایسا کام میرے

Presented by www.ziaraat.com

والله إني لأخوه ووليه وابن عمه ووارثه ومن أحق به مني؛ أخرجه أحمد في المناقب ٭ وعن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أنه قال. أشهد على رسول الله صلى الله عليه وسلم لسمعته وهو يقول لو أن السموات السبع والأرضين السبع وضعت في كفه ووضع إيمان علي في كفة لرجح إيمان علي أخرجه ابن السمان والحافظ السلفي في المشيخه البغدادية والفضائل

سوا کون کر سکتا ہے ؟
عمر بن خطاب نے کہا میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اگر سات آسمان اور سات زمینیں ایک پلڑے میں اور علی کا ایمان دوسرے پلڑے میں ہو تو علیؑ کا ایمان وزن میں زیادہ ہوگا۔

ذكر تعبده

تقدم في حديث ضرار في أول الفصل طرف منه ٭ وعن حارثة بن أبي وقاص عن أبيه رضي الله عنه قال. كان لعلي بيت في المسجد يتحدث فيه كما كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم أخرجه الحضرمي

آپ کی عبادت

حارثہ بن ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جس طرح رسول اللہ کا گھر مسجد میں تھا۔ اسی طرح علیؑ کا گھر مسجد میں تھا۔ جہاں آپ عبادت کرتے تھے۔

ذكر أذكاره وأدعيته

عن جعفر الصادق قال. كان أكثر كلام علي عليه السلام. الحمد لله أخرجه الجندي ٭ وعن عبد الله بن الحارث الصدائي أن عليا كان يقول في ركوعه اللهم

آپ کے اذکار اور دُعائیں

جعفر صادق علیہ السلام نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام اکثر الحمد للہ کہا کرتے تھے، عبداللہ بن حارث صدائی نے کہا علی علیہ السلام رکوع میں فرماتے "اے معبود" تیری

لك ركعت وبك آمنت، وأنت ربي
ركع سمعي وبصري ولحمي ودمي وشعري
وعظمي. تقبل مني إنك أنت السميع العليم
فإذا رفع رأسه من الركوع وأراد أن يسجد
قال: لك أركع وأسجد. وأقوم، وأقعد
وإذا سجد قال: اللهم لك سجدت. وبك
آمنت، وأنت ربي، سجد وجهي للذي
خلقه، وشق سمعه وبصره، تبارك الله
أحسن الخالقين. الحمد لله رب العالمين
ويقول بين السجدتين: اللهم اغفر لي
وارحمني واهدني وارزقني. أخرجه أبو
بكر الهمداني. وعن أبي إسحاق
السبيعي عن علي عليه السلام وخرج من باب
القصر قال، فوضع رجله في الغرز فقال
بسم الله. فلما استوى على الدابة قال
الحمد لله الذي كرمنا وحملنا في البر والبحر
ورزقنا من الطيبات. وفضلنا على كثير
من خلق تفضيلا. سبحان الذي سخر لنا
هذا وما كنا له مقرنين وإنا إلى ربنا لمنقلبون
رب اغفر لي ذنوبي إنه لا يغفر الذنوب إلا
أنت. أخرجه الترمذي وأبو داود والنسائي
والحافظ في الموافقات

خاطر رکوع کیا، تجھ پر ایمان لایا، تو میرا رب ہے
میرا کان، میری آنکھ، میرا گوشت، میرا خون،
میرے بال اور ہڈی تیرا رکوع کرتی ہے تو میری
اس بات کو قبول فرما تو سننے والا اور جاننے والا ہے
جب رکوع سے سر اٹھا کر سجدہ کا ارادہ کرتے
تو فرماتے تیرے لئے رکوع کرتا ہوں اور تیرے
لئے سجدہ کرتا ہوں اور تیری خاطر اٹھتا بیٹھتا
ہوں، جب سجدہ میں جاتے تو فرماتے معبودا!
تجھے سجدہ کرتا ہوں، تجھ پر ایمان لایا ہوں، تو
میرا رب ہے، میرا چہرہ اس کو سجدہ کرتا ہے
جس نے اس کو پیدا کیا۔ میری سماعت اور بصارت
بھی اس کو سجدہ کرتی ہے، کس قدر برکت والا
اور بہترین پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے تمام
تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، دو سجدوں کے
درمیان فرماتے "اے معبود مجھے بخش، مجھ پر رحم
فرما۔ مجھے ہدایت عطا کر اور مجھے رزق عنایت
فرما۔"
علی علیہ السلام جب گھر سے نکل کر گھوڑے
کی رکاب میں پاؤں رکھتے تو فرماتے بسم اللہ
جب پشت پر بیٹھ جاتے تو فرماتے خدا کا شکر
ہے جس نے ہمیں بزرگی دی، خشکی اور سمندر
کی سیر کرائی، بہت سی مخلوق پر فضیلت دی
پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارا

مطلع کیا، حالانکہ یہ ہماری جنس سے نہیں ہے
ہم خدا کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، پالنے
والے میرے گناہ بخش، ان کو تیرے سوا کوئی
نہیں بخش سکتا۔"

ذکر صدقته

عن علی علیه السلام قال. رأیتنی مع رسول الله صلی الله علیه وسلم، وإنی لأربط الحجر علی بطنی من الجوع. وإن صدقتی الیوم لأربعون ألفا. وفی روایة وإن صدقة مالی لأربعون ألف دینار أخرجهما أحمد وربما یتوهم متوهم أن مال علی علیه السلام تبلغ زکاته هذا القدر ولیس کذلك - والله أعلم - فإنه رضی الله عنه کان أزهد الناس علی ما علم من حاله مما تقدم وما سیأتی فی ذکر زهده فکیف یقتنی مثل هذا؟ قال أبو الحسن بن فارس اللغوی سألت أبی عن هذا الحدیث. فقال معناه أن الذی تصدقت به منذ کان لی مال إلی الیوم کذا وکذا ألفا. قلت. وذکر ذلك یحتمل أن یکون فی معرض التوبیخ لنفسه بتنقل المال إلی مثل هذا بعد ذلك الإقلال ویحتمل أن یکون فی معرض الشکر

آپ کا صدقہ

علی علیہ السلام نے فرمایا تم مجھے رسول اللہ کے ساتھ اس حالت میں دیکھتے کہ میں شدت بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے ہوتا تھا، حالانکہ میں چالیس ہزار کا صدقہ دیتا ہوں۔ ایک دیگر روایت میں ہے کہ میرے مال کا صرف صدقہ چالیس ہزار دینار ہے دونوں احادیث کو امام احمد بن حنبل نے بیان کیا ہے، بعض لوگوں کا خیال اس طرف جاتا ہے کہ آپ کے مال کی زکواۃ اس قدر تھی، حالانکہ یہ درست نہیں ہے، آپ بہت زیادہ تارک الدنیا شخص تھے، اس کا ذکر عنقریب آپ کے زہد کے بارے میں آئے گا۔

عبداللہ بن سلام کا بیان ہے کہ حضرت بلال نے ظہر کی نماز کی اذان دی، لوگ نماز میں مصروف ہوگئے، کوئی شخص رکوع میں تھا اور کوئی سجدہ کر رہا تھا۔ اسی دوران سائل نے آکر سوال کیا۔ علیؑ نے رکوع کی حالت میں سائل

Presented by www.ziaraat.com

على سد الخلة وعظم الاكتراث بما خرج
لله تعالى وأن إخرجه أبلغ فى الزهد من
عدمه ؛ وعن عبدالله بن سلام قال
أذن بلال بصلاة الظهر ، فقام الناس
يصلون ، فمن بين راكع وساجد وسائل
يسأل فأعطاه على خاتمه وهو راكع فأخبر
السائل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأ
علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم (إنما
وليكم الله ورسوله والذين آمنوا الذين
يقيمون الصلاة ، ويؤتون الزكاة وهم راكعون)
أخرجه الواحدي وأبو الفرج والفضائلي
ومعنى أن الولاية هنا النصرة على ما تقدم
تقريره فى الخصائص ؛ وعن جعفر بن
محمد عن أبيه . وقد سئل عن قوله تعالى
(إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنوا)
قال هم أصحاب رسول الله صلى الله عليه
وسلم قال . قلت إنهم يقولون . إنه على
بن أبى طالب . فقال . على منهم . أخرجه
ابن السمان فى الموافقة ؛ وعن ابن
عباس رضى الله عنهما فى قوله تعالى
(ويطعمون الطعام على حبه مسكينا ويتيما
وأسيرا) قال ، أجر على نفسه يسقى نخلا
بشئ من شعير ليلة حتى أصبح فلما

کو اپنی انگوٹھی عطا فرمائی، سائل نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اس بات سے آگاہ
کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آیت
انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا ....
کی تلاوت فرمائی۔ بس تمہارا حاکم اللہ تعالیٰ اس
کا رسولؐ اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں
نماز قائم کرتے ہیں اور رکوع کی حالت میں زکوٰۃ
دیتے ہیں۔ جعفر بن محمد علیہما السلام اپنے والد
سے روایت کرتے ہیں، آپ سے انما ولیکم اللہ و
رسولہ والذین آمنوا ... کے بارے میں دریافت
کیا گیا تو فرمایا اس سے مراد اصحاب رسولؐ ہیں
میں نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں اس سے مراد
علی بن ابی طالبؑ ہیں، فرمایا علیؑ ان میں شامل
ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت
" وہ لوگ جو خدا کی محبت میں مسکین، یتیم اور
قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں" کی تفسیر میں فرمایا کہ
علیؑ نے صبح سے لیکر شام تک کھجوروں کی
آب یاری کے عوض کچھ جو لینے کی مزدوری کی
صبح کو جو لئے اور ان کو پیس کر تین حصے کرکے
ایک حصہ کا حریرہ (بغیر گھی کے آٹا) پکا کر تیار
کیا، مسکین یتیم نے سوال کیا، اس کو کھلا
دیا، پھر دوسرے حصہ کو تیار کیا، مسکین یتیم
نے سوال کیا اس کو کھلا دیا، پھر تیسرے

Presented by www.ziaraat.com

أصبح قبض الشعير فطحن منه فجعلوا
منه شيئاً ليأكلوه يقال له الحريرة (دقيق
بلا دهن) فلما تم إنضاجه أتى مسكين
فأل فأطعموه إياه ثم صنعوا الثلث الثاني
فلما تم إنضاجه أتى يتيم مسكين فأل
فأطعموه إياه. ثم صنعوا الثلث الثالث فلما
تم إنضاجه أتى أسير من المشركين
فأطعموه إياه وطووا يومهم. فنزلت
وهذا قول الحسن وقتادة أن الأسير
كان من المشركين. قال أهل العلم، وهذا
يدل على أن الثواب موجود فيهم وإن
كانوا من غير أهل الملة، وهذا إذا
أعطوا من غير الزكاة والكفارة
وقال سعيد بن جبير. الاسير المحبوس
من أهل القبلة ذكره الواحدي وعن
جعفر بن محمد عن أبيه أن عمر اقطع عليا
ينبع، ثم اشترى أرضا إلى جنب قطعته
فحفر فيها عينا، فبيناهم يعملون فيها إذا
تفجر عليهم مثل عنق الجزور من الماء فأتى
علي فبشر بذلك، فقال، بشروا الوارث. ثم
تصدق بها على الفقراء والمساكين وابن
السبيل وفي سبيل الله للقريب والبعيد
في السلم والحرب، ليوم تبيض وجوه وتسود

حصہ کو تیار کیا، مشرک قیدی نے سوال کیا اس
کو کھلا دیا، سب گھر والے بھوکے رہ گئے یہ
آیت نازل ہوئی۔ یہ حسن اور قتادہ کا قول ہے
قیدی مشرک تھا۔ اہل علم کہتے ہیں کہ اگر زکواۃ
اور کفارہ کے مال کے علاوہ غیر مذہب کو صدقہ
دیا جائے تو اُس کا ثواب ملتا ہے، سعید بن
جبیر نے کہا قیدی مسلمان تھا، محمدؐ بن جعفر اپنے
باپ سے روایت کرتے ہیں کہ عمرؓ نے علیؑ کو
ایک چشمہ دیا، حضرتؑ نے اس کے پہلو میں کچھ
زمین خرید کر چشمہ کھودا، جب لوگ چشمہ کھود رہے
تھے تو ان پر آسمان سے اونٹ کی گردن کی مانند
کوئی چیز نمودار ہوئی، علیؑ تشریف لائے آپ کو اس
کی بشارت دی گئی، فرمایا تمہیں خوش حالی کی
بشارت ہو، پھر آپ نے فقرا مساکین، مسافر، خدا
کی راہ میں، قریب اور بعید کو صلح اور جنگ میں
چشمہ تصدق کر دیا، اس روز کے لئے جس دن
چہرے سفید ہوں گے اور سیاہ ہوں گے
(فرمایا) تاکہ اس کے ذریعے خدا میرے چہرے
کو آگ سے اور آگ کو میرے چہرے سے دور
کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

ذكره ، ليصرف الله بها وجهي عن النار وليصرف
النار عن وجهي أخرجه ابن السمان في الموافقة

ذكر فكه رهان ميت بتحمل دين عنه ،

عن علي بن أبي طالب قال : كان رسول الله
صلى الله عليه وسلم إذا أتي بجنازة لم يسأل
عن شيء من عمل الرجل ويسأل عن دينه
فان قيل عليه دين كف عن الصلاة عليه
وان قيل ليس عليه دين صلى عليه ، فأتي
بجنازة فلما قام ليكبر سأل صلى الله عليه
وسلم أصحابه هل على صاحبكم دين ؟ قالوا
ديناران . فعدل صلى الله عليه وسلم وقال
فصلوا على صاحبكم . فقال علي : هما علي بريء
منهما فتقدم صلى الله عليه وسلم فصلى
عليه ثم قال لعلي جزاك الله خيرا . فك الله
رهانك كما فككت رهان أخيك إنه
ليس من ميت إلا وهو مرتهن بدينه
ومن يفك رهان ميت فك الله رهانه
يوم القيامة فقال بعضهم : هذا لعلي خاصة
أو للمسلمين عامة ؟ فقال بل للمسلمين عامة
أخرجه الدارقطني ، وأخرجه أيضا ،
عن أبي سعيد ، وفيه ، فقال علي أنا ضامن
لدينه . وأخرجه الحاكمي عن ابن عباس

میت کو قرض سے آزاد کرنا
قرض اپنے ذمہ لے لینا

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب رسول
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جنازہ آتا تو آپ میت
کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھتے تھے . بلکہ اس
کے قرض کے بارے میں دریافت کرتے تھے اگر
کہا جاتا کہ اس پر قرض ہے تو آپ نماز جنازہ نہیں
پڑھتے تھے - اگر کہا جاتا کہ اس کے ذمے
کوئی قرض نہیں ہے تو آپ نماز جنازہ پڑھتے
تھے ، آپکے پاس ایک جنازہ لایا گیا جب
تکبیر کہنے کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ سے
پوچھا . تمہارے صاحب پر قرض تو نہیں ہے
عرض کیا دو دینار قرض ہے ، آپنے جنازہ نہ
پڑھا ، فرمایا اپنے ساتھی کا جنازہ پڑھو ، علی
علیہ السلام نے عرض کیا قرض کے دو دینار
میں اپنے ذمہ لیتا ہوں پھر آپ آگے بڑھے اور
جنازہ پڑھا ، علی سے فرمایا خدا تمہیں جزائے
خیر عطا کرے ، اللہ تعالیٰ تمہیں آزاد کرے
جس طرح تم نے اپنے بھائی کو آزاد کیا ہے ، جو
میت قرض میں گروی ہو کوئی شخص اس کو

Presented by www.ziaraat.com

قرض سے رہائی دلائے خدا اس کو قیامت کے دن رہائی دے گا۔ بعض نے کہا یہ خصوصیت صرف علیؑ کے لئے ہے یا عام مسلمان اس میں شامل ہیں، فرمایا بلکہ عام مسلمان اس میں شامل ہیں، ابوسعید نے کہا کہ علیؑ نے عرض کیا کہ میں اس شخص کے قرض کا ضامن ہوں۔

ذكر أنه كان من أكرم الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم

عن ابن إسحاق السبيعي قال: سألت أكثر من أربعين رجلا من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم من كان أكرم الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قالوا الزبير وعلي رضي الله عنهما أخرجه الفضائلي

علیؑ رسول اللہؐ کے زمانہ میں سب سے زیادہ باعزت تھے

اسحاق سبیعی نے کہا کہ میں نے اصحاب رسولؐ کے چالیس آدمیوں سے زیادہ اشخاص سے دریافت کیا کہ رسول اللہؐ کے زمانہ میں سب سے زیادہ عزت والے کون تھے، انہوں نے کہا کہ زبیر اور علیؑ تھے۔

ذكر زهده

تقدم في صدر الفصل حديث ضرار وفيه طرف منه .. وعن عمار بن ياسر رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي إن الله قد زينك بزينة لم يزين العباد بزينة أحب منها هي زينة الأبرار عند الله: الزهد في

حضرتؑ کا زہد

عمار بن یاسرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا خدا نے آپ کو ایک ایسی زینت سے مزین کیا جو کسی اور کو مزین نہیں کیا، یہ خدا کے نزدیک نیک لوگوں کی زینت ہے، آپ کو دنیا میں زہد عطا کیا۔ دنیا تم سے کوئی چیز نہ لے گی اور

Presented by www.ziaraat.com

الدنيا. فجعلك لا ترزأ من الدنيا ولا
ترزأ الدنيا منك شيأ ترضى بهم أتباعا
ويرضون بك إماما. أخرجه أبو الخير الحاكمي
(شرح) ترزأ تعيب والرزء المصيبة
ووهب لك، أي أدام ومنه دلـه
الدين واصباء .

وعن علي عليه السلام قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم يا علي. كيف أنت إذا
زهد الناس في الآخرة ورغبوا في الدنيا
وأكلوا التراث أكلا لما وأحبوا المال حبا
جما واتخذوا دين الله دغلا ومال الله دولا ؟
قلت أتركهم وما اختاروا واختار الله
ورسوله والدار الآخرة. وأصبر على
مصيبات الدنيا وبلواها حتى ألحق بكم
إن شاء الله تعالى. قال صدقت اللهم
افعل ذلك به ، أخرجه الحافظ الثقفي
في الاربعين . وعن علي بن أبي ربيعة أن
علي بن أبي طالب جاءه ابن التياح فقال يا
أمير المؤمنين. امتلأ بيت المال من صفراء
وبيضاء فقال: الله أكبر. فقام متوكئا على
ابن التياح حتى قام على بيت المال وأمر فنودي
في الناس، فأعطى جميع ما في بيت المال المسلمين
وهو يقول يا صفراء يا بيضاء غري غيري.

نہ تم دُنیا سے کچھ لوگے، نہ تمہارے پلے ہیں
مساکین باندھ دیئے ہیں، تم ان سے ان کے
اتباع پر خوش ہو اور وہ تمہارے امام ہونے پر
راضی ہیں۔

علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علیؑ اس وقت
تمہاری کیا حالت ہوگی جب لوگ آخرت کو
چھوڑ کر دُنیا کو اختیار کریں گے، میراث کے
مال کو خوب کھائیں گے، مال و دُنیا کو بہت
پسند کریں گے، دینِ خدا کو بازیچۂ طفلاں
بنا دیں گے، مال و دولت کے حصول میں
غرق ہو جائیں گے، میں نے عرض کیا میں ان
لوگوں کو چھوڑ دوں گا، میں خدا اور اس کے
رسولؐ کے رستے پر چلوں گا۔ اور آخرت کو اختیار
کروں گا۔ میں دُنیا کی مصیبتوں اور آزمائشوں
پر صبر کروں گا۔ حتیٰ کہ آپ سے مل جاؤں۔
انشاءاللہ تعالیٰ۔

آنحضرتؐ نے فرمایا۔ آپ نے سچ کہا، اے
معبود علیؑ کو اس رتبہ پر فائز فرما۔

علی بن ابی ربیعہ نے کہا علی علیہ السلام کی
خدمت میں ابن تیاح آیا۔ عرض کیا، یا
امیر المومنین مال خانہ سونے چاندی سے
بھر گیا ہے، فرمایا "اللہ اکبر" ابن تیاح کا

Presented by www.ziaraat.com

ما ردھاء ، حتی ما بقی فیہ دینار ولا درھم ثم أمر بنضحہ وصلی فیہ رکعتین. أخرجہ أحمد فی المناقب . والملاء وصاحب الصفوة وأخرج أحمد من طریق آخر والفضائلی معناً عن أبی صالح السمان، ولفظہ: رأیت علیا دخل بیت المال فرأی فیہ شیئا، فقال لا اری ھذا ھہنا وبالناس إلیہ حاجة فأمر بہ فقسم، فأمر بالبیت فکنس ونضح فصلی فیہ. أو قال فیہ یعنی نام ۔ وفی روایة عند أحمد فصلی فیہ رجاء أن یشہد لہ یوم القیامة وأخرجہا القلعی

(شرح) نضحہ: أی رشہ. قولہ ھاء دھاء، أی ھاك . دھاك . وقال الخطابی أصحاب الحدیث یروونہ: ھاء ھا ساکن الالف، والصواب مدھا وفتحہا لان أصلہا ھاك فحذفت الکاف وعوضت منہا المدة والھمزة یقال للواحد ھا وللاثنین ھائما وللجمیع ھاؤم وغیر الخطابی یجیز فیہ السکون علی حذف العوض وینزل منزلة ھا التی للتنبیہ ۔ وعن أبی السوار قال: رأیت علیا اشتری ثوبین غلیظین فخیر قنبر فی أحدھما. أخرجہ أحمد وصاحب الصفوة، وقد تقدم فی ذکر اتباعہ للسنة

سہارا لیے بیت المال میں آئے ، مال دینے کا لوگوں میں اعلان کرایا ۔ تمام مال مسلمانوں میں تقسیم فرما دیا اور کہا لے سونا ، اے چاندی کسی اور کو دھوکا دینا ، بیت المال کا تمام مال تقسیم فرمایا، ایک دینار اور ایک درہم تک کوئی چیز باقی نہ رکھی ، بیت المال میں جھاڑو دیکر چھڑکاؤ کرادیا ، اس میں دو رکعت نماز پڑھی

ابو صالح کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ علی علیہ السلام بیت المال میں تشریف لائے اس میں مال ملاحظہ فرمایا ، فرمایا اس کو یہاں نہیں رہنا چاہیئے ، اس کی مسلمانوں کو ضرورت ہے لوگوں میں مال تقسیم کرنے کا حکم دیا ۔ جھاڑو دلایا ، پانی چھڑکوایا ، نماز پڑھی ، اس میں سو گئے ،

احمد بن حنبل کی روایت میں ہے کہ نماز اس لیے ادا فرمائی تاکہ قیامت کے روز بیت المال اس بات کی گواہی دے ۔

ابو سوار سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ السلام کو دیکھا ، آپ نے دو موٹے کپڑے خریدے اور قنبر سے فرمایا ، ان میں سے ایک تم چن لو ، پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ آپ نے تین درہم میں ایک کپڑا خرید فرمایا ۔

عبداللہ بن ابی ہذیل سے روایت ہے کہ میں

إنه اشترى ثوبا بثلاثة دراهم. وعن عبد الله بن أبي الهذيل قال: رأيت عليا خرج وعليه قميص غليظ رازي إذا قمصه بلغ الظفر، وإذا أرسله صار إلى نصف الساعد. وعن الحسن بن جرموز عن أبيه قال: رأيت علي بن أبي طالب يخرج من مسجد الكوفة وعليه قطريتان مؤتزر بواحدة، مرتد بالأخرى وإزاره إلى نصف الساق وهو يطوف بالأسواق ومعه درة. يأمرهم بتقوى الله عز وجل وصدق الحديث وحسن البيع والوفاء بالكيل والميزان

أخرجهما القلعي.

(شرح) القطر: والقطرية ضرب من البردة

وعن أبي سعيد الازدي قال: رأيت عليا في السوق وهو يقول: من عنده قميص صالح بثلاثة دراهم؟ فقال رجل: عندي فجاء به فأعجبه فأعطاه ثم لبسه فإذا هو يفضل عن أطراف أصابعه، فأمر به فقطع ما فضل عن أصابعه أخرجه الملا في سيرته وأخرج صاحب الصفوة معناه عن فضل بن مسلم عن أبيه، ولفظه: ان عليا اشترى قميصا ثم قال: اقطعه لي من ههنا من أطراف الأصابع، وفي رواية لبسه فإذا يفضل

نے علی علیہ السلام کو دیکھا۔ کھدر کی قمیض پہنے ہوئے، جب اُسے کھینچتے تو ناخن تک جب چھوڑ دیتے تو کلائی تک پہنچ جاتی تھی۔

حسن بن جرموز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو مسجد کوفہ سے نکلتے ہوئے دیکھا آپ نے دو چادریں زیب تن کر رکھی تھیں۔ ایک چادر کو باندھ رکھا تھا اور دوسری کو شانہ اقدس پر ڈال رکھا تھا، جو چادر باندھ رکھی تھی وہ نصف پنڈلی تک جاتی تھی، بازاروں کا طواف فرماتے اور آپ کے ہاتھ میں کوڑا تھا۔ لوگوں کو پرہیزگاری، صدق مقال، صحیح تولنے اور ناپنے کا حکم دیتے تھے

ابوسعید ازدی سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ السلام کو سر بازار فرماتے ہوئے سنا کہ آیا کسی شخص کے پاس کوئی ایسی قمیض ہے جو ٹھیک ہو اور اس کو تین درہم میں فروخت کرے۔ ایک شخص نے عرض کیا، ایسی قمیض میرے پاس موجود ہے، حضرت اس کے ساتھ چل پڑے، آپ نے قمیض کو پسند فرمایا، اس شخص نے قمیض دے دی، آپ نے جب زیب تن کی تو وہ انگلیوں کی پوروں سے بڑھ جاتی تھی جس قدر انگلیوں کی پوروں سے بڑھ جاتی تھی آپ نے اس کے کاٹ دینے کا حکم دیا۔

عن أطراف أصابعه فأمر يقطع ما فضل عن أطراف الأصابع ۔ وعن ابن عباس رضی الله عنهما قال: اشتری علی بن أبی طالب قمیصا بثلاثة دراهم وهو خلیفة ۔ وقطع کمه من موضع الرسغین ۔ وقال الحمد لله الذی هذا من ریاشه أخرجه السلفی ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ علی علیہ السلام نے خلیفۃ المسلمین ہوتے ہوئے صرف تین درھم میں قمیص خرید فرمائی اس کی آستین کو کہنیوں سے کاٹ دیا۔ فرمایا خدا کا شکر ہے اللہ تعالیٰ نے یہ عمدہ لباس عطا فرمایا ہے۔

(شرح) الرسغ: موصل الوظیف من الرجل والید تکین بینه وتحرك بأنهم کالیسرو والعصر. والوظیف: مستدق الذراع والساق من الخیل والإبل ثم استعمل الرسغ فی الآدمی اتساعا والریش والریاش: اللباس الفاخر، کالحرم والحرام واللبس واللباس

وعن أبی بحر عن شیخ قال: رأیت علی علی إزارا غلیظا ثمنه خمسة دراهم، وقد اشتراه بخمسة دراهم، قال: رأیت معه دراهم مصرورة، قال هذه بقیة نفقتنا من ینبع ۔ وعن علی بن ربیعة قال: کان لعلی امرأتان، فکان إذا کان یوم هذه اشتری لحما بنصف درهم، وإذا کان یوم هذه اشتری لحما بنصف درهم ۔ وعن ابن أبی ملیکة قال: لما أرسل عثمان إلی علی فی العاقیب وجده مؤتزرا بعباءة محتجزا بعقال وهو یهنأ بعیرا له

ابحر ایک بزرگ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو ایک موٹی چادر پہنے ہوئے دیکھا جس کی قیمت پانچ درہم تھی میں نے آپ کے پاس چند درہم دیکھے فرمایا ہمارے چشمہ کی آمدنی سے خرچ کے لئے ہمارے پاس یہی درہم رہ گئے ہیں۔

علی بن ربیعہ سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام کے پاس دو بیویاں تھیں جس کی باری کا دن ہوتا۔ آپ اس کی خاطر نصف درہم کا گوشت منگواتے تھے،

ابوملیکہ سے روایت ہے کہ عثمان نے ایک شخص کو عاقیب میں علی علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا۔ اس شخص نے جاکر آپ کو

(شرح) یهنأ: أی یطلیه بالهناء القطران

وعن عمرو بن قيس قال: قيل لعلي
يا أمير المؤمنين لم ترقع قميصك؟ قال
يخشع القلب ويقتدي به المؤمن. وعن
زيد بن وهب ان الجعد بن بعجة عاتب
عليا في لبوسه، فقال: وما لك وللبوس؟
ان لبوسي هذا أبعد من الكبر، وأجدر ان
يقتدي به المسلم. وعن عدي بن ثابت
ان عليا أتي بالفالوذج فلم يأكله. وعن
حبة العرني ان عليا أتي بالفالوذج فوضع قدامه
فقال والله إنك لطيب الريح حسن اللون
طيب الطعم، ولكني أكره ان أعود نفسي
مالم تعتده. وعن أم سليم ـ وقد سئلت
عن لباس علي ـ قالت: كان لباسه الكرابيس
السنبلانية. وعن الضحاك بن عمير
قال: رأيت قميص علي أبي طالب الذي أصيب
فيه كرباس سنبلاني، ورأيت أثر دمه
فيه كأنه دردي. أخرج من حديث
أبي سعيد الازدي الى هنا أحمد في
المناقب

دیکھا کہ آپ نے اپنی عبا کو بطور چادر باندھ
رکھا تھا۔ اس کے اوپر عقال کو کسا ہوا تھا
اونٹ پر تارکول مل رہے تھے۔
عمر بن قیس سے روایت ہے کہ کسی نے
علی علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ چھوٹی قمیض
کیوں پہنتے ہیں؟ فرمایا خشوع قلب کی خاطر
اور مومن اس کی پیروی کرے۔
زید بن وہب سے روایت ہے کہ
جعد بن بعجہ نے علی علیہ السلام سے آپ کے
لباس پر اعتراض کیا، فرمایا تم میرے لباس
کے درپے کیوں ہو گئے، یہ ایسا لباس ہے
جو تکبر کرنے سے دور رکھتا ہے، یہ ایسا ہے
کہ مسلمان کو اس کی نقل کرنی چاہیئے، عدی
بن ثابت سے مروی ہے کہ علی علیہ السلام
کی خدمت میں فالودہ پیش کیا گیا۔ آپ نے
کھانے سے انکار کر دیا۔
حبۃ العرنی سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام
کے آگے فالودہ رکھا گیا، آپ نے فالودہ سے
فرمایا۔ یہ خوشبو اچھی، تیرا رنگ خوبصورت
کھانے میں لذیذ، لیکن میں اس بات کو ناپسند
کرتا ہوں کہ تجھے کھانے سے اپنے نفس کو عادی
بناؤں، جس کی اس کو عادت نہیں ہے۔
ام سلیم سے مروی ہے کہ مجھ سے کسی نے

Presented by www.ziaraat.com

علیؑ کے لباس کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے کہا کہ آپ کا لباس موٹا سنبلانی تھا۔ ضحاک بن عمیر سے مروی ہے کہ میں علی علیہ السلام کو قمیص پہنے ہوئے دیکھا جس میں کرباس سنبلانی ملا ہوا تھا۔ جس میں خس لگا ہوا تھا۔

ذكر ما كان فيه من ضيق العيش مع استصحاب الصبر الجميل

عن علي عليه السلام قال: أصبت شارفا من مغنم بدر، وأعطاني رسول الله صلى الله عليه وسلم شارفا، فأنختها عند باب رجل من الانصار أريد أن أحمل عليها إذخرا وأبيعه وأستعين به على وليمة فاطمة، ومعي رجل صائغ من بني قينقاع وحمزة بن عبد المطلب في البيت، وقينة تغنية فقالت ألا يا حمز للشرف النواء فثار إليهما بالسيف فجب أسنمتهما وبقر خواصرهما وأخذ من أكبادهما قال فنظرت إلى أمر نضعني فأتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه زيد بن حارثة فخرجت معه حتى قام على حمزة فتغيظ عليه فرفع حمزة بصره وقال، هل أنتم

آپ کا تنگی کی زندگی میں صبر جمیل سے کام لینا

علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ مجھے جنگ بدر کے مال غنیمت میں ایک بوڑھی اونٹنی دستیاب ہوئی، اور رسول اللہؐ نے بھی مجھے ایک بوڑھی اونٹنی عنایت فرمائی، میں نے ان دونوں کو انصار کے ایک شخص کے دروازے پر بٹھا دیا۔ میرا خیال تھا کہ میں ان کو مال برداری کے کام میں لاؤں گا۔ یا ان کو فروخت کر کے ان کی قیمت جناب فاطمہؑ کے ولیمہ پہ خرچ کروں گا۔ میرے ساتھ بنو قینقاع کا صائغ آدمی تھا حمزہ بن عبد المطلب گھر میں موجود تھے اور مغنیہ گانا گا رہی تھی اور کہہ رہی تھی "اے صاحب شرف حمزہ" اس نے تلوار لیکر دونوں اونٹنیوں کے دانت کاٹ دیئے، دونوں کے پہلو کو قطع کیا اور ان کے جگر نکال لئے۔ جب میں

Presented by www.ziaraat.com

إلا أعبد آبائي؛ فرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه زيد بن حارثة فخرجت معه حتى قام على حمزة فتغيظ عليه فرفع حمزة بصره وقال: هل أنتم إلا أعبد آبائي؛ فرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقهقر عنه متفق على صحته. وعنه قال جعت بالمدينة جوعا شديدا فخرجت أطلب العمل في عوالي المدينة. فإذا أنا بامرأة قد جمعت مدرا فظننتها تريد بلّه. فأتيتها فقاطعتها كل دلو بتمرة فمددت ستة عشر ذنوبا حتى مجلت يدي ثم أتيتها فقلت بكلتي يدي هكذا بين يديها. وبسط إسماعيل راوي الحديث يديه جميعا. فعدت لي ست عشرة تمرة فأتيت النبي صلى الله عليه وسلم فأخبرته. فأكل معي منها وقال لي خيرا ودعا لي. أخرجه أحمد وصاحب الصفوة والفضائل.

(شرح) عوالي المدينة: أعاليها وهي منازل معروفة بها عاطيتها يجوز أن يكون

نے یہ دیکھا، آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے پاس زید بن حارثہ موجود تھے آنحضرتؐ حمزہ کے پاس آئے، میں ساتھ تھا، آپؐ ناراض ہوئے حمزہ نے سر اٹھا کر کہا تم کون ہوتے ہو میں اپنے باپ دادا کے طریقہ پر چلتا ہوں۔ آنحضرتؐ واپس چلے آئے اور اس کو کچھ نہ کہا۔ علیؑ سے روایت ہے کہ مجھے مدینہ میں سخت بھوک سے دوچار ہونا پڑا۔ میں عوالی مدینہ کی طرف کام کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا۔ ایک عورت کے پاس آیا جس نے مٹی جمع کر رکھی تھی جس کو پانی سے بھگونا چاہتی تھی، اس نے مجھے ایک مشک پانی لانے کے عوض میں ایک کھجور دینا طے کی میں نے سولہ مشکیں پانی کی بھریں، جس سے ہاتھ زخمی ہو کر کام کرنے سے جواب دے گئے میں عورت کے پاس آیا اس نے مجھے سولہ کھجوریں دیں۔ جن کو لیکر رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ کو تمام واقعہ سے آگاہ کیا، آپؐ نے میرے ساتھ کھجوریں تناول فرمائی اور میرے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

من قولهم هريه طيني بالتشديد ديا لعيني اذا كان يخلط ويجوز أن يكون من المعاطاة المناولة فكل واحد منهما أخذ يد صاحبه على ذلك اذا عاقده عليه، وان لم يوجد أخذ اليتحسا. والذنوب: الدلو الملآ ماء وقال ابن السكيت: فيها ماء ما قرب من ملئها يؤنث ويذكر ولا يقال لها وهي فارغة ذنوب ومجمه في التلة أذنبة والكثير ذنائب نحو قلاس

وقلائص و مجلات: تنفطت بين العمل
وعن سهل بن سعد أن علي بن أبي
طالب دخل على فاطمة والحسن والحسين
يبكيان فقال: ما يبكيهما؟ قالت: الجوع،
فخرج علي فوجد دينارا في السوق فجاء الى
فاطمة فأخبرها، فقالت: اذهب الى فلان
اليهودي فخذ لنا به دقيقا، فجاء الى اليهودي
فاشترى به دقيقا فقال اليهودي: أنت ختن
هذا الذي يزعم انه رسول؟ قال نعم قال فخذ
دينارك ولك الدقيق فخرج علي حتى جاء
به فاطمة فأخبرها فقالت: اذهب الى
الجزار فخذ لنا بدرهم لحما، فذهب فرهن
الدينار بدرهم على لحم، فجاء به فعجنت
ونصبت وخبزت وأرسلت إلى أبيها،
فجاءهم، فقالت: يا رسول الله أذكر لك،
فإن رأيته حلالا أكلناه وأكلت، من شأنه
كذا وكذا، فقال: كلوا بسم الله، فأكلوا، فبينا هم
مكانهم إذا غلام ينشد الله والإسلام الدينار
فأمر رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعي له
فسأله فقال: سقط مني في السوق. فقال النبي
صلى الله عليه وسلم: يا علي اذهب إلى الجزار،
فقل له إن رسول الله صلى الله عليه وسلم
يقول لك: أرسل إلي بالدينار ودرهمك

سہل بن سعد نے کہا علیؑ فاطمہ سلام اللہ
علیہا کے پاس تشریف لائے حسنؑ اور حسینؑ رو
رہے تھے، فاطمہؑ سے فرمایا یہ کیوں روتے ہیں
عرض کیا بھوک کی وجہ سے۔
علی علیہ السلام باہر تشریف لائے بازار میں
ایک دینار پایا جس کو لیکر فاطمہؑ کے پاس آئے
اور آپ کو اس بات سے آگاہ کیا، سیدہ
نے عرض کیا فلاں یہودی کے پاس تشریف لیجاکر
آٹا خرید لاؤ، یہودی نے کہا آپ اس شخص کے
داماد ہیں جو کہتا ہے کہ میں خدا کا رسولؐ ہوں فرمایا
ہاں ایسا ہی ہے، یہودی نے کہا دینار بھی لے
جاؤ اور آٹا بھی، آپ آٹا لیکر فاطمہؑ کے پاس
آئے اور تمام حالات سے آگاہ کیا، عرض کیا قصاب
کے پاس جاکر ایک درہم کا گوشت خرید لاؤ۔
آپ گوشت خرید لائے، سیدہ نے گوشت پکایا
اور روٹیاں تیار کیں، اپنے باپ کو بلوایا، عرض
کیا، یا رسول اللہؐ میں آپ سے واقعہ عرض کرتی ہوں
اگر اس کا کھانا حلال ہے تو ہم کھائیں گے۔
فرمایا خدا کا نام لیکر کھاؤ، سب نے مل کر کھانا کھایا
ابھی آپ حضرات بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک غلام
نے خدا اور اسلام کی قسم دیکر کہا کہ میرا دینار
گم ہوگیا ہے، آنحضرتؐ نے غلام کو بلوایا، اس
سے دینار کے گم ہونے کا واقعہ پوچھا، عرض کیا

Presented by www.ziaraat.com

علی. فأرسل به فدفع إليه ۔ أخرجه أبوداؤد

بازار میں گر گیا تھا۔ آنحضرتؐ نے علیؑ سے کہا کہ قصاب سے جاکر کہو کہ رسول اللہ آپ سے دینار طلب کرتے ہیں، اس کے درہم میں تم کو ادا کروں گا۔ اس نے آپ کو دینار دے دیا۔

وعن أسماء بنت عميس عن فاطمة بنت رسول الله صلی الله عليه وسلم أن رسول الله صلی الله عليه وسلم أتاها يوما فقال أين ابناي ؟ يعني حسناً وحسيناً. قالت: قلت أصبحنا وليس في بيتنا شيء نذوقه. فقال علي أذهب بهما. فإني أتخوف أن يبكيا عليك وليس عندك شيء ؛ فذهب بهما إلى فلان اليهودي. فوجه إليه رسول الله صلی الله عليه وسلم فوجدهما يلعبان في مربية. بين أيديهما فضل من تمر. فقال: يا علي ألا تقلب ابني قبل أن يشتد الحر عليهما ؟ قال فقال علي: أصبحنا وليس في بيتنا شيء فلو جلست يا رسول حتى أجمع لفاطمة تمرات؟ فجلس رسول الله صلی الله عليه وسلم وعلي ينزع لليهودي كل دلو بتمرة حتى اجتمع له شيء من تمر فجعله في حجزته، ثم أقبل فحمل رسول الله صلی الله عليه وسلم أحدهما وحمل علي عليه السلام الآخر. أخرجه الدولابي في الذرية الطاهرة

اسماء بنت عمیس فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس آئے اور فرمایا میرے بیٹے یعنی حسنؑ اور حسینؑ کہاں ہیں؟ عرض کیا صبح کو ہمارے گھر میں کھانے کی کوئی چیز موجود نہ تھی، علی علیہ السلام نے فرمایا، میں دونوں کو اپنے ساتھ لے جاتا ہوں، کیونکہ تمہارے پاس کوئی چیز موجود نہیں ہے مجھے خوف لاحق ہے کہیں تمہارے سامنے رونے نہ لگ جائیں۔ آپ دونوں شہزادوں کو لیکر فلاں یہودی کے پاس گئے ہیں۔ رسول اللہ علیؑ کی طرف روانہ ہوگئے، آپ نے دونوں کو بالاخانہ میں کھیلتے ہوئے پایا، دونوں کے ہاتھوں میں کافی کھجوریں موجود تھیں، آنحضرتؐ نے علیؑ سے فرمایا، میرے بیٹوں کو سخت دھوپ سے پہلے گھر نہیں لے جاؤ گے؟ عرض کیا گھر میں کوئی چیز نہیں ہے۔ یا رسول اللہ اگر آپ تشریف رکھیں تو میں فاطمہ کے لئے کھجوریں اکٹھی کر لوں، آنحضرت بیٹھ گئے، علیؑ ایک کھجور کے عوض ایک ڈول

Presented by www.ziaraat.com

في مسند أسماء بنت عميس عن فاطمة

(شرح) المربة ـ بالفتح والضم الغرفة وحجزة الإزار: معقده وحجزة السراويل التي فيها التكة

وعن أبي سويد المدني قال: لما أهديت فاطمة إلى علي لم تجد عنده إلا رملا مبسوطا ووسادة وجرة وكوزا فأرسل رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقرب امرأتك حتى آتيك ... وذكر قصة دخوله عليه وقد تقدمت في الخصائص * وعن علي عليه السلام أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما زوجه فاطمة بعث معها بخميلة ووسادة من أدم حشوها ليف ورحاتين وسقاء وجرتين فقال علي لفاطمة ذات يوم: والله لقد سنوت حتى لقد اشتكيت صدري وقد جاء الله أباك بسبي، فاذهبي فاستخدميه فقالت: وأنا والله قد طحنت حتى مجلت يداي فأتت النبي صلى الله عليه وسلم فقال: ما حاجتك يا بنية؟ قالت جئت لأسلم عليك واستحيت أن تسأله، ورجعت. فقالت استحييت أن أسأله، فأتيناه جميعا فقال علي: يا رسول الله، لقد سنوت حتى اشتكيت صدري. وقالت فاطمة: وقد طحنت حتى

پانی کا یہودی کے لئے نکالنے، آپ نے کچھ کھجوریں جمع کر کے شلوار کے ازار بند کے اندر ڈال دیں، پھر ایک شہزادہ کو رسول اللہ نے اور دوسرے کو علیؑ نے اٹھا لیا۔ گھر تشریف لائے،

ابو سوید مدنی نے کہا کہ جب فاطمۂ علیؑ کے گھر میں تشریف لائیں تو آپ کے گھر میں ریت پھیلی ہوئی تھی، علیؑ کے پاس صرف ایک تکیہ، ایک گھڑا، اور ایک پیالہ موجود تھا،

علی علیہ السلام نے کہا کہ جب فاطمۂ کی رسول اللہ نے میرے ساتھ شادی کی تو فاطمۂ کو مندرجہ ذیل چیزیں عطا کیں، ایک گدا، کھجور کی پتیوں سے بھرا ہوا ایک تکیہ، دو چکیاں، پانی پینے کا پیالہ اور دو گھڑے۔

ایک روز علیؑ نے فاطمۂ سے کہا خدا کی قسم پانی بھرتے بھرتے تھک گیا ہوں آپ کے باپ کے پاس قیدی آئے ہیں، جاکر آپ ایک نوکر لے آؤ، عرض کیا چکی پیستے پیستے میرے ہاتھ جواب دے گئے ہیں رسول اللہ کے پاس آئیں آنحضرتؐ نے پوچھا بیٹی کیوں آئی ہو؟ عرض کیا سلام کرنے آئی ہوں، شرم کے مارے سوال نہ کیا، اور واپس آ گئی، علیؑ سے کہا میں نے شرم کے مارے سوال نہیں کیا۔ دونوں آنحضرتؐ کے پاس آئے۔ علیؑ نے عرض کیا یا رسول اللہ پانی

Presented by www.ziaraat.com

مجلت يداى، وقد جاء الله بسبى وسعة فأخدمنا قال: والله لا أعطيكما وأدع أهل الصفة تطوى بطونهم لا أجد ما أنفق عليهم، ولكن أبيعه وأنفق عليهم أثمانهم فرجعا فأتاهما صلى الله عليه وسلم وقد دخلا فى قطيفتهما إذا غطت رؤسهما انكشفت أقدامهما، وإذا غطت أقدامهما انكشفت رؤسهما، فثارا فقال: مكانكما. ثم قال: ألا أخبركما بخير مما سألتمانى؟ قالا: بلى، قال: كلمات علمنيهن جبريل عليه السلام، فقال تسبحان دبر كل صلاة عشراً وتحمدان عشراً وتكبران عشراً، وإذا أويتما إلى فراشكما فسبحا ثلاثاً وثلاثين، واحمدا ثلاثاً وثلاثين، وكبرا أربعاً وثلاثين. قال علی فما تركتهن منذ علمنيهن رسول الله صلى الله عليه وسلم. فقيل له: ولا ليلة صفين؟ قال: ولا ليلة صفين. أخرجه أحمد

(شرح) الخميلة: لعله أراد بها الطنفسة ويقال لها الخمل، وسنوت استقيت. والسانية: الناضحة التى يستقى عليها. ومجلت: تنفطت من العمل والسبى والسبا: الأسرى. قاله الجوهرى وقال غيره: السبى: النهب وأخذ الناس

بھرنے بھرنے میرا سینہ زخمی ہو گیا ہے، فاطمہؑ نے عرض کیا چکی پیستے پیستے میرے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قیدی اور مال دیا ہے، ہمیں ایک نوکر عطا فرمائیے۔ فرمایا میں تم کو کچھ نہیں دوں گا۔ یہ سارا مال اہل صفہ پر خرچ کروں گا، جن کے پیٹ بھوک کی وجہ سے پیٹ سے لگ گئے ہیں۔ دونوں واپس آ گئے اور اپنے لحاف میں لیٹ گئے۔ اگر دونوں اپنے سروں کو چھپاتے تو پاؤں برہنہ ہو جاتے، اگر پاؤں چھپاتے سر برہنہ ہو جاتے۔ رسول اللہ تشریف لائے دونوں اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ فرمایا اپنی جگہ لیٹے رہو، کیا میں تمہیں ایک ایسی بات سے آگاہ کروں جسکا تم نے مجھ سے سوال نہیں کیا، عرض کیا، کیوں نہیں۔ فرمایا جبرائیلؑ نے مجھے کچھ کلمات تعلیم کئے ہیں۔ جن کو ہر نماز کے بعد تلاوت کرنا۔ دس دفعہ سبحان اللہ، دس دفعہ الحمد للہ اور دس دفعہ اللہ اکبر، جب بستر پر سونے لگو تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہنا۔ علی علیہ السلام نے فرمایا جب سے مجھے رسول اللہ نے ان کلمات کی تعلیم دی ہے میں نے آجتک ان کی تلاوت ترک نہیں کی، کسی نے پوچھا صفین کی رات کو بھی ان کو ترک نہیں کیا، فرمایا صفین کو رات کو بھی ان کلمات کی تلاوت نہیں چھوٹی

Presented by www.ziaraat.com

عبيدا. وأما السبية: المرأة المنهوبة فعيلة بمعنى مفعولة وجمعه سبايا

وعنه أن فاطمة شكت ما تلقى من أثر الرحا. فأتى النبي صلى الله عليه وسلم سبي فانطلقت فلم تجده فوجدت عائشة فأخبرتها. فلما جاء النبي صلى الله عليه وسلم أخبرته عائشة بمجيء فاطمة فجاء النبي صلى الله عليه وسلم إلينا وقد أخذنا مضاجعنا. فذهبت لأقوم فقال: على مكانكما، فقعد بيننا حتى وجدت برد قدميه على صدري. فقال ألا أعلمكما خيرا مما سألتماني؟ إذا أخذتما مضاجعكما فكبرا أربعا وثلاثين وسبحا ثلاثا وثلاثين واحمدا ثلاثا وثلاثين. فهو خير لكما من خادم يخدمكما. أخرجه البخاري وأبو حاتم

وعنه قال: شكت إلى فاطمة من الطحين فقلت: لو أتيت أباك فسألته خادما؟ قال: فأتت النبي صلى الله عليه وسلم فلم تصادفه. فرجعت مكانها. فلما جاء أخبر فأتى وعلينا قطيفة إذا لبسناها طولا خرجت منها جنوبنا وإذا لبسناها عرضا خرجت منها أقدامنا ورؤسنا فقال: يا فاطمة أخبرت أنك جئت. فهل كانت لك

علی علیہ السلام نے کہا فاطمہؑ نے آنحضرتؐ سے چکی پیسنے کی تکلیف کی شکایت کی، رسول اللہؐ کے پاس قیدی آئے تو آپ آنحضرتؐ کے پاس تشریف لائیں لیکن آپ کو گھر میں نہ پاکر واپس چلی گئیں، اور بی بی عائشہ کو آگاہ فرما گئیں۔ آنحضرتؐ تشریف لائے تو بی بی عائشہ نے آپ کو آگاہ کیا آپ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم بستروں پر لیٹ چکے تھے، ہم بستروں سے اٹھنے لگے تو فرمایا دونوں لیٹے رہو، آپ ہمارے درمیان بیٹھ گئے میں نے آپکے قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینہ میں محسوس کی، فرمایا تمہیں ایسی بھلائی سے آگاہ کروں جس کا تم نے مجھ سے سوال نہیں کیا۔ عرض کیا کیوں نہیں فرمایا (رات کو) سونے لگو تو ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر، ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور ۳۳ مرتبہ الحمد للہ کہنا یہ تمہارے لیئے خادم ملنے سے بہتر چیز ہے۔

علی علیہ السلام نے فرمایا فاطمہؑ نے مجھ سے چکی پیسنے کی تکلیف کی شکایت کی میں نے کہا باپ سے نوکر کیوں نہیں لے آتیں؟ آنحضرتؐ کے پاس آئیں مگر آپ سے ملاقات نہ ہوئی۔ جب آنحضرتؐ آئے تو آپ کو آگاہ کیا گیا، آپ ہمارے پاس تشریف لائے، ہم ایک لحاف کے اندر لیٹ چکے تھے، جب ہم اس کو طول میں اوڑھتے تو ہمارے جسم کا جنوبی حصہ برہنہ ہوتا، اگر ہم اس کو

Presented by www.ziaraat.com

حاجة؟ قالت: لا. قلت: بلى، شكت إلي من الطحين فقلت لو أتيت أباك فسألته خادماً، فقال: أفلا أدلكما على ما هو خير لكما؟ إذا أخذتما مضاجعكما ثم ذكر معناه أخرجه أبو حاتم

وعن أم سلمة رضي الله عنها قالت: جاءت فاطمة إلى النبي صلى الله عليه وسلم تشتكي أثر الخدمة وتسأله خادماً، قالت: يا رسول الله لقد مجلت يداي من الرحا، أطحن مرة وأعجن مرة، فقال لها: إن يرزقك الله شيئاً سيأتيك، وسأدلك على خير من ذلك إذا لزمت مضجعك فسبحي الله ثلاثاً وثلاثين، وكبري الله ثلاثاً وثلاثين واحمدي الله أربعاً وثلاثين، فتلك مائة، فهو خير لك من الخادم. أخرجه الدولابي

عرض کے لحاظ سے اوڑھتے تو ہمارے قدم اور سر برہنہ ہو جاتے، آنحضرتؐ نے فاطمہؑ سے فرمایا مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ میرے پاس آئی تھیں، کسی حاجت کی خاطر آئی تھیں، عرض کیا نہیں میں نے کہا ہاں ایک ضرورت کی خاطر آئی تھیں، چکی پیسنے کی مجھ سے شکایت کی میں نے کہا اپنے باپ سے نوکر کیوں نہیں لاتیں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا تمہیں ایسی چیز سے کیوں نہ آگاہ کر دوں جو نوکر سے بہتر ہو؟ جب رات کو سونے لگو تو پکھے تلاوت کرو......

ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ فاطمہؑ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں، کام کرنے کی شکایت کی اور آنحضرتؐ سے نوکر طلب کیا، کہ چکی پیسنے سے میرے ہاتھ زخمی ہو گئے ہیں۔ ایک دفعہ چکی پیستی ہوں اور ایک دفعہ آٹا گوندھتی ہوں۔ فرمایا جب بستر پر سو جاؤ تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر اور ۳۴ مرتبہ الحمد للہ پڑھو، یہ یکصد مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ یہ تمہارے لئے خادم سے بہتر چیز ہے۔

ذكر تواضعه

تقدم في زهده طرف منه. ويأتي في ذكر ورعه طرف منه أيضاً وعن

آپ کا تواضع

ابو صالح پارچہ فروش اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، علی علیہ السلام نے کھجوریں خریدیں

Presented by www.ziaraat.com

أبي صالح بياع الأكسية عن جده قال: رأيت عليا اشترى تمرا بدرهم فحمله في ملحفته، فقيل: يا أمير المؤمنين ألا نحمله عنك؟ فقال أبو العيال أحق بحمله أخرجه البغوي في معجمه

وعن زيد بن وهب أن الجعد بن بعجة من الخوارج عاتب عليا في لباسه فقال: ما لكم وللباسي؟ هذا هو أبعد من الكبر، وأجدر أن يقتدي به المسلم أخرجه أحمد وصاحب الصفوة. وقد تقدم في زهده، وقوله أجدر: أي أحق وأولى، وجدير وخليق وحري بمعنى

وعن زاذان قال: رأيت عليا يمشي في الأسواق فيمسك الشسوع بيده فيناول الرجل الشسع، ويرشد الضال ويعين الحمال على الحمولة وهو يقرأ الآية تلك الدار الآخرة نجعلها للذين لا يريدون علوا في الأرض ولا فسادا والعاقبة للمتقين ثم يقول: هذه الآية نزلت في ذي القدرة من الناس. أخرجه أحمد في المناقب

وعن أبي مطر البصري أنه شهد عليا أتى أصحاب التمر وجارية تبكي عند التمار فقال: ما شأنك؟ قالت: باعني تمرا بدرهم

ان کو مخفیلے میں ڈال کر اٹھا لیا، میں نے عرض کیا یا امیر المومنین کیا ان کو میں اٹھا سکتا ہوں؟ فرمایا عیالدار ان کے اٹھانے کا زیادہ حقدار ہے

زید بن وہب نے کہا کہ جعد بن بعجہ خارجی نے علیؑ کے لباس پر اعتراض کیا۔ فرمایا تم میرے لباس کے پیچھے کیوں پڑ گئے ہو، یہ تکبر سے دُور رکھتا ہے مسلمان کے لئے مناسب ہے کہ وہ ایسا لباس زیب تن کرے۔"

زاذان سے روایت ہے کہ میں نے علی علیہ السلام کو بازار میں چلتے ہوئے دیکھا، آپ نے ہاتھ میں جوتی کا تسمہ پکڑا ہوا تھا۔ آدمی کو تسمہ دے دیتے، بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھلاتے بار بردار کی بوجھ اٹھانے میں مدد کرتے اور اس آیت کی تلاوت فرماتے: "یہ آخرت کا گھر جسکو ہم نے پرہیزگاروں کے لئے بنایا ہے جو زمین میں تکبر اور فساد نہیں کرتے۔ عاقبت پرہیزگاروں کے لئے ہے۔"

ابو مطر بصری سے مروی ہے کہ میں نے علی علیہ السلام کو خرما فروش کے ہاں دیکھا اور خرما فروش کے پاس ایک نوکرانی رو رہی تھی آپ نے نوکرانی سے پوچھا کیا بات ہے؟ عرض کیا کہ میں نے اس شخص سے ایک درہم میں یہ کھجوریں لیں، اور میرا مالک ان کو نہیں لیتا۔

Presented by www.ziaraat.com

فرده مولاي، فأبى أن يقبله، فقال: يا صاحب التمر خذ تمرك وأعطها درهمها فإنها خادم وليس لها أمر، فدفعه، فقال المسلمون: تدري من دفعت؟ قال: لا قالوا أمير المؤمنين، فصب تمرها وأعطاها درهمها وقال: أحب أن ترضى عني فقال: ما أرضاني عنك إذا أوفيت الناس حقوقهم. أخرجه أحمد في المناقب

حضرتؑ نے خرما فروش سے کہا اپنی کھجوریں لے لو اور اس کا درہم واپس کر دو، یہ نوکرانی ہے اس کے بس میں کوئی بات نہیں ہے۔ خرما فروش نے حضرت کی بات کو ٹھکرا دیا، مسلمانوں نے اس سے کہا جانتے ہو یہ کون شخص ہے؟ کہا مجھے علم نہیں ہے، انہوں نے کہا یہ تو امیر المومنینؑ ہیں۔ اس نے کھجوریں لیکر درہم واپس کر دیا حضرتؑ سے کہا آپ مجھ سے راضی ہو جائیں، فرمایا، میں اس وقت تک تم سے راضی نہیں ہونگا، جب تک تو لوگوں کے حقوق پورے نہیں کرے گا۔"

ذكر حيائه من النبي صلى الله عليه وسلم

عن علي عليه السلام قال: كنت رجلا مذاً فكنت أستحي أن أسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم لمكان ابنته مني، فأمرت المقداد بن الأسود فقال: يغسل ذكره ويتوضأ. أخرجاه

آپ رسول اللہؐ سے حیا کرتے تھے

علی علیہ السلام نے کہا، مجھے مذی بہت آیا کرتی تھی، میرے پاس رسول اللہؐ کی دختر تھیں، اس لئے یہ مسئلہ شرم کی وجہ سے آپ سے نہیں پوچھ سکتا تھا، میں نے یہ کام مقداد کے ذمہ لگایا، اس نے آنحضرتؐ سے پوچھا، فرمایا ذکر دھو کر وضو کرے۔

ذكر غيرته على النبي صلى الله عليه وسلم

عن علي عليه السلام قال: قلت لرسول الله صلى الله عليه وسلم: مالك تنوق قريش

نبی علیہ السلام کو احساس دلانا

علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ قریش کی عورتوں

وتدعنا؛ قال: وعندكم شي؛ قلت: نعم بنت حمزة، فقال صلى الله عليه وسلم إنها لا تحل لي إنها ابنة أخي من الرضاعة أخرجه مسلم، وقوله: تنوق: لعله بمعنى تأنق، ويجوز ذلك، أو يتخذ توقا وكنى به عن النساء

کی طرف رغبت کرتے ہیں اور ہم لوگوں کو چھوڑ دیا؟ فرمایا تمہارے پاس کوئی عورت موجود ہے؟ عرض کیا، جناب حمزہؓ کی بیٹی موجود ہے، فرمایا یہ میرے لئے حلال نہیں ہے، یہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

ذکر خوفه من الله عزوجل

آپ کا اللہ تعالیٰ سے خوف کرنا

تقدم وصفه صلى الله في أول الفضل في النثر معنى ذلك

اس کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔

نوٹ:- یہ کتاب اہل سنت کی ہے اس کے کل مندرجات سے علماء امامیہ کو اتفاق نہیں ہے۔ اس کتاب میں بعض ایسی احادیث نقل کی گئی ہیں جو عصمت کے منافی ہیں۔ ہم ایسی احادیث کو نہیں مانتے، وہ محض تنقیص آل محمد کی خاطر بنو امیہ کی خانہ ساز کمیٹی نے وضع کی ہیں۔

ذکر ورعه

آپ کی پرہیزگاری

عن عبد الله بن الزبير قال: دخلت على علي ابن أبي طالب يوم الأضحى فقرب إلينا خزيرة، فقلت: أصلحك الله لو قربت إلينا من هذا البط، يعني الاوز، فإن الله قد أكثر الخير، فقال: يا ابن زرير سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: لا يحل للخليفة من مال الله إلا قصعتان: قصعة

عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ میں علی علیہ السلام کی خدمت میں بقر عید کے دن حاضر ہوا، آپ نے گوشت اور آٹے سے پکا ہوا کھانا دیا، میں نے عرض کیا، خدا آپ کا بھلا کرے، اگر آپ بطخ کا گوشت کھلاتے تو اللہ تعالیٰ آپ کو بہت نیکی دیتا، فرمایا "زبیر کے فرزند میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خلیفہ

Presented by www.ziaraat.com

يأكلها هو وأهله وقصعة يصنعها بين
أيدي الناس. أخرجه أحمد

(شرح) الخزيرة: أن ينصب القدر
بلحم يقطع صغارا على ماء كثير فإذا نضج
ذر عليه الدقيق. وإن لم يكن فيها لحم
فهي عصيدة

وعن ابن عمر رضي الله عنهما
قال: حدثني رجل من ثقيف ان عليا
قال له اذا كان عند الظهر فرح علي
قال: فرحت اليه فلم أجد عنده حاجبا
يحجبني دونه، ووجدته وعنده قدح
وكوز من ماء، فدعا بظبية، فقلت في
نفسي: لقد أمنني حين يخرج إلى جوهرا
ولا أدري ما فيها، فإذا عليها خاتم فكسر
الخاتم، فإذا فيها سويق فأخذ منه قبضة
في القدح وصب عليه ماء، فشرب
وسقاني فلم أصبر فقلت: يا أمير المؤمنين
أتصنع هذا بالعراق وطعام العراق
أكثر من ذلك؟ فقال: والله ما أختم
عليه بخلا به ولكني أبتاع قدر ما
يكفيني، فأخاف أن يفنى فيوضع فيه
من غيره، وإنما حفظي لذلك، وأكره
أن يدخل بطني إلا طيبا. أخرجه في

کو اللہ تعالیٰ کے مال سے دو پیالے لینے چاہئیں
ایک پیالہ سے خود اور اپنے عیال کا گزارہ کرے
اور دوسرے پیالہ سے لوگوں کی تواضع کرے۔

ابن عمر سے روایت ہے کہ مجھے ثقیف
کے ایک آدمی نے کہا کہ مجھے علی علیہ السلام نے
کہا کہ ظہر کے وقت میرے پاس آنا، میں حاضر
ہوا۔ کوئی دربان نہیں تھا۔ آپ کے پاس
ایک پیالہ اور پانی کا کوزہ رکھا ہوا تھا۔ اپنے
چمڑے کا تھیلا منگوایا، جو مہر شدہ تھا۔ آپنے
مہر کو توڑا۔ اس میں ستو موجود تھا۔ اس میں سے
ایک مٹھی لیکر پیالے میں ڈال دی، اس میں پانی
ملا کر پیا اور ہمیں بھی پلایا۔

نوٹ

آجکل کتنے مسلمان ہیں، جو علی علیہ السلام
کی سنت پر عمل کرتے ہیں۔

مجھ سے نہ رہا گیا۔ عرض کیا یا امیر المومنین
عراق میں ایسا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہاں کھانے
پینے کی چیزیں وافر مقدار میں موجود ہیں، فرمایا
خدا کی قسم میں بخل کی وجہ سے مہر نہیں لگاتا بلکہ
اس سے اپنی ضرورت کے مطابق لیتا ہوں مجھے
اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ جب ختم ہونے لگے
تو اس میں اور نہ ڈال دیا جائے۔ اس لئے اس
کی حفاظت کرتا ہوں۔ میں پسند کرتا ہوں کہ

Presented by www.ziaraat.com

الصفوة والملاء في سيرته

وعن ابن حيان التيمي عن أبيه قال: رأيت علي بن أبي طالب على المنبر يقول: من يشتري مني سيفي هذا؟ فلو كان عندي ثمن إزار ما بعته فقام إليه رجل وقال أسلفك ثمن إزار

قال عبد الرزاق: وكانت بيده الدنيا كلها إلا ما كان من الشام. أخرجه أبو عمر، وأخرج معناه بزيادة صاحب الصفوة عن علي بن الارقم عن أبيه، ولفظه قال رأيت عليا وهو يبيع له سيفا في السوق ويقول من يشتري مني هذا السيف؟ فوالذي فلق الحبة لطال ما كشفت به الكروب عن وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم ولو كان عندي ثمن إزار ما بعته

وعن هارون بن عنترة عن أبيه قال: دخلت على علي بن أبي طالب في الخورنق وهو يرعد تحت سمل قطيفة فقلت: يا أمير المؤمنين، إن الله قد جعل لك ولأهل بيتك في هذا المال وأنت تصنع بنفسك ما تصنع؟ فقال: ما أرزؤكم من مالكم، وإنها لقطيفتي التي خرجت بها من منزلي - أو قال: من المدينة

میرے شکم میں پاک چیز داخل ہو۔

ابن حیان تیمی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا، میری یہ تلوار کون شخص خریدے گا اگر میرے پاس تہبند کی قیمت ہوتی تو میں اس کو ہرگز فروخت نہ کرتا، ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا، تہبند کی قیمت میں دیتا ہوں۔

عبدالرزاق نے کہا یہ اس وقت کی بات ہے جب شام کو چھوڑ کر تمام اسلامی سلطنت آپ کے قبضہ میں تھی۔

علی بن ارقم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام کو بازار میں اپنی تلوار فروخت کرتے ہوئے دیکھا۔ فرماتے تھے میری یہ تلوار کون خریدے گا! قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ میں شگاف ڈالا، میں نے اس تلوار کے ذریعے بہت سی جنگیں رسول اللہ سے دور کی تھیں، اگر میرے پاس تہبند کی قیمت ہوتی تو میں اس کو فروخت نہ کرتا۔

ہارون بن عنترہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں خورنق میں علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ پرانے لحاف میں کانپ رہے تھے، عرض کیا امیرالمومنین خداوند عالم نے آپ کا اور آپ کے گھر والوں کا

Presented by www.ziaraat.com

(شرح) السمل: الخلق. و القطيفة: دثار مخمل، والجمع قطائف وقطف أيضا كصحيفة وصحف — أرزئكم: أصيب منكم، أصيب منكم، والرزء: المصيبة والجمع أرزاء

وعن ابن مطرف قال: رأيت عليا مؤتزرا بإزار، مرتديا برداء، ومعه الدرة كأنه أعرابي بدوي، حتى بلغ سوق الكرابيس فقال: يا شيخ أحسن بيعي في قميص بثلاثة دراهم، فلما عرفه لم يشتر منه شيئا، فأتى غلاما حدثا فاشترى منه قميصا بثلاثة دراهم ثم جاء أبو الغلام فأخبره، فأخذ أبوه درهما ثم جاء به فقال: هذا الدرهم يا أمير المؤمنين، فقال: ما شأن هذا الدرهم؟ قال: كان القميص ثمن درهمين قال: باعني رضاي وأخذ رضاه. أخرجها صاحب الصفوة، وخرج الثاني أحمد في المناقب

(شرح) الكرباس: فارسي معرب بكسر الفاء، والكرباسة أخص منه، والجمع كرابيس، وهي ثياب خشنة

وعن عمرو بن يحيى عن أبيه قال:

اس مال میں حق مقرر کیا ہے، اور آپ اپنی ذات کیساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔ فرمایا میں تمہارے مال کو کوئی نقصان نہیں دینا چاہتا یہ میرا وہ پھٹا ہوا لحاف ہے جس کو لیکر میں گھر سے نکلا تھا۔ یا مدینہ سے نکلا تھا۔

ابن مطرف نے کہا کہ میں نے علی علیہ السلام کو ایک چادر باندھے ہوئے اور دوسری چادر شانے پر ڈالے ہوئے۔ ہاتھ میں کوڑا لئے ہوئے آپ دیہاتی معلوم ہوتے تھے دیکھا۔ آپ کھدر بیچنے والوں کے بازار میں تشریف لائے اور فرمایا اے شیخ مجھے تین درہم میں صرف ایک قمیض دیدو، جب دکاندار نے آپ کو پہچان لیا تو آپ نے اس سے کوئی چیز نہ خریدی۔ اور ایک لڑکے کی دکان پر آئے اس سے تین درہم میں قمیض خرید فرمائی، جب لڑکے کا والد آیا تو لڑکے نے اسے آگاہ کیا۔ لڑکے کا والد درہم لیکر حضرتؑ کی خدمت میں آیا، عرض کیا یا امیر المومنینؑ یہ درہم لے لو، فرمایا کیوں؟ عرض کیا قمیض کی قیمت دو درہم تھی، فرمایا میں نے اپنی مرضی سے خریدی تھی۔

عمر بن یحیی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ کی خدمت میں گھی اور شہد کی مشکیں پیش کی گئیں، ایک روز آپ نے

Presented by www.ziaraat.com

أهدي إلى علي بن أبي طالب أزقاق سمن وعسل، فرآها قد نقصت، قال: فقيل له بعثت أم كلثوم فأخذت منه، فبعث إلى المقومين فقوموا خمسة دراهم، فبعث إلى أم كلثوم: إبعثي لي خمسة دراهم أخرجه في الصفوة * وعن عاصم بن كليب عن أبيه قال: قدم على علي ابن أبي طالب مال من أصبهان، فقسمه سبعة أسباع، فوجد فيه رغيفا، فقسمه سبع كسر وجعل على كل جزء كسرة، ثم أقرع بينهم أيهم يعطى أول؟ أخرجه أحمد والقلعي

وعن الأعمش قال: كان يغذي ويعشي، ويأكل هو من شيء يجيئه من المدينة * وعن أبي صالح قال: دخلت على أم كلثوم بنت علي وإذا هي تمتشط ستر بيني وبينها، فجاء حسن وحسين فدخلا عليها وهي جالسة تمتشط، فقالت: ألا تطعمون أبا صالح شيئا؟ قال: فأخرجوا إلي قصعة فيها مرق بحبوب، قال: فقلت تطعمون هذا وأنتم أمراء؟ قالت أم كلثوم: يا أبا صالح، كيف لو رأيت أمير المؤمنين يعني عليا، وأتي بأترج، فذهب حسين فأخذ منها أترجة فنزعها من يده ثم أمر به فقسم

ان کو ملاحظہ فرمایا جن میں آپ نے کمی محسوس کی۔ آپ سے کہا گیا کہ ام کلثوم آئی تھیں اور اس میں سے لے گئی تھیں۔ آپ نے وزن کرنے والوں کے پاس مشک بھیج دی۔ انہوں نے کہا اس میں پانچ درہم کی کمی ہے آپ نے ام کلثوم کے پاس کسی کو بھیجا کہ پانچ درہم میرے پاس بھیج دو۔

عاصم بن کلیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ کے پاس اصفہان سے مال آیا۔ آپ نے اس کو سات حصوں پر تقسیم کر دیا اس میں ایک روٹی تھی اس کو بھی سات حصوں میں تقسیم فرمایا پھر آپ نے قرعہ ڈالا جس کا قرعہ نکلتا اس کو مال پہلے مل جاتا۔

اعمش نے کہا کہ حضرت علیؑ اس مال پر گزارہ کرتے جو آپ کے پاس مدینہ سے آیا کرتا تھا۔

ابو صالح کا بیان ہے کہ میں ام کلثوم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کنگھی فرما رہی تھیں، میرے اور آپ کے درمیان پردہ حائل تھا حسنؑ اور حسینؑ تشریف لائے اور آپ کے پاس چلے گئے آپ نے دونوں سے فرمایا ابو صالح کو کوئی چیز کیوں نہیں کھلاتے؟ وہ پیالے میں شوربا لائے جس میں دانے ملے ہوئے تھے۔ میں نے عرض کیا امیر ہو کر یہ چیز کھاتے ہو! ام کلثوم نے مجھ سے

Presented by www.ziaraat.com

بين الناس ؟

فرمایا - اگر امیر المومنین علی کو دیکھتے تو تجھے پتہ چلتا - ایک روز آپ کے پاس ترنج (لیموں کی قسم کا پھل) آئے - ان میں سے حسینؑ نے ایک ترنج اٹھا لیا حضرتؑ نے ان سے چھین لیا اور حکم دیا کہ لوگوں میں تقسیم کیا جائے -

ذکر عدله فی رعیه

تقدم فی ذکر ورعه آنفا طرف منه

وعن کریمة بنت همام الطائیة

قالت : کان علی یقسم فینا الورس بالکوفة

قال فضالة : حملنا علی العدل منه أخرجه

أحمد فی المناقب

آپ کا رعیت میں انصاف کرنا

کریمہ بنت ہمام طائیہ نے کہا کہ علی علیہ السلام کوفہ میں ہمارے درمیان ورس تقسیم فرمایا کرتے تھے ، فضالہ نے کہا ہم نے آپ کی اس بات کو انصاف پر محمول قرار دیا -

ذکر تفقد احوالهم

عن أبی الصهباء قال : رأیت علی

بن أبی طالب بشط الکلاء یسأل عن

الأسعار

رعایا کے حالات دریافت کرنا

ابو الصہباء کا بیان ہے میں نے علی علیہ السلام کو شط الکلاء میں دیکھا آپ چیزوں کے بھاؤ دریافت فرما رہے تھے -

حضرتؑ کے حالات ہماری کتاب

علیؑ رسولؐ کی نگاہ میں

ایک دفعہ ضرور ملاحظہ فرمائیں

"مکتبة الساجد" ملتان نے شائع کی ہے !

Presented by www.ziaraat.com

ذکر شفقته على أمة محمد صلى الله عليه وآله في الجاهلية والاسلام وتخفيف الله عزوجل عن الأمة بسببه

عن علي بن أبي طالب قال: لما نزلت يا أيها الذين آمنوا إذا ناجيتم الرسول فقدموا بين يدي نجواكم صدقة. قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ترى دينار؟ قلت: لا يطيقونه. قال: فكم؟ قلت: شعيرة. قال إنك لزهيد. فنزلت: أأشفقتم أن تقدموا بين يدي نجواكم صدقات ... الآية. قال فبي خفف الله عن هذه الأمة. أخرجه أبو حاتم. * وعن ابن عباس رضي الله عنهما انه قال: ألا أخبركم باسلام أبي ذر؟ قال، قلنا: بلى. قال: قال أبو ذر كنت رجلا من غفار: فبلغنا أن رجلا قد خرج بمكة يزعم انه نبي. فقلت لأخي: انطلق الى هذا الرجل بمكة و ائتني بخبره فانطلق فلقيه ثم رجع. فقلت: ما عندك؟ قال: والله لقد رأيت رجلا يأمر بالخير وينهى عن الشر. فقلت: لم تشفني من الخبر. فأخذت جرابا وعصا ثم أقبلت إلى مكة

آپ کا محمدؐ کی اُمت پر مہربانی کرنا، آپ کے سبب سے اللہ تعالیٰ نے اس اُمت پر تخفیف کی

علی علیہ السلام نے فرمایا جب آیت "اے ایمان والو جب رسولؐ سے راز کی بات کرو تو صدقہ دیا کرو" نازل ہوئی تو آنحضرتؐ نے مجھ سے پوچھا کہ صدقہ ایک دینار ہونا چاہیئے عرض کیا لوگوں میں اس قدر طاقت نہیں ہے فرمایا پھر کس قدر ہونا چاہیئے، عرض کیا "ایک جو" فرمایا "تم بہت زاہد ہو" یہ آیت نازل ہوئی "ا اشفقتم ..... فرمایا میری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس آیت پر تخفیف کی۔

ابن عباس نے کہا کیا میں ابوذرؓ کے اسلام لانے کے بارے میں آگاہ کردوں، ہم نے عرض کیا، کیوں نہیں۔ کہا کہ ابوذرؓ نے کہا میں غفار قبیلے کا آدمی ہوں، ہمیں معلوم ہوا کہ مدینہ میں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے میں نے اپنے بھائی سے کہا مکہ میں جاکر اس شخص کے حالات معلوم کرو، اور مجھے آگاہ کرو. میرا بھائی گیا اور آنحضرتؐ سے مل کر واپس آگیا میں نے اس سے آپ کے حالات معلوم کئے کہا

Presented by www.ziaraat.com

فجعلت لا أعرفه وأكره أن أسأل
عنه. وأشرب من ماء زمزم وأكون
في المسجد. قال: فمر بي علي. فقال: كأن
الرجل غريب؛ قال: قلت: نعم؛ قال:
فانطلق إلى المنزل. فانطلقت معه لا
يسألني عن شئ ولا أخبره، فلما أصبحت
غدوت إلى المسجد لأسأل عنه وليس
أحد يخبرني عنه بشئ؛ قال: فمر بي علي
فقال: أما آن للرجل أن يعرف منزله؟
قال: قلت: لا. قال: فانطلق معي، فذهبت
معه ولا يسأل أحدنا صاحبه عن شئ
حتى إذا كان اليوم الثالث فعل مثل ذلك
فأقامه علي معه، ثم قال له: ألا تحدثني؟
قال فقال: ما أمرك وما أقدمك هذه
البلد؟ قال: قلت له إن كتمت علي
أخبرتك؛ قال فقلت له: بلغنا أنه
خرج ههنا رجل يزعم أنه نبي. فأرسلت
أخي ليكلمه. فرجع ولم يشفني من الخبر
فأردت أن ألقاه. فقال: أما إنك قد
شذت، هذا وجهي إليه فاتبعني
وادخل حيث أدخل. فإني إن رأيت
أحدا أخافه عليك قمت إلى الحائط
كأني أصلح نعلي. وامض أنت فمضى

کہ میں نے آپ کو نیکی کا حکم کرتے اور برائی
سے منع کرتے پایا ہے۔ مجھے بھائی کی بات
سے تسلی نہ ہوئی۔ میں جراب اور عصا لیکر مکہ کی
طرف روانہ ہوگیا۔ میں آنحضرتؐ کو جانتا نہ تھا
کسی دوسرے سے آپ کے بارے میں پوچھنا بھی پسند
نہیں کرتا تھا۔ چاہ زمزم کا پانی پی کر مسجد میں
آکر بیٹھ جاتا، ایک روز علی علیہ السلام میرے
پاس سے گزرے، فرمایا تم مسافر ہو؟ میں نے
عرض کیا ہاں۔ فرمایا میرے گھر چلو، میں آپ
کے ساتھ چل پڑا۔ حضرت نے کوئی بات مجھ
سے نہ پوچھی۔ اور نہ میں نے آپ کو کچھ بتایا
صبح کو میں پھر مسجد میں آگیا، میں نے رسول
اللہؐ کے بارے میں کسی سے نہ پوچھا اور نہ ہی
کسی شخص نے آپ کے بارے میں مجھے آگاہ کیا
پھر علی علیہ السلام کا گزر ہوا۔ فرمایا۔ اب تو تجھے
اس شخص کے گھر کے بارے میں علم ہونا چاہیئے۔
عرض کیا ابھی معلوم نہیں ہوا۔ فرمایا میرے ساتھ
چلو میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ ہم نے آپس میں
کوئی بات نہ کی، تیسرے روز بھی ایسا ہی واقعہ
ہوا۔ علیؑ نے ابوذرؓ کو ساتھ لیا۔ فرمایا تم مجھ
سے بات کیوں نہیں کرتے۔ تمہارا کیا قصہ ہے
اس شہر میں کیوں آئے ہو؟ عرض کیا اگر میری
بات پوشیدہ رکھو گے تو بتاؤں گا۔ میں نے

Presented by www.ziaraat.com

وغنمت معه حتى دخلت معه على النبي صلى الله عليه وسلم فقلت له أعرض علي الاسلام، فعرضه فأسلمت أخرجه البخاري

وفي الحديث قصة ذكرناها مستوعبة في مناقب العباس

عرض کیا کہ یہاں ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے میں نے اپنے بھائی کو حالات معلوم کرنے یہاں بھیجا ہے۔ اس نے مجھے آکر حالات سے آگاہ کیا لیکن میری تسلی نہیں ہوئی، اب میں اس شخص سے خود ملنا چاہتا ہوں۔ فرمایا تم نے ہدایت پائی، تم میرے ساتھ چلے آؤ۔ اگر میں نے کسی ایسے شخص کو دیکھا جس سے تیرے بارے میں خطرہ لاحق ہوا تو دیوار کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنی جوتی ٹھیک کرنے لگ جاؤں گا تم چلتے رہنا۔ میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ ہم رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، میں نے آنحضرتؐ سے کہا، آپ مجھے اسلام کی تعلیم دیجئے، آپ نے اسلام پیش کیا۔ میں مسلمان ہو گیا

ذكر اسلام همدان على يديه

عن البراء بن عازب قال: بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم خالد بن الوليد إلى أهل اليمن يدعوهم إلى الاسلام، قال وكنت فيمن سار معه، فأقام عليهم ستة أشهر لا يجيبونه الى شيء، فبعث النبي صلى الله عليه وسلم علي ابن أبي طالب وأمره أن يرسل خالداً ومن معه الا من أراد البقاء مع علي فيتركه. قال البراء: وكنت مع من

آپ کے ہاتھوں قبیلہ ہمدان کا اسلام لانا

براء بن عازب کا بیان ہے کہ رسول اللہ نے اہل یمن کی طرف خالد بن ولید کو اسلام کی دعوت دینے کے لئے روانہ فرمایا، میں بھی آپ کے ساتھ تھا۔ خالد چھ ماہ رہا۔ مگر ایک شخص بھی مسلمان نہ ہوا۔ رسول اللہ نے علیؑ کو بھیجا اور کہا کہ خالد اور ان لوگوں کو جو خالد کے ساتھ گئے ہیں واپس بھیج دو، مگر جو لوگ علیؑ کے ساتھ رہنا چاہیں ان کو رہنے دینا۔ براء نے کہا میں علیؑ کے ساتھ رہا

Presented by www.ziaraat.com

عقب مع علی، فلما انتهینا الی أوائل الیمن بلغ القوم الخبر، فجمعوا له فصلی علی بنا الفجر، فلما فرغ صفنا صفا واحدا ثم تقدم بین أیدینا فحمد الله وأثنی علیه، ثم قرأ علیهم کتاب رسول الله صلی الله علیه وسلم، فأسلمت همدان کلها فی یوم واحد، وکتب بذلک إلی رسول الله صلی الله علیه وسلم، فلما قرأ کتابه خر ساجدا وقال: السلام

سوار جب ہم یمن میں داخل ہوئے تو لوگوں کو اس بات کا علم ہو گیا۔ وہ حضرتؑ کی خاطر جمع ہو گئے، علی علیہ السلام نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی، جب فارغ ہوئے تو ہم ایک قطار میں کھڑے ہو گئے، آپؑ ہمارے سامنے تشریف لا کر خدا کی حمد و ثنا کے بعد اہلِ یمن کو رسول اللہ کا خط پڑھ کر سنایا، سارا اہلِ ہمدان ایک دن میں مسلمان ہو گیا۔ علی علیہ السلام نے خط کے ذریعہ اس بات سے آنحضرتؐ کو آگاہ کیا۔ رسول اللہ نے جب خط پڑھا تو سجدہ ریز ہو گئے اور دو دفعہ فرمایا۔

"اہلِ ہمدان پر سلام ہو"

ذکر إثبات أفضلیته بقتل الخوارج

خارجیوں کو قتل کرنے میں آپکی فضیلت

عن عبیدة السلمانی قال: ذکر علی الخوارج فقال فیهم رجل مخدج الید، أو مودن الید. لولا أن تبطروا لأخبرتکم بما وعد الله تعالی علی لسان نبیه محمد صلی الله علیه وسلم لمن قتلهم. قال فقلت لعلی: أسمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم؟ قال أی ورب الکعبة. ثلاثا. أخرجه مسلم

(شرح) البطر: الأشر وهو شدة المرح، تقول منه بطر بالکسر یبطر، وأبطره

عبیدہ سلمان نے کہا کہ علی علیہ السلام نے خوارج کا ذکر کیا، فرمایا ان میں سے ایک شخص ناقص ہاتھ والا ہوگا۔ اگر تم نہ اتراتے تو میں تم کو اس بات سے ضرور آگاہ کرتا، جس کا اللہ نے اس شخص کے قتل کرنے والوں سے رسول اللہ کی زبانی وعدہ کیا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے علی علیہ السلام سے پوچھا کیا آپ نے اس بات کو رسول اللہ سے سنا تھا؟ آپ نے تین دفعہ فرمایا "ربِ کعبہ کی قسم سنا تھا"۔

Presented by www.ziaraat.com

المال. وتقول بطرك عيشك كما تقول رشدت أمرك. ومخدج اليد: ناقصها ومنه حديث الصلاة فهي خداج يقال خدجت الناقة إذا ألقت ولدها لغير تمام. ومودن اليد ومودى ومودون اليد معناها ناقصها أيضا، ومنه قول العرب ودنت الشيء وأودنته إذا نقصته

وعن عبيد الله بن أبي رافع مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أن الحرورية لما خرجت وهو مع علي، فقالوا: لا حكم إلا لله فقال علي: كلمة حق أريد بها باطل. إن رسول الله صلى الله عليه وسلم وصف لنا أناسا إني لأعرف وصفهم في هؤلاء. يقولون الحق بألسنتهم لا يجوز هذا منهم. وأشار إلى حلقه من أبغض خلق الله إلى الله. فيهم أسود إحدى يديه حلمة ثدي. فلما قتلهم علي عليه السلام قال: انظروا فلم يجدوا، فقال ارجعوا، فوالله ما كذبت ولا كذبت مرتين أو ثلاثا. ثم وجدوه في خربة فأتوا به حتى وضعوه بين يديه. قال عبيد الله وأنا حاضر ذلك من أمرهم وقول علي فيهم. أخرجه أبو حاتم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام عبداللہ بن ابی رافع سے مروی ہے کہ جب خوارج نے خروج کیا، تو میں علیؑ کے ساتھ تھا۔ خوارج نے کہا "حکم صرف خدا کا ہے"۔ علیؑ نے فرمایا "یہ بات تو ٹھیک ہے مگر ان کا اس کلمہ سے مقصد باطل کی اشاعت ہے۔ رسول اللہؐ نے ہم سے ایسے اشخاص کی نشاندہی کی تھی جو ان لوگوں میں موجود ہیں۔ جو زبان سے حق بات کہتے ہیں مگر وہ بات ان کے حلق سے نیچے نہیں اترتی، ان میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سیاہ شخص ہے جس کے ایک ہاتھ پر عورت کے پستان کے سر کی مانند ایک چیز ہوگی، علیؑ نے ان کو قتل کیا اور اپنے اصحاب سے فرمایا، ناقص ہاتھ والے شخص کو تلاش کرو، انہوں نے تلاش کیا، لیکن نہ پایا۔ فرمایا پھر تلاش کرو۔ دو یا تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا اور نہ ہی کبھی میری بات جھوٹی ثابت ہوئی۔ دوبارہ تلاش کرنے سے اس شخص کی لاش ایک ویرانہ میں مل گئی اس کی لاش کو لاکر حضرتؑ کے سامنے رکھ دیا گیا۔ عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے ان لوگوں کی کاروائی کو دیکھا اور حضرتؑ کے فرمان کو ان کے بارے میں سنا۔"

Presented by www.ziaraat.com

(شرح) الحرورية: قوم ينسبون الى
حروراء وهي بلد الخوارج، وعن زيد بن
وهب الجهني انه كان في الجيش الذي
كان مع علي بن أبي طالب الذين ساروا
الى الخوارج، فقال علي: يا أيها الناس
إني سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم يقول: يخرج من أمتي قوم يقرأون
القرآن، ليس قراءتكم إلى قراءتهم بشيء
ولا صلاتكم الى صلاتهم بشيء، ولا
صيامكم الى صيامهم بشيء يقرأون
القرآن يحسبون انه لهم وهو عليهم
لا تجاوز صلاتهم تراقيهم، يمرقون
من الدين كما يمرق السهم من الرمية
لو يعلم الجيش الذين يصيبونهم ما قضى
الله لهم على لسان محمد صلى الله عليه
وسلم لنكلوا عن العمل، وآية ذلك
ان فيهم رجلا له عضد ليس له ذراع
على رأس عضده مثل حلمة الثدي
عليه شعرات بيض، فتذهبون الى
معاوية وأهل الشام وتتركون هؤلاء
يخلفونكم في ذراريكم وأموالكم، والله
إني لأرجو أن يكونوا هؤلاء القوم فإنهم
سفكوا الدم الحرام، وأغاروا في سرح

زید بن وہب جہنی نے کہا کہ میں اس لشکر
میں موجود تھا، جو علی علیہ السلام کیساتھ خوارج
سے لڑنے کے لئے گیا تھا۔ علی علیہ السلام
نے فرمایا "اے لوگو! میں نے رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ
میری امت سے ایک قوم خروج کرے گا۔ جو
قرآن کو پڑھتی ہوگی، مگر تمہاری قرأت اور ان
کی قرأت میں کوئی نسبت نہیں ہوگی، تمہارے
روزے سے ان کے روزے کو کوئی لگاؤ نہ
ہوگا۔ وہ قرآن کو اس نیت سے پڑھتے
ہوں گے کہ اس سے ان کو ثواب ملے گا۔
حالانکہ وہ الٹا ان کے لئے وبال ہوگا۔ ان
کی نماز ان کے حلقوم سے نیچے نہیں جائے گی
وہ دین سے اس طرح خارج ہو جائیں گے
جس طرح تیر کمان سے خارج ہو جاتا ہے اگر
اس لشکر کو اس بات کا علم ہو جائے جو ان کو
قتل کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی
زبانی ان کے لئے کس قدر اجر مقرر کیا ہے تو
وہ لوگ عمل کرنا چھوڑ دیں۔ دین سے خروج
کرنے والوں کی نشانی یہ ہوگی کہ ان میں ایک
شخص ہوگا۔ جسکا بازو اور کلائی نہیں ہوگی
اس کے بازو کے سرے پر عورت کے پستان
کے سرکی مانند ایک چیز ہوگی جس پر سفید

Presented by www.ziaraat.com

الناس فسيروا على اسم الله تعالى قال سلمة بن كهيل: فلما التقينا وعلى الخوارج يومئذ عبد الله بن وهب الراسبي فقال لهم ألقوا الرماح، وسلوا سيوفكم من جفونها، فإني أخاف أن يناشدوكم كما ناشدوكم يوم حروراء، فرجعوا فوحشوا برماحهم وسلوا السيوف فشجرهم الناس برماحهم فقتل بعضهم على بعض، وما أصيب من الناس يومئذ إلا رجلان فقال على التمسوا فيهم المخدج، فالتمسوه فلم يجدوه، فقام على بنفسه حتى أتى ناسا قد قتل بعضهم على بعض قال أخروهم فوجدوه مما يلي الارض، فكبر على ثم قال صدق الله وبلغ رسوله فقام إليه عبيدة السلماني، فقال: يا امير المومنين والله الذى لا إله إلا هو لسمعت هذا الحديث من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أى والله الذى لا اله إلا هو حتى استحلفه ثلاثا وهو يحلف له. أخرجه مسلم

وفى رواية قال: فخروا سجودا عند وجود المخدج، وخر على ساجدا معهم

وفى رواية: قال أبو الوضئ: فكأني أنظر

بال ہونگے۔

سلمہ بن کہیل کا بیان ہے کہ ہم نے خوارج سے جہاد کیا اور خوارج کا سردار عبداللہ بن وہب راسبی تھا، عبداللہ نے اپنے لشکر سے کہا نیزے پھینک دو اور تلواریں میان سے نکال لو، انہوں نے نیزے پھینک دیئے اور تواریں نکال لیں (علی علیہ السلام کے) لشکر نے ان کو نیزوں پر رکھ لیا اور قتل کر دیا، حضرتؑ کے لشکر سے صرف دو آدمی شہید ہوئے، علی علیہ السلام نے فرمایا، خوارج کے مقتولین میں لنجے ہاتھ والے کو تلاش کرو، انہوں نے تلاش کیا، مگر ان کو نہ ملا۔ حضرتؑ بذات خود لاشوں کے پاس تشریف لائے، جو ایک دوسرے پر پڑی ہوئی تھیں، فرمایا ان کو ہٹاؤ انہوں نے لاشوں کو ہٹایا تو لنجے ہاتھ والے کی لاش سب سے نیچے زمین پر پڑی ہوئی تھی۔ لاش کو دیکھ کر حضرتؑ نے تکبیر کی آواز بلند کی، فرمایا، خدا نے سچ کہا اور اس کے رسولؐ نے خدا کا پیغام پہنچایا۔

عبیدہ سلمانی نے عرض کیا "کیا یا امیرالمومنینؑ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے اس حدیث کو رسول اللہ سے سُنا تھا فرمایا" اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود

إليه حبشيا عليه ثديان، أحد ثدييه
مثل ثدي المرأة عليه شعرات مثل
شعرات تكون على ذنب اليربوع

وفي رواية: أنهم لما لم يجدوه
جاء علي بنفسه فجعل يقول: أقلبوا أقلبوا
واقلبوا حتى جاء رجل من أهل الكوفة
فقال: هو ذا، فقال علي: الله أكبر أخرجه
أحمد في المناقب

وفي رواية أنهم لما وجدوه قال
علي: هذا شيطان وهو، وهو أضلهم أخرجه
أبو الخير القزويني الحاكمي

(شرح) وحشوا برماحهم، أي ألقوها

وعن أبي سعيد أنه قال: قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم: تمرق
مارقة من الناس تقتلهم أولى الطائفتين
بالله عز وجل * وعن ابن مسعود أن
رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى منزل
أم سلمة، فجاء علي فقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم: يا أم سلمة، هذا
قاتل القاسطين والناكثين والمارقين من
بعدي أخرجه الحاكمي

(شرح) القاسطون الجائرون من
القسط بالفتح والقسوط: الجور والعدول

نہیں، میں نے رسول اللہ سے اس حدیث
کو سنا تھا۔ اس نے آپ کو تین دفعہ قسم
دی، حضرت نے تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا میں
نے رسول اللہ سے یہ حدیث سنی تھی)

ایک اور روایت میں ہے کہ جب ان
لوگوں نے لنجے ہاتھ والے کو تلاش کر لیا تو
سب کے سب سجدہ میں گر پڑے اور علی علیہ
السلام بھی ان کے ساتھ سجدہ ریز ہو گئے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ابو الوضی
نے کہا، میں نے گویا اس حبشی شخص کو دیکھا
جس کے سینے پر دو پستان تھے، ایک پستان
عورت کے پستان کی مانند تھا، جس پر
(یربوع) چوہے کی قسم کے جانور کی دم کی
مانند بال موجود تھے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ جب
علی علیہ السلام کے لشکر کو ناقص ہاتھ والا
آدمی نہ ملا، تو آپ خود اس کی تلاش میں
مصروف ہو گئے، اور اپنے آدمیوں سے
فرماتے ان لاشوں کو الٹو، ان لاشوں کو الٹو،
کوفہ کے ایک آدمی نے عرض کیا وہ شخص
یہاں موجود ہے، حضرت نے اللہ اکبر کا نعرہ
بلند فرمایا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ جب ناقص

Presented by www.ziaraat.com

عن الحق، والقسط: بالكسر العدل

ہاتھ والا تلاش کرنے کے باوجود نہ ملا تو آپ نے فرمایا۔ وہ شخص شیطان تھا اور اس سے بھی زیادہ گمراہ تھا۔

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مارقین دین سے نکل جائیں گے، ان کو وہ گروہ قتل کرے گا جو اللہ تعالیٰ پر صحیح معنوں میں ایمان لایا ہوگا۔

ابن مسعود سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بی بی ام سلمہؓ کے گھر میں تشریف لائے، اور علی علیہ السلام آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے، رسول اللہؐ نے ام سلمہؓ سے فرمایا، یہ شخص قاسطین (صفین والے) ناکثین (جمل والے) اور مارقین (نہروان والے) سے میرے بعد جہاد کرے گا۔

ذكر السبب الموجب لقتال الخوارج عليا عليه السلام

علی علیہ السلام کی خوارج سے جنگ کرنیکی وجہ

عن ابن عباس قال: اجتمعت الخوارج في دارها، وهم ستة آلاف أو نحوها، قلت لعلي بن أبي طالب يا أمير المؤمنين، أبرد بالصلاة لعلي

ابن عباس نے کہا خوارج اپنے گھر میں جمع ہوئے جن کی تعداد چھ ہزار یا اس کے لگ بھگ تھی، میں نے علی بن ابی طالبؑ سے کہا۔ یا امیر المومنینؑ آپ نماز دیر سے

Presented by www.ziaraat.com

أ لقى هؤلاء القوم، فقال: إني أخافهم عليك. قال: فقلت: كلا. قال: ثم لبس حلتين من أحسن الحلل. قال: وكان ابن عباس جميلاً جهيراً. قال فلما نظروا إلى قالوا: مرحبا بابن عباس. فما هذه الحلة؟ قال: قلت وما تنكرون من ذلك؟ لقد رأيت على رسول الله صلى الله عليه وسلم حلة من أحسن الحلل قال: ثم تلوت عليهم: قل من حرم زينة الله التي أخرج لعباده قالوا: فما جاء بك؟ قلت: جئتكم من عند أمير المؤمنين ومن عند أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن عند المهاجرين والأنصار لأبلغكم ما قالوا ولأبلغهم ما تقولون فما تنقمون من علي ابن عم رسول الله صلى الله وصهره؟ قال: فأقبل بعضهم على بعض فقال بعضهم: لا تكلموه فإن الله تعالى يقول: بل هم قوم خصمون. وقال بعضهم: ما يمنعنا من كلام ابن عم رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يدعونا إلى كتاب الله؟ قالوا: ننقم عليه خلالاً ثلاثا. قال وما هن؟ قالوا: حكم الرجال في أمر الله عز وجل، وما

ادا فرمائیں، میں ان لوگوں (خوارج) سے ملتا ہوں۔ حضرت نے کہا مجھے خطرہ لگتا ہے کہ کہیں وہ آپ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ میں نے کہا ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ ابن عباس نے دو خوب صورت جوڑے زیب تن کئے۔ آپ ایک خوب صورت اور بلند آواز والے آدمی تھے ابن عباس نے کہا جب مجھے خوارج نے دیکھا تو کہا ابن عباس کے لئے خوش آمدید ہے آپ نے کیسا لباس پہن رکھا ہے؟ میں نے کہا آپ لوگوں کو یہ کیوں ناگوار ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اس سے زیادہ خوب صورت لباس زیب تن کئے ہوئے دیکھا تھا۔ پھر میں نے ان کے سامنے یہ آیت تلاوت کی "کہدو کس نے خدا کی زینت کو حرام قرار دیا۔ جس کو اس نے اپنے بندوں کے لئے مہیا کیا"۔ خوارج نے کہا آپ کیوں تشریف لائے ہیں؟ میں نے کہا میں امیر المومنینؑ کے ہاں سے تمہارے پاس آیا ہوں۔ اصحاب رسولؐ اور مہاجرین اور انصار کی طرف سے آیا ہوں تاکہ تم تک ان کا پیام پہنچاؤں اور تمہارا پیغام ان تک لے جاؤں۔ تم لوگ علیؑ ابن عم رسولؐ اور داماد رسولؐ سے کیوں انتقام لیتے ہو، یہ سن کر وہ ایک دوسرے کی

للرجال والحكم لله ؟ وقاتل ولم يسب
ولم يغنم . فإن كان الذين قاتل قد حل
قتالهم فقد حل سبيهم وأن لم يكن
حل سبيهم فما حل قتالهم . ومحى اسمه
من أمير المؤمنين . فإن لم يكن أمير المؤمنين
فهو أمير المشركين . قال : فقلت لهم : غير
هذا ؟ قالوا : حسبنا هذا . قال : قلت : أرأيتم
إن خرجت من هذا بكتاب الله وسنة
رسوله أراجعون أنتم ؟ قالوا : وما يمنعنا ؟
قلت أما قولكم حكم الرجال في أمر الله
فإني سمعت الله عزوجل يقول في كتابه :
يحكم به ذوا عدل منكم في ثمن صيد أرنب
أو نحوه يكون قيمة ربع درهم . فرد الله
الحكم فيه إلى الرجال ، ولو شاء أن يحكم
لحكم . وقال تعالى : « وإن خفتم شقاق
بينهما فابعثوا حكما من أهله وحكما من أهلها
إن يريدا إصلاحا يوفق الله بينهما » الخ .
قالوا : نعم
قلت : وأما قولكم : قاتل ولم يسب ولم يغنم
فإنه قاتل أمكم . وقال الله تعالى : النبي
أولى بالمؤمنين من أنفسهم وأزواجه
أمهاتهم . فإن زعمتم أنها ليست بأمكم
فقد كفرتم . وإن زعمتم أنها أمكم فما

طرف دیکھنے لگے ، ایک شخص نے کہا اس (علیؑ)
سے بات تک نہ کرو ، اللہ تعالیٰ کہتا ہے یہ
جھگڑالو قوم ہے ، ایک اور خارجی نے کہا ،
ابن عم رسولؐ کیساتھ بات کرنے سے ہمیں کیا
چیز روکتی ہے حالانکہ آپ کتاب خدا کی
طرف دعوت دیتے ہیں ، خوارج نے کہا ہم
تین باتوں کی وجہ سے آپ سے بدلہ لینا چاہتے
ہیں ۔ ابن عباس نے پوچھا وہ تین باتیں
کون سی ہیں ؟ انہوں نے کہا آدمیوں نے
خدا کے امر میں حکم قرار دیا ۔ آدمی خدا کے حکم
میں کیوں دخل دیں ، جمل والوں سے جنگ
کی لیکن ان کی شکست کے بعد ان کو قیدی
نہیں کیا اور نہ ہی اُن کا مال لیا ۔ اگر جمل والوں
سے جنگ جائز تھی تو ان کو قید کرنا بھی درست
تھا ۔ اگر ان کا قید کرنا درست نہیں تھا ۔ تو
پھر ان سے لڑنا کیونکر جائز تھا ، اپنے نام سے
امیر المومنینؑ کا لفظ مٹا دیا ، جب آپ امیر المومنینؑ
نہ رہے تو امیر المشرکین ہو گئے ۔ ابن عباس
نے کہا ، میں نے اُن سے پُوچھا ، کوئی اور بات
انہوں نے کہا بس ہماری یہی باتیں ہیں ۔
ابن عباس نے کہا اگر میں یہ باتیں کتاب
خدا اور خدا کے رسولؐ کی سنت سے ثابت
کردوں (جو کام علیؑ نے کیا ہے وہ درست ہے

حل سباها، فأنتم بين ضلالين، أخرجت من هذه؟ قالوا: نعم، قال: وأما قولكم محا اسمه من أمير المؤمنين، فإني أنبئكم بذلك عمن ترضون، أما تعلمون أن رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الحديبية وقد جرى الكتاب بينه وبين سهيل بن عمرو - قال: يا علي، اكتب: هذا ما اصطلح عليه محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم وسهيل بن عمرو، فقالوا لو نعلم أنك رسول الله ما قاتلناك ولكن اكتب اسمك واسم أبيك فقال اللهم إنك تعلم أني رسولك، ثم أخذ الصحيفة فمحاها بيده، ثم قال: يا علي اكتب: هذا ما صالح عليه محمد بن عبد الله وسهيل بن عمرو، فوالله ما أخرجه الله بذلك من النبوة، أخرجت من هذا؟ قالوا: نعم. قال: فرجع ثلثهم وانصرف ثلثهم. وقتل سائرهم على الضلالة

أخرجه بكار بن قتيبة في نسخته

توکیا تم اپنے عقیدہ سے باز آجاؤ گے، انہوں نے کہا کہ پھر باز نہ آجانے کی کوئی وجہ نہیں ہوگی، آپ نے کہا کہ تمہارا یہ قول کہ علیؑ نے خدا کے حکم میں لوگوں کو حکم بنایا تو اس بات کا ثبوت قرآن میں موجود ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ "خرگوش کے شکار کی قیمت یا اس قسم کی ایسی چیز جس کی قیمت چار درہم ہو، تم میں اس بارے میں صاحب عدل لوگ فیصلہ کریں"۔ خدا نے فیصلہ کا اختیار لوگوں کو دے دیا ہے اور کہا ہے تم میں اس بارے میں صاحب عدل لوگ فیصلہ کریں۔ اگر خدا چاہتا تو خود حکم صادر کرتا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میاں بیوی میں ناچاکی ہو تو ایک حکم مرد کی جانب سے ہو اور ایک عورت کی طرف سے دونوں ان میں صلح کرا دیں اگر دونوں صلح کرنا چاہیں کیا میں نے اس بارے میں تمہاری تسلی کر دی ہے؟ انہوں نے کہا ہاں ایسا ہے تمہارا یہ قول کہ جنگ کی مگر لوگوں کو قید نہ کیا اور مال غنیمت نہ لوٹا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرتؑ نے تمہاری ماں سے جہاد کیا تھا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "نبیؐ مومنین کی جان سے افضل ہیں اور رسولؐ کی عورتیں مومنین کی مائیں ہیں۔ اگر تمہارا یہ عقیدہ ہو کہ بی بی عائشہ

Presented by www.ziaraat.com

تمہاری ماں نہیں تھی تو تم کافر ہو جاؤ گے، اگر تم یہ کہتے ہو کہ وہ ہماری ماں تھی تو پھر اس کا قید کرنا کیوں کر جائز ہوا، تم دو گمراہیوں کے درمیان ہاتھ پیر مار رہے ہو۔ کیا اب تمہاری تسلی ہو گئی؟ کہا ہاں۔ ابن عباس نے کہا کہ تمہارا یہ کہنا کہ علیؑ نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ کیوں مٹایا تو میں اس بات کے لئے ایسا ثبوت مہیا کر دوں گا، جس کو تم مان جاؤ گے۔ کیا تمہیں علم نہیں کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر رسول اللہؐ اور سہیل بن عمرو کے درمیان خط و کتابت ہو رہی تھی، اس موقع پر مشرکین مکہ نے کہا کہ ہم اگر آپ کو رسولِ خدا مانتے تو آپ سے جنگ کیوں کرتے، آپ صرف اپنا اور اپنے باپ کا نام تحریر کریں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اے معبود! تو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں۔ آپ نے صحیفہ ہاتھ میں لیا اور رسول اللہ کا لفظ اپنے ہاتھ سے مٹا دیا پھر علیؑ سے کہا لکھو یہ وہ عہد نامہ ہے جس پر محمد بن عبداللہ اور سہیل بن عمرو نے صلح کی اور رسول اللہ کا لفظ نہ لکھنے سے آپ نبوت سے خارج نہیں ہو گئے تھے، اب تسلی ہو گئی ہے، کہا ہاں، خوارج کے چھ نے توبہ کر لی، چار چلا گیا باقی گمراہ ہو کر قتل ہو گئے۔

الفصل العاشر فی خلافته

ذکر ما جاء فی صحة خلافته

والتنبیه علیها

تقدم فی باب الأربعة طرف منه، وفی باب أبی بکر وعمر وعلی کذلك

وعن عمر أنه قال حین طعن وأوصی إن ولوها الأجلح سلك بهم الطریق المستقیم - یعنی علیا - أخرجه أبو عمر

وعن عمرو بن میمون قال کنت عند عمر إذ ولی الستة الأمر، فلما جاوز أتبعهم بصره، ثم قال: لئن ولیتم هذا الأجلح لیرکبن بکم الطریق یعنی علیا أخرجه ابن الضحاك وفی لفظ: إن ولوها الأصیلع یحملهم علی الحق وإن السیف علی عنقه أخرجه القلعی

وقد تقدم فی فصل مقتل عمر

وعن عبد الرحمن بن عبید أن عمر سمع رجلا ینادی رجلا من الأنصار من بنی حارثة فقال: تجدونه یستخلف، بعد الأنصار والمهاجرین ولم یذکروا أمرکم فیحملکم علی طریقة

آپ کی خلافت

حضرت عمر کو جب نیزہ لگا تو آپ نے وصیت کی کہ اگر علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تم کو سیدھے راستے پر چلائیں گے۔

عمرو بن میمون نے کہا کہ جب عمر نے چھ افراد کو خلافت کا مستحق قرار دیا تھا تو میں آپ کے پاس موجود تھا، اگر تم علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تم کو سیدھی راہ پر لگائیں گے، ایک جگہ لفظ اصیلع کا آیا ہے کہ اگر تم علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تمہیں راہِ حق پر سوار کریں گے اور تلوار آپ کی گردن میں لٹکی ہوئی ہوگی۔

عبدالرحمٰن بن عبید سے مروی ہے بنو حارثہ میں سے انصار کا ایک آدمی اعلان کر رہا تھا کہ حضرت عمرؓ انصار اور مہاجرین میں سے فلاں فلاں شخص کو خلیفہ نامزد کریں گے، ان لوگوں نے علیؑ کا نام نہ لیا۔ عمر نے جب سنا تو کہا علیؑ کا نام کیوں نہیں لیتے؟ خدا کی قسم اگر علیؑ کو خلیفہ بناؤ گے تو وہ تمہیں حق کے راستہ پر سوار کریں گے۔

حارثہ بن مضرب نے کہا میں نے عمر کے ساتھ حج ادا کیا، تو اونٹ کو ہانکنے والا کہتا تھا کہ عمر کے بعد عثمان خلیفہ ہوگا۔ میں نے

Presented by www.ziaraat.com

الحق. أخرجه ابن الضحاك

وعن حارثة بن مضرب قال:

حججت مع عمر وكان الحادي يحدو إن إن الأمير بعده عثمان، فحججت مع عثمان، فكان الحادي يحدو: إن الأمير بعده علي. أخرجه البغوي في معجمه، وقد تقدم في ذلك أيضاً في نظيره في مناقب عثمان

وعن فضالة بن أبي فضالة الأنصاري قال: خرجت مع أبي إلى ينبع عائداً لعلي بن أبي طالب فقال له: يا أبا حسن، ما يقيمك بهذا البلد، إن أصابك أجلك لم يلك إلا أعراب جهينة، فلو احتملت إلى المدينة فأصابك أجلك وليك أصحابك فصلوا عليك، فقال: يا أبا فضالة: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم عهد إلي أن لا أموت حتى أؤمر، ثم تخضب هذه - يعني لحيته - من هذه - يعني ناصيته. أخرجه احمد في المناقب وأبو حاتم وقال: وقتل أبو فضالة مع علي بصفين. وخرجه الملاء في سيرته، وأخرجه ابن الضحاك

عثمان کیساتھ حج کیا تو اونٹ ہانکنے والا کہتا تھا کہ عثمان کے بعد علیؑ خلیفہ ہوں گے (میرے خیال میں یہ حدیث زیب داستان کے لئے ہے)

فضالہ بن ابی فضالہ انصاری نے کہا کہ میں ینبع کے چشمہ پر حضرت علیؑ کی عیادت کے لئے گیا۔ میں نے عرض کیا۔ اگر آپ فوت ہو گئے تو آپ کی تجہیز و تکفین جہینہ قبیلے کے دیہاتی کریں گے؟ فرمایا رسول اللہ نے مجھے بتایا تھا کہ مجھے اس وقت تک موت نہیں آئے گی جب تک میں خلیفہ نہ بنا لیا جاؤں پھر میری پیشانی کے خون سے میری داڑھی خضاب آلود ہو گی، ابو فضالہ صفین کی جنگ میں حضرت علیؑ کی طرف سے شہید ہوا۔

ابن عمر نے کہا کہ مجھے زندگی میں جو چیز ہمیشہ تکلیف دیتی رہی وہ یہ تھی کہ میں نے علی علیہ السلام سے ملکر باغی گروہ سے جنگ کیوں نہ کی، وہ (علیؑ) سخت گرمی میں روزہ رکھتے تھے۔"

ابن عمر کے اس قول سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ صحابہ کے نزدیک علی علیہ السلام کی خلافت درست تھی۔

عمر بن خاقان نے کہا کہ مجھے احنف بن

Presented by www.ziaraat.com

وقال بعد قوله عائذ العلي، وكان من يضا، ولم يقل حتى أوصى. وقد تقدم ذكره امته * وعن ابن عمر أنه قال: ما أساء على شئ إني لم أقاتل مع على الفئة الباغية، وعلى صوم الهواجر وفيه دليل على صحة خلافته عندهم وعن عمر بن خاقان قال، قال لي الأحنف بن قيس: لقيت الزبير فقلت له: ما تأمرني به وترضاه لي؟ قال: آمرك بعلي بن أبي طالب، قلت أتأمرني به وترضاه لي؟ قال: نعم أخرجه الحضرمي.

وعن عاصم بن عمر قال: لقي عمر عليا فقال: يا أبا الحسن. نشدتك بالله هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ولاك الامر؟ قال: إن قلت ذاك فما تصنع أنت وصاحبك؟ قال أما صاحبي فقد مضى، وأما أنا فوالله لأخلعنها من عنقي في عنقك، قال: جدع الله أنف من أبعدك من هذا؟ لا، ولكن رسول الله صلى الله عليه وسلم جعلني علما، فاذا أنا قمت فمن خالفني ضل وفي رواية أنه قال له: يا أبا

قیس نے کہا کہ میں زبیر سے ملا اور اس سے کہا کر آپ میرے لئے کون سی بات پسند فرماتے ہیں؟ کہا میں تجھے علی علیہ السلام کا ساتھ دینے کا حکم دیتا ہوں، میں نے عرض کیا آپ مجھے اس بات کا حکم دیتے ہیں اور اس کو میرے لئے پسند کرتے ہیں۔ کہا ہاں ایسا ہی ہے،

عاصم بن عمر نے کہا کہ حضرت عمر نے علی علیہ السلام سے مل کر کہا "اے ابوالحسن میں آپ کو خدا کی قسم دیکر دریافت کرتا ہوں کیا رسول اللہ نے آپ کو خلیفہ نامزد کیا تھا؟ فرمایا اگر یہ بات کہتے ہو تو تم اور تمہارے ساتھی جو چاہتے ہیں کرو؟، کہا میرا ساتھی فوت ہوچکا ہے، خدا کی قسم میں خلافت کو اپنی گردن سے اتار کر تمہاری گردن میں نہیں ڈالوں گا۔ فرمایا خدا تیری ناک کاٹے اس سے مجھے کس نے الگ رکھا ہوا ہے؟ مجھے رسول اللہ نے علم مقرر کیا تھا جب میں کسی بات کا دعویٰ کروں جو بھی میری مخالفت کرے گا، وہ گمراہ ہوگا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عمر نے علیؑ سے کہا میں آپ سے خدا کی قسم دیکر دریافت کرتا ہوں کیا رسول اللہ نے آپ کو خلیفہ مقرر کیا تھا؟ فرمایا نہیں۔ مگر مجھے رسول

Presented by www.ziaraat.com

الحسن نشدتك بالله هل استخلفك رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال: لا، ولكن جعلني رسول الله صلى الله عليه وسلم علما، فمتى قمت فمن خالفني ضل. أخرجهما ابن السمان في الموافقة

نے علم مقرر کیا تھا، جب میں کسی بات کا دعویٰ کروں اور جو شخص بھی میری مخالفت کرے گا وہ گمراہ ہو گا۔

ذكر بيعته ومن تخلف عنها

آپ کی بیعت اور بیعت نہ کرنیوں کا ذکر

تقدم في مقتل عثمان طرف من ذلك

وعن محمد بن الحنفية قال: أتى رجل عثمان محصور، فقال: ان أمير المؤمنين مقتول، ثم جاء آخر فقال: إن أمير المؤمنين مقتول الساعة، قال فقام علي فقال: يا محمد: فأخذت بوسطه تخوفا عليه فقال: خل لا أم لك قال: فأتى علي الدار وقد قتل الرجل، فأتى داره فدخلها وأغلق عليه بابه، فأتاه الناس فضربوا عليه الباب فدخلوا عليه فقال إن هذا الرجل قد قتل، ولا بد للناس من خليفة، ولا نعلم أحدا أحق بها منك فقال لهم علي: لا تريدوني، فاني لكم وزير خير مني لكم أمير. فقالوا: والله لا نعلم أحدا أحق بها منك؛ قال: فإن أبيتم علي فان بيعتي لا تكون سرا ولكن

محمد بن حنفیہ نے کہا کہ عثمان محصور تھے ایک شخص نے آکر کہا امیر المومنین قتل کر دیئے گئے ہیں، پھر ایک اور شخص نے آکر کہا امیر المومنین کو ابھی ابھی قتل کر دیا گیا ہے، آپ عثمان کے گھر آئے وہ قتل ہو چکے تھے حضرتؑ اپنے گھر آئے اور دروازہ بند کرکے بیٹھ گئے لوگ دروازہ کھلوا کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، عرض کیا عثمان قتل ہو گئے ہیں لوگوں کے لیے خلیفہ مقرر کرنا نہایت ضروری ہے اس بارے میں آپ سے زیادہ لائق کوئی آدمی نہیں ہے۔ فرمایا مجھے میری حالت پر چھوڑ دو میں خلیفہ ہونے کی نسبت تمہارا وزیر بہتر ثابت ہو سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا خلافت کرنے کا آپ سے زیادہ کوئی حقدار نہیں ہے۔ فرمایا اگر تم لوگ میری بات نہیں مانتے تو میری بیعت پوشیدہ نہ ہو بلکہ مسجد میں جمع ہو جاؤ

Presented by www.ziaraat.com

أتى المسجد، فمن شاء أن يبايعني بايعني
قال: فخرج إلى المسجد فبايعه الناس
وعن المسور بن مخرمة قال: قتل عثمان
وعلي في المسجد، فمال الناس إلى طلحة
قال: فانصرف علي يريد منزله، فلقيه
رجل من قريش عند موضع الجنائز
فقال: انظروا إلى رجل قتل ابن عمه
وسلب ملكه: قال فولّى راجعا في
المنبر، فقيل: ذلك علي على المنبر، فمال
الناس إليه فبايعوه وتركوا طلحة
أخرجهما أحمد في المناقب، وغيره
ولا تضاد بينهما، بل يحمل على أن
طائفة من الناس أرادوا بيعة طلحة
والجمهور أتوا عليا في داره فسألوه ما
سألوه وأجابهم على ما تقدم تقريره
فخرج بعد انصرافهم عنه في بعض
شؤونه، فلما سمع كلام ذلك الرجل
خشي الخلف بين الناس، فصعد المنبر
في وقته ذلك، وبادروا إلى البيعة لهذا
المعنى، لا لحب المملكة وخشية فواتها
وحية حين سمع كلام ذلك الرجل
قال ابن اسحاق: إن عثمان لما قتل
بويع علي ابن أبي طالب بيعة العامة

جو شخص میری بیعت کرنا چاہے وہ کرے
آپ مسجد میں تشریف لائے، لوگوں نے
آپ کی بیعت کی۔

مسور بن مخرمہ نے کہا جب عثمان قتل ہوئے
تو علیؑ مسجد میں تھے، لوگ طلحہ کی طرف رجوع
کرنے لگے، علیؑ اٹھکر گھر جا رہے تھے، بمقام
جنائز پر قریش کا ایک آدمی آپ سے ملا اور کہا
اس شخص کو دیکھو جس کا ابن عم قتل ہو گیا ہے
اور اس کی حکومت پر قبضہ ہونے والا ہے یہ
سن کر حضرت علیؑ واپس مسجد میں تشریف لائے
اور منبر پر بیٹھ گئے، جب لوگوں کو یہ بات معلوم
ہوئی تو انہوں نے آپ کی بیعت کی اور طلحہ کو
چھوڑ دیا۔

ان دونوں باتوں میں کوئی تضاد نہیں ہے
ان میں تطبیق یوں ہوگی کہ ایک گروہ نے طلحہ
کی بیعت کی، جبکہ جمہور نے حضرت علیؑ کے
گھر میں حاضر ہو کر آپ کی بیعت کی، لوگوں کے
چلے جانے کے بعد آپ کسی وقت مسجد میں
تشریف لائے اور جب مسجد سے گھر کو جا رہے
تھے تو ایک شخص کی بات کو سنا، تو آپنے
محسوس کیا کہ خلیفہ کی نامزدگی پر لوگوں میں
اختلاف نمودار ہوگا۔ لہذا آپ اسی وقت منبر
پر تشریف لے گئے اور لوگوں سے اپنی بیعت

Presented by www.ziaraat.com

في مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم
و بايع له أهل البصرة، وبايع له بالمدينة
طلحة والزبير

قال أبو عمر: و اجتمع على بيعته
المهاجرون والانصار، وتخلف عن
بيعته نفر، فلم يكرههم، وسئل عنهم
فقال: أولئك قوم قعدوا عن الحق ولم
يقوموا مع الباطل، وتخلف عنه معاوية
ومن معه بالشام وكان منهم في صفين
ما كان، فغفر الله لهم أجمعين. ثم
خرج عليه الخوارج فكفروه وكل
من معه إذ رضي بالتحكيم في دين الله
بينه وبين أهل الشام، فقالوا: حكمت
الرجال في دين الله عز وجل، والله تعالى
يقول (إن الحكم إلا لله) ثم اجتمعوا
وشقوا عصا المسلمين، ونصبوا راية الخلاف
وسفكوا الدماء وقطعوا السبيل، فخرج
اليهم بمن معه، ورام رجعتهم، فأبوا
إلا القتال فقاتلهم بالنهروان، فقتلهم
واستأصل جمهورهم، ولم ينج منهم
إلا القليل وقال أبو عمر: وبايع له
أهل اليمن بالخلافة يوم قتل عثمان

یعنی شروع کردی، آپ کو حکومت کا شوق نہیں
تھا۔ بلکہ اس شخص کے غیرت دلانے پر ایسا کیا
(آپ یوم ازل سے خلیفۂ رسولؐ تھے)

ابن اسحاق نے کہا عثمان کے قتل کے بعد
علی علیہ السلام کی مسجد رسولؐ میں بیعت عامہ کی
گئی، اہل بصرہ نے آپ کی بیعت کی، طلحہ اور زبیر
نے مدینہ میں آپ کی بیعت کی (پھر بعد میں منحرف
ہوگئے اور جمل کی جنگ میں بی بی عائشہ کیساتھ
شرکت کی۔

ابوعمر نے کہا علیؑ کی بیعت متفقہ طور پر مہاجرین
اور انصار نے کی، چند لوگ آپ کی بیعت سے
باز رہے، آپ نے ان کو اپنی بیعت کرنے پر
مجبور نہ کیا، اس بارے میں کسی نے آپ سے سوال
کیا فرمایا ان لوگوں نے حق کا ساتھ نہیں دیا
اور باطل کی بھی تائید نہیں کی، معاویہ اور اہل
شام نے آپ کی بیعت نہیں کی تھی، بیعت نہ
کرنے والے وہ تھے جو جنگ صفین میں معاویہ
کیساتھ مل کر آپ سے لڑ رہے تھے۔

خوارج نے آپ کے خلاف محاذ قائم کر
لیا اور آپ اور آپ کے ساتھیوں پر کفر کا فتوی
لگایا اور کہا کہ آپ نے دین خدا کے بارے میں لوگوں
کو حکم قرار دیا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
ان الحکم للہ حکم صرف خدا کا ہے، یہ لوگ

Presented by www.ziaraat.com

آپ کے خلاف جمع ہو گئے، مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کیا، آپ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، انہوں نے مسلمانوں کا خون بہایا، رہ زنی کی، حضرت کیا نہ جو لوگ تھے کچھ خوارج سے جا کر مل گئے، حضرت نے انہیں توبہ کرنے کی دعوت دی، مگر انہوں نے جنگ کرنے کے سوا کوئی تجویز نہ مانی، آپ نے ان سے نہروان کے مقام پر جنگ کی، ان کی کمر کو توڑ دیا تھوڑے سے باقی رہ گئے باقی سب کو نیست و نابود کر دیا۔

ذکر حاجبه ونقش خاتمه

كان حاجبه قنبر مولاه. ذكره الخجندى، وكان نقش خاتمه (الله الملك) رواه أبو جعفر محمد بن علية، أخرجه السلفى وأخرجه الخجندى

آپ کے دربان اور انگوٹھی کے نقش کا ذکر

آپ کے دربان، آپ کے غلام قنبر تھے آپ کی انگوٹھی کا نشان الله الملک تھا۔

(ذكر ابتداء شخوصه من المدينة وأنه لم يقم فيما قام فيه إلا احتسابا لله تعالى)

آپ جتنا عرصہ مدینہ میں رہے، جیسے کام لیتے رہے، مدینہ سے روانگی

عن مالك بن الجون قال: قام على بن أبى طالب بالربذة، فقال: من أحب أن يلحقنا فليلحقنا، ومن أحب أن يرجع فليرجع مأذونا له غير حرج، فقام الحسن بن على فقال: يا أبه. أو يا أمير المؤمنين

مالک بن جون نے کہا کہ علی علیہ السلام نے ربذہ میں فرمایا کہ جو شخص ہمارے ساتھ جانا پسند کرے وہ ہمارے ساتھ چلے اور جو شخص ہمیں چھوڑ کر جانا چاہے وہ جا سکتا ہے اسے اجازت ہے اس سے کوئی باز پرس نہ ہوگی، امام حسنؑ نے کھڑے ہو کر "بابا جان" یا امیر المومنینؑ کہہ کر

Presented by www.ziaraat.com

لو كنت في جحر كان للعرب فيك حاجة
لاستخرجوك من جحرك. فقال:
الحمد لله الذي يبتلي من يشاء بما يشاء ويعافي
من يشاء بما يشاء، أما والله لقد صفحت
هذا الأمر ظهر البطن - أو ذنبا ورأسا
فوالله إن وجدت له إلا القتال أو الكفر
بالله، يحلف بالله عليه، اجلس يا بني
ولا تحزن على حنين الجارية. أخرجه أبو
الجهم

وقد تقدم في باب الشيخين قول
ابن الكواء لقيس بن عباد له في قتاله وأنه
هل هو بعهد من رسول الله صلى الله
عليه وسلم أو شئ من عندك؟ وجوابه
لها فلينظر ثمة.

عرض کیا اگر عرب کو آپ کی ضرورت ہوگی تو
آپ چاہے کسی بل کے اندر ہی کیوں نہ چلے
جائیں وہ آپ کو تلاش کر کے نکال لائیں گے
فرمایا "خدا کا شکر ہے جو کسی چیز سے جسکا
چاہتا ہے امتحان لیتا ہے اور جس کو چاہتا
ہے کسی چیز کی وجہ سے معاف کر دیتا ہے
خدا کی قسم میں نے اس امر کا ظاہر اور باطن
میں جائزہ لیا ہے اور اس کے آغاز اور
انجام میں غور کیا، خدا کی قسم میں اس میں،
اس نتیجہ پر پہنچا ہوں یا تو ان سے جنگ
کروں یا خدا کا منکر ہو جاؤں، بیٹے بیٹھ
جاؤ، لونڈی کے رونے پر توجہ نہ دو"

ذكر ما رواه أبو بكر في فضل علي وروي عنه

وقد ذكرنا ذلك مفرقا في الأبواب
والفصول، ونحن ننبه عليه لتوفر
الداعية * فمنه حديث النظر إليه
عبادة في الفضائل، وحديث استواء
كفه وكف النبي صلى الله عليه وسلم
من يده، وحديث: لا يجوز أحد

وہ احادیث جو حضرت ابوبکر نے حضرت علیؑ کے بارے میں فرمائیں

حضرت ابوبکر نے کہا، علیؑ کی طرف دیکھنا
عبادت ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم اور علی علیہ السلام کی ہتھیلی برابر ہے"
علی علیہ السلام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم سے وہی نسبت ہے جو رسول خدا

Presented by www.ziaraat.com

الخواطر إلا بجواز يكتبه علي، كل ذلك في الخصائص * وقوله : من سره أن ينظر إلى أقرب الناس قرابة ، وإحالته على علي لما سئل عن وصف رسول الله صلى الله عليه وسلم في الفضائل وحديث مشاورة أبي بكر له في قتال أهل الردة في اتباعه للسنه

کو اللہ تعالیٰ سے حق۔ جب تک علی علیہ السلام جنت کا ٹکٹ نہ دیں گے کوئی شخص پل صراط عبور نہ کر سکے گا۔

جو شخص یہ بات پسند کرے کہ تمام لوگوں سے زیادہ رسول اللہ کے قریبی شخص کو دیکھے تو وہ علی علیہ السلام کو دیکھے۔

اگر کوئی شخص حضرت ابوبکر سے رسول اللہ کا کوئی وصف دریافت کرتا تو آپ اسے علی علیہ السلام کے پاس بھیج دیتے۔

ابوبکر نے آپ سے مرتدین سے لڑنے کا مشورہ لیا۔

ذكر ما رواه عمر في علي وروي عنه مختصرا

وقد تقدم جميع ذلك مفرقا في أبوابه فمنه حديث الراية يوم خيبر ، وحديث ثلاث : خصال لأن يكون لي واحدة منهن وحديث أنه صلى الله عليه وسلم قال في علي ثلاث خلال لوددت أن لي واحدة منهن ، وحديث : أنت مني بمنزلة هارون من موسى ، وحديث رجحان إيمانه بالسموات السبع والأرضين ، وحديث من كنت مولاه فعلي مولاه ، وقوله

وہ احادیث جو حضرت عمر نے علی علیہ السلام کے حق میں بیان فرمائیں

مندرجہ ذیل احادیث حضرت عمر نے علی علیہ السلام کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت کیں۔

حدیث رایت یوم خیبر، حدیث ثلاث خصال جس میں آپ کا خواہش کرنا کہ ان تین باتوں میں سے ایک بات مجھے حاصل ہوتی۔ حدیث تم کو مجھ سے وہ مرتبہ حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰ سے حاصل تھا۔ حدیث اگر

ما أحببت الامارة إلا يومئذ، لما قال لعلي: لأبعثنه إلى كذا كذا، وقوله أصبحت مولى كل مؤمن ومؤمنة وقوله على مولى من النبي صلى الله عليه وسلم مولاه، وقوله في علي: إنه مولاي، وإحالته في المسألة عليه غير مرة في القضاء * وقوله: أقضانا علي، ورجوعه إلى قوله في مسائل كثيرة. كل ذلك في الخصائص والفضائل مفرقاً في بابه

تمام آسمانوں اور زمینوں کا ایمان ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور علی علیہ السلام کا ایمان دوسرے پلڑے میں تو علی علیہ السلام کے ایمان کا وزن زیادہ ہوگا،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث جس کو آپ نے خم غدیر کے مقام پر بیان فرمایا کہ جس کا میں حاکم ہوں اس کے علی حاکم ہیں

حضرت عمر کا قول کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کی جنگ کے موقع پر فرمایا میں کل علم اس کو دوں گا جو مرد ہوگا اور بھاگنے والا نہیں ہوگا۔ اس روز مجھے سرداری کا شوق پیدا ہوا، حدیث غدیر کے موقع پر حضرت عمر کا علی سے کہنا کہ آپ میرے اور ہر مومن اور مومنہ کے حاکم ہوگئے ہیں حضرت عمر کا کئی دفعہ مشکل مسائل علی علیہ السلام سے حل کرانا۔

حضرت عمر کا کہنا کہ علی علیہ السلام ہم سب سے اچھا فیصلہ کرتے ہیں۔

حضرت عمر نے بہت سے مسائل میں علی علیہ السلام کی بات کو مان لیا۔

یہ تمام باتیں علی علیہ السلام کی خصوصیات اور فضائل کے ابواب میں الگ الگ بیان ہو چکی ہیں۔

الفصل الحادی عشر فی

مقتله وما يتعلق به

ذكر إخباره عن نفسه أنه يقتل

تقدم فی الذكر قبله حديث فضالة وفيه طرف منه

وعن زيد بن وهب قال: قدم علی علی قوم من أهل البصرة من الخوارج فيهم رجل يقال له الجعد بن بعجة فقال له: اتق الله يا علی، فانك ميت، قال علی بضربة علی هذه، تخضب هذه يعنی لحيته من رأسه. عهد معهود. وقضاءً مقضی وقد خاب من افتری

وعن عبد الله بن سبع قال: خطبنا علی فقال: والذی خلق الحبة وبرأ النسمة لتخضبن هذه من هذه. قال: فقال الناس أعلمنا من هو لنبيرنه أو لنبيرن عشيرته. قال أنشدكم بالله ان يقتل بی غير قاتلی قالوا: إن كنت قد علمت ذلك فاستخلف. قال: لا ولكن أكلكم الی من وكلكم رسول الله

آپ کی شہادت

اس سے خود آگاہ کرنا

زید بن وہب نے کہا حضرت علی علیہ السلام بصرہ کے کچھ خوارج کے پاس آئے ان میں ایک شخص تھا، جس کا نام جعد بن بعجہ تھا اس نے حضرت سے کہا آپ ڈریں آپ مرنے والے ہیں، فرمایا اس پہ ضرب لگے گی اور یہ اس خون سے خضاب ہو گی۔ یعنی ڈاڑھی سر کے خون سے خون آلود یہ بات طے ہو چکی ہے اور یہ فیصلہ مقدر ہو چکا ہے، جو اس بات کو غلط سمجھے گا وہ ناکام ہوگا۔

عبداللہ بن سبع نے کہا علی علیہ السلام نے خطبہ میں فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے دانے کو پیدا کیا اور روح کو خلق کیا، یہ اس سے ضرور رنگی جائے گی، لوگوں نے عرض کیا ہمیں اس شخص سے آگاہ کریں جو یہ کام کرے گا ہم اس کو اور اس کے کنبہ کو ہلاک کر دیں۔ فرمایا میں تمہیں خدا کی قسم دیکر کہتا ہوں ایسا نہ کرنا میری وجہ سے میرے قاتل کے سوا اور شخص قتل کیا جائے۔

حسین بن کثیر اپنے والد سے روایت کرتے

Presented by www.ziaraat.com

صلی الله علیه وسلم أخرجها أحمد

(شرح) لنبوء أی نهلکه، والبوار الهلاك

وقوم بور أی هلکی، وباد فلان: هلك

وأباده الله أهلكه. ذكره الجوهری

عن سكين بن عبد العزيز العبدی

انه سمع أباه يقول جاء عبد الرحمن ابن

ملجم يستحمل عليه فحمله ثم قال: أما

ان هذا قاتلی، قيل فما منعك منه قال

أنه لم يقتلنی بعد وقيل له، ان ابن ملجم

يسم سيفه. وقال إنه سيقتلك به قتلة

يتحدث بها العرب، فبعث اليه وقال

لم تسم سيفك، قال لعدوی وعدوك

فخلی عنه وقال: ماقتلنی بعد. أخرجه

ابن عمر

وعن الحسين بن كثير عن أبيه

وكان قد أدرك عليا قال فخرج علی

إلی الفجر، فأقبل الاوز يصحن فی وجهه

فطردوهن، فقال فانهن نوائح فضربه

ابن ملجم قلت له يا أمير المؤمنين خل

بيننا وبين مراد. فلا تقوم لهم ثاغية ولا

راغية أبدا قال، لا ولكن احبسوا الرجل

فإن أنا مت فاقتلوه، وإن أعش فالجروح

قصاص. أخرجه أحمد فی المناقب

ہیں جس نے علی علیہ السلام سے ملاقات کی

تھی کہ علی علیہ السلام صبح کی نماز کی خاطر

گھر سے باہر تشریف لائے اور بطخوں نے

آپ کا استقبال کیا اور آپ کو دیکھ کر چلانے

لگیں حضرت نے ان کو ہٹادیا اور فرمایا کہ یہ

نوحہ خوانی کر رہی ہیں۔ جب ابن ملجم نے آپ

پر تلوار کا وار کیا تو میں نے عرض کیا یا امیرالمومنین

ہمیں اس نامراد سے نپٹ لینے دیجیے نہ بالش

رہے گا اور نہ ہی بانسری، فرمایا الیسا مت

کرو۔ اس شخص (ابن ملجم) کو قید کرلو، اگر میں

مرجاؤں تو اس کو قتل کر دینا، اگر میں زندہ

رہا تو قسم کا قصاص لینا ہوگا۔

مسکین بن عبدالعزیز عبدی نے کہا کہ

میرے باپ نے کہا کہ عبدالرحمٰن بن ملجم حضرت

پر حملہ کرنا چاہتا تھا۔ اس نے آپ پر حملہ

کر دیا، فرمایا یہ میرا قاتل ہے، کسی نے کہا کہ

آپ نے اس سے اپنا بچاؤ کیوں نہ کیا۔

فرمایا اس وقت تک اس نے مجھے قتل

نہیں کیا تھا۔

کسی نے کہا عبدالرحمٰن تلوار زہر آلود

کئے ہوئے ہے، عنقریب اس سے آپ

کو قتل کر دے گا جس سے عرب میں فساد

برپا ہو جائے، آپ نے کسی کو بھیج کر

Presented by www.ziaraat.com

(شرح) ثاغية: شاة - راغية: بعير. يقال ثغت الشاة تثغو ثغاء، ورغا البعير يرغو رغاء

عبدالرحمٰن کو بلوایا، تلوار کے زہر آلود کرنے کا سبب پوچھا، کہا میں اپنے اور آپ کے دشمن کو اس تلوار سے قتل کروں گا۔ آپ نے اس کو چھوڑ دیا۔

ذكر رؤياه في نومه ليلة قتله

عن الحسن البصري أنه سمع الحسن بن علي يقول أنه سمع أباه في سحر اليوم الذي قتل فيه يقول لهم: يا بني رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في نومة نمتها، فقلت يا رسول الله ما لقيت من أمتك من اللأواء واللدد! فقال ادع الله عليهم فقلت: اللهم أبدلني بهم خيرا منهم وأبدلهم بي من هو شر مني. ثم انتبه وجاء مؤذنه يؤذنه بالصلاة فخرج فقتله ابن ملجم. أخرجه أبو عمر والقلعي وغيرهما

حضرتؑ کا قتل کی رات خواب دیکھنا

حسن بصری امام حسن علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو جس رات قتل ہوئے فرماتے ہوئے سنا "میرے بیٹے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے اور آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے یا رسول اللہؐ میں نے آپ کی امت سے بہت زیادہ رنج والم اٹھائے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے بددعا کیجئے، میں نے کہا اے پالنے والے مجھے ان لوگوں کے بدلے ان سے اچھے انسان عطا فرمایئے۔ اور ان کو میرے بدلے بہت بُرا انسان دیجئے پھر میں بیدار ہوگیا۔

آپ کے مؤذن نے اذان دی، آپ نماز کے لئے تشریف لائے تو ابن ملجم نے آپ پر ضرب لگائی۔

ذكر قاتله وما حمله على القتل وكيفية قتله وأين دفن

قال زبير بن بكار: كان من بقي من الخوارج تعاقدوا على قتل علي ومعاوية وعمرو بن العاص، فخرج لذلك ثلاثة. فكان عبد الرحمٰن بن ملجم هو الذي التزم لهم قتل علي. فدخل الكوفة عازما على ذلك واشترى سيفا لذلك بألف، وسقاه السم فيما زعموا حتى نفضه وكان في خلال ذلك يأتي عليا يسأله ويستحمله فيحمله إلى أن وقعت عينه على قطام امرأة رائعة جميلة كانت ترى رأي الخوارج وكان علي قد قتل أباها وأخوتها بالنهروان فخطبها ابن ملجم. فقالت له: آليت أن لا أتزوج إلا على مهر لا أريد سواه. فقال: وما هو؟ قالت: ثلاثة آلاف دينار، وقتل علي. قال: والله لقد قصدت قتل علي والفتك به. وما أقدمني هذا المصر غير ذلك. ولكني لما رأيتك آثرت تزويجك فقالت: إلا الذي قلت لك. قال: وما يغنيك أو يغنيني منك قتل علي وأنا أعلم أني إن قتلت عليا لم آنت؟ فقالت

آپ کے قاتل کا ذکر، اس نے آپ کو کیوں قتل کیا، قتل کی کیفیت اور آپ کہاں قتل ہوئے۔

زبیر بن بکار نے کہا کہ جو خوارج بچ گئے تھے انہوں نے حضرت علیؑ، معاویہ اور عمرو عاص کے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ عبدالرحمٰن بن ملجم نے حضرت علیؑ کو قتل کرنا اپنے ذمہ لیا، اس لئے وہ کوفہ کو روانہ ہوا۔ ایک ہزار درہم میں تلوار خرید کر اس کو زہر آلود کیا، حضرت علیؑ کے پاس آیا اور آپ پر حملہ کرنا چاہتا تھا ایک دن اس کی نگاہ قطام پر پڑ گئی یہ ایک نہایت خوبصورت عورت تھی، یہ خوارج میں شامل ہو گئی تھی، کیونکہ حضرت علیؑ نے اس کے باپ اور بھائیوں کو جنگ نہروان میں قتل کیا ابن ملجم نے اس سے نکاح کی خواہش کی اس نے کہا کہ میں صرف ایسے حق مہر پر نکاح کروں گی، جس کے سوا میں کسی اور حق پر نکاح نہیں کروں گی، اس نے پوچھا وہ حق مہر کیا ہے؟ کہا تین ہزار دینار اور علیؑ کا قتل، اس نے کہا خدا کی قسم میں نے علیؑ کو قتل کرنے کا مصمم ارادہ کر رکھا ہے اور میں یہاں حضرت

Presented by www.ziaraat.com

إن قتلته ونجوت فهو الذي أردت
فتبلغ شفاء نفسي ويهنيك العيش معي
وإن قتلت فما عند الله خير من الدنيا
وما فيها فقال لها: لك ما اشترطت. فقالت
له سألتمس لك من يشد ظهرك. فبعث
إلى ابن عم لها يدعى وردان بن مجالد فأجابها
ولقي ابن ملجم شبيب بن بجرة الأشجعي
فقال يا شبيب هل لك في شرف الدنيا
والآخرة؟ قال: وما هو؟ قال: تساعدني
على قتل علي بن أبي طالب. قال ثكلتك
أمك لقد جئت شيئاً إدا.

كيف تقدر على ذلك؟ قال: إنه
رجل لا حرس له، ويخرج إلى المسجد
منفرداً دون من يحرسه. فنكمن له في المسجد
فإذا خرج إلى الصلاة قتلناه فإذا نجونا
نجونا، وإن قتلنا سعدنا بالذكر في الدنيا
والجنة في الآخرة. فقال: ويلك إن علياً
ذو سابقة في الإسلام مع النبي صلى الله عليه
وسلم والله ما تنشرح نفسي لقتله. قال ويلك
إنه حكم الرجال في دين الله عز وجل وقتل
إخواننا الصالحين. فنقتله ببعض من قتل
ولا تشكن في دينك فأجابه، وأقبلا حتى
دخلا على قطام وهي معتكفة في المسجد

اسی لئے آیا ہوں، جب تجھے دیکھا تو تیرے
ساتھ شادی کرنے پر تیار ہو گیا ہوں، اور
کہا کہ میں جانتا ہوں اگر میں نے علیؑ کو قتل
کیا تو خود بھی نہیں بچ سکوں گا۔ کہنے لگی اگر
تم نے علیؑ کو قتل کر دیا اور بچ گیا تو تو اپنے
دل کی آگ بجھائے گا اور میرے ساتھ عیش
کرے گا، اگر تم خود قتل ہو گئے تو دنیا میں اس
سے بہتر تمہارے لئے اور کیا چیز ہو سکتی ہے
ابن ملجم نے اس سے کہا آپ کے شرائط
منظور ہیں۔ کہنے لگی اس کام میں میں تجھے
مدد کرنے والا شخص تلاش کر دوں گی اپنے
ابن عم وردان بن مجالد کو بلوا کر حالات
سے آگاہ کیا، اس نے اس کی بات مان لی
ابن ملجم شبیب بن بجرا شجعی سے ملا اس سے
کہا دنیا اور آخرت کی بھلائی چاہتے ہو؟
اس نے کہا وہ کیا چیز ہے؟ کہا میں علی
بن ابی طالبؑ کو قتل کرنا چاہتا ہوں آپ
اس بارے میں میری مدد کریں۔ اس نے کہا
تیری ماں تیرا ماتم کرے تو نے نہایت مکروہ
چیز کا مطالبہ کیا ہے، تم یہ کام کیسے کرو گے
کہا ایسے آدمی کا قتل کرنا نہایت آسان
ہے، جس پر پہرہ نہیں ہے اور اکیلا مسجد
میں نماز پڑھنے کے لئے جاتا ہے، اس کے

الاعظم فی قبلہ ضربھا لنفسہا فدعت لھم
واخذوا اسیافھم، وجلسوا قبالۃ السدۃ
التی یخرج منھا علی، فخرج علی الی الصلاۃ
الصبح فبدرہ شبیب فضربہ فاخطاہ
وضربہ ابن ملجم علی راسہ وقال: الحکم
للہ یا علی لا لک ولا لاصحابک فقال
علی: لا یفوتکم الکلب فشد الناس
علیہ من کل جانب، لیاخذوہ، وھرب
شبیب خارجا من باب کندۃ فلما اخذ
قال: احبسوہ فان مت فاقتلوہ ولا تمثلوا
بہ، وان لم امت فالامر الی فی العفو والقصاص
اخرجہ ابو عمرو۔

ساتھ کوئی نگران نہیں ہوتا جب نماز پڑھنے جائے گا تو ہم اس کو قتل کر دیں گے۔ اگر بچ گئے تو ٹھیک ورنہ دنیا میں نیک نامی سے یاد کئے جائیں گے، اور آخرت میں جنت میں جائیں گے، کہا تمہارے لئے ہلاکت ہو علی سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے، خدا کی قسم میرا دل آپ کے قتل پر خوش نہیں ہوگا۔ کہا تمہارے لئے ہلاکت ہو، علی نے خدا کے دین میں لوگوں کو حکم مقرر کیا۔ ہمارے نیک بھائیوں کو قتل ہم اپنے مقتولین کے بدلے اس کو قتل کریں گے۔ اپنے دین میں شک نہ کرو شبیب نے ابن ملجم کی بات مان لی اور دونوں قطام کے پاس آگئے۔ وہ مسجد اعظم میں قبہ لگا کر اعتکاف میں بیٹھی ہوئی تھی، اس نے ان کو اندر بلا لیا اور اپنی اپنی تلواروں کو تیز کرنے کے بعد مسجد کے دروازے کے سامنے بیٹھ گئے، یہ وہ جگہ تھی جہاں سے حضرت علیؓ صبح کی نماز کے لئے تشریف لاتے تھے، شبیب نے حضرت پر ضرب لگائی جو خطا ہو گئی، اور ابن ملجم نے آپ کے سر پر ضرب لگائی اور کہا:

"یا علیؓ! حکم اللہ کا ہے، نہ تیرا ہے اور نہ ہی تیرے اصحاب کا ہے"

حضرت علیؓ نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔ کتا جانے نہ پائے" ہر طرف سے لوگ ان کے پیچھے دوڑ پڑے اور شبیب باب کندہ سے نکل کر بھاگ گیا، ابن ملجم پکڑا گیا، فرمایا اس کو قید کر دو، اگر میں مر گیا تو اس کو قتل کر دینا اور اس کا ناک اور کان نہ کاٹنا، اگر میں نہ مرا تو اس کا معاملہ میرے بس میں ہوگا، خواہ میں اس کو معاف کر دوں یا اس سے قصاص لوں۔

Presented by www.ziaraat.com

(شرح) . الفتك : أن يأتي الرجل وهو غار غافل حتى يشد عليه فيقتله وفيه ثلاث لغات : فتح الفاء وضمها وكسرها مع إسكان التاء كود وعم - إدا : الاد بالكسر والادة الداهية والامر الفظيع . ومنه قوله تعالى : لقد جئتم شيئاً اداً . فتكمن له : أي تختفي ، تقول كمن كموناً ومنه الكمين في الحرب - والسدة : باب الدار ، وقد تقدم

وعن الليث بن سعد أن عبد الرحمن بن ملجم ضرب علياً في صلاة الصبح على دهش بسيف كان سمه بسم ، ومات من يومه ، ودفن بالكوفة ليلاً . أخرجه البغوي في معجمه

لیث بن سعد نے کہا کہ عبد الرحمن بن ملجم نے زہر آلود تلوار سے صبح کی نماز میں ضرب لگائی اور آپ اسی وقت فوت ہو گئے ، کوفہ میں رات کے وقت دفن ہوئے

واختلفوا في أنه : هل ضربه في الصلاة أو قبل الدخول فيها ؟ وهل استخلف من أتم الصلاة أو هو أتمها ؟ فالأكثر على أنه استخلف جعدة ابن هبيرة يصلي بهم تلك الصلاة ، واختلفوا في موضع دفنه فقيل : في قصر الامارة بالكوفة وقيل في رحبة الكوفة ، وقيل : بنجف الحيرة قال الخجندي : والأصح عندهم أنه مدفون من وراء المسجد غير الذي يؤمه الناس اليوم

لوگوں کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ ابن ملجم نے آپ کو حالت نماز میں ضرب لگائی یا نماز سے پہلے وار کیا ؟ آپ نے نماز تمام کرنے میں کسی کو اپنا قائم مقام کیا تھا یا خود نماز تمام فرمائی تھی . اکثر حضرات کا خیال ہے کہ آپ نے جعدہ بن ھبیرہ کو اپنا نائب مقرر کیا جس نے حضرت کی ادھوری نماز تمام فرمائی ،

آپ کہاں دفن ہوئے اس میں بھی اختلاف ہے . بعض نے کہا کہ آپ کوفہ کے قصر الامارہ میں دفن ہوئے . کسی نے کہا کہ کوفہ کی مسجد کے صحن میں دفن ہوئے . بعض نے کہا کہ حیرہ میں نجف کے مقام پر دفن ہوئے ، خجندی نے کہا لوگوں کے نزدیک درست بات یہ ہے کہ آپ مسجد کے باہر دفن ہوئے

(شرح) النجف والنجفة : بالتحريك مكان لا يعلوه الماء ، مستطيل منقاد والجمع نجاف بالكسر ، والنجاف أيضاً أسكفة الباب وهي عتبته العليا —

Presented by www.ziaraat.com

والحيرة: بالكوفة مدينة بقرب الكوفة
والنسبة إليها حيري وحاري أيضا على
غير قياس، وكأنهم قلبوا الياء ألفا

وعن أبي جعفر أن قبره جهل
موضعه، وغسله الحسن والحسين
وعبد الله بن جعفر. ذكره الخجندي
وصلى عليه الحسن بن علي وكبر
عليه أربع تكبيرات. قال الخجندي
وقيل: تسعا.

وروى هارون بن سعيد أنه
كان عنده مسك أوصى أن يحنط
به، وقال فضل حنوط رسول الله
صلى الله عليه وسلم. أخرجه البغوي

وعن عائشة رضي الله عنها لما
بلغها موت علي قالت: لتصنع العرب
ما شاءت، فليس لها أحد ينهاها

(اس بارے میں ہماری کتاب "علیؑ ولی"
ملاحظہ فرمائیں) امام حسن علیہ السلام نے
آپ کی نمازِ جنازہ پڑھی اور چار تکبیریں کہیں
خجندی نے کہا نو تکبیریں کہیں،

ہارون بن سعید نے کہا، آپ کے پاس
مسک تھی، اور وصیت فرمائی کہ اس سے مجھے
حنوط کیا جائے اور کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے حنوط سے بچ گیا تھا۔

عائشہ کو جب آپ کی موت کا علم ہوا تو
کہنے لگیں کہ
"عرب اب جو چاہیں کریں، اب ان کو کوئی
ٹوکنے والا نہیں ہے۔"

ذكر تاريخ مقتله

وكان ذلك صبيحة يوم سبع
عشرة من رمضان صبيحة بدر، وقيل
ليلة الجمعة لثلاث عشرة - وقيل: لإحدى
عشرة ليلة - خلت - وقيل بقيت من
رمضان، وقيل: لثمان عشرة ليلة منه

آپ کے قتل کی تاریخ

۱۷ ماہ رمضان کی صبح کو قتل ہوئے،
بعض نے کہا ۱۳ ماہ رمضان جمعہ کی
رات کو قتل ہوئے، بعض نے کہا ۱۱ کی
رات کو قتل ہوئے، بعض نے ۱۸ ماہ صیام
کی رات تحریر کی ہے سن چالیس تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

سنة أربعين. ذكر ذلك كله ابن عبد البر

ذكر ما ظهر من الآية في بيت المقدس لموت علي

عن ابن شهاب قال: قدمت دمشق وأنا أريد العراق، فأتيت عبد الملك لأسلم عليه، فوجدته في قبة على فرش تفوت القائم، وتحته سماطان فسلمت ثم جلست. فقال لي: يا ابن شهاب، أتعلم ما كان في بيت المقدس صباح قتل علي بن أبي طالب؟ قلت: نعم. قال: فقمت من وراء الناس حتى أتيت خلف القبة وحول إلي وجهه وأحنى علي فقال ما كان؟ فقلت لم يرفع حجر في بيت المقدس إلا وجد تحته دم فقال: لم يبق أحد يعلم هذا غيري وغيرك فلا يسمعه أحد منك فما حدثت به حتى توفي أخرجه ابن الضحاك في الآحاد والمثاني.

(صحیح تاریخ ۱۹ ماہ رمضان سنہ ۴۰ھ کو آپ کے سر پر ضرب لگی اور ۲۱ ماہ رمضان ۴۰ھ کو انتقال فرمایا)

علیؑ کی موت سے بیت المقدس میں معجزہ ظاہر ہوا۔

ابن شہاب نے کہا میں دمشق میں عراق کے جانے کے ارادہ سے آیا، عبد الملک کے پاس سلام کرنے کی غرض سے گیا، میں سلام کر کے بیٹھ گیا، مجھے کہا شہاب کے فرزند کیا تم کو اس بات کا علم ہے کہ جس صبح کو علی بن ابی طالبؑ قتل ہوئے اس وقت بیت المقدس میں کیا واقعہ پیش آیا؟

عرض کیا ہاں جانتا ہوں، کہا میں لوگوں کے پیچھے چل پڑا، قبہ کے پیچھے آگیا، اس نے میری طرف منہ کر کے کہا کہ پھر کیا ہوا؟ میں نے کہا بیت المقدس کا جو بھی پتھر اٹھایا جاتا تھا، اس کے نیچے سے خون جاری تھا کہا اس بات کو میرے اور آپ کے سوا کوئی نہ جانتے، اور کوئی شخص تم سے یہ بات نہ سنے، میں نے اس کی موت تک یہ بات کسی شخص کو نہ بتائی۔

Presented by www.ziaraat.com

ذکر وصف قاتلہ باشقی الآخرین

عن علي عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم، أتدري من أشقى الأولين؟ قلت الله ورسوله أعلم؛ قال: قاتلك. أخرجه أحمد في المناقب، وأخرجه ابن الضحاك

وقال في أشقى الآخرين الذي يضربك على هذه فيبل منها هذه. وأخذ بلحيته

وعن صهيب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي، من أشقى الأولين يا علي؟ قال: الذي عقر ناقة صالح. قال صدقت. فمن أشقى الآخرين؟ قال الله ورسوله أعلم قال أشقى الآخرين الذي يضربك على هذه. وأشار إلى يافوخه فكان علي يقول لأهله: والله لوددت أن لو انبعث أشقاها أخرجه أبو حاتم والملاء في سيرته

وعن ابن سبع قال: سمعت عليا على المنبر يقول ما ينتظر أشقاها؟ عهد إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم لتخضبن هذه من هذا. وأشار إلى لحيته ورأسه فقالوا: يا أمير المؤمنين، خبرنا من هو

آپکا قاتل اشقی الآخرین ہے

علی علیہ السلام نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "یا علیؑ! کیا تم جانتے ہو اولین میں سب سے زیادہ بدبخت کون شخص ہے؟ عرض کیا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ اس بات کو بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا وہ تمہارا قاتل ہے، فرمایا آخرین میں بدبخت وہ ہے جو تجھے اس سے تھوڑا سا پہلے ضرب لگائیگا۔ آپ نے آپ کی داڑھی کو پکڑا۔

صہیب نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا یا علیؑ! اولین میں زیادہ بدبخت کون ہے؟ کہا یہ وہ شخص ہے جس نے صالح کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ دی تھیں، فرمایا تم نے سچ کہا، فرمایا آخرین میں زیادہ بدبخت کون ہے؟ عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا یہ وہ شخص ہے جو اس پر ضرب لگائے گا۔ آنحضرتؐ نے آپ کے سر کی طرف اشارہ کیا، علیؑ اپنے گھر والوں سے فرمایا کرتے تھے۔ خدا کی قسم میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اس امت کا بدبخت آدمی کھڑا ہو جائے (مجھے شہید کر دے)

Presented by www.ziaraat.com

حتى نبتدره. فقال: أنشد الله رجلاً قتل بي غير قاتلي. أخرجه المحاملي

ابن سبع نے کہا کہ میں نے علی علیہ السلام کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا اس امت کے بدبخت کو کس چیز کا انتظار ہے، مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ یہ اس سے خضاب ہوگی، آپ نے اپنی داڑھی اور سر کی طرف اشارہ کیا، لوگوں نے عرض کیا یا امیرالمومنینؑ ایسے شخص سے آگاہ فرمائیے ہم اس کو ہلاک کردیں۔ فرمایا میں ایسے شخص کو خدا کی قسم دیتا ہوں جو میری وجہ سے میرے قاتل کے علاوہ کسی اور کو قتل کرے۔

ذكر وصيته

روي أنه لما ضربه ابن ملجم أوصى إلى الحسن والحسين وصية طويلة في آخرها: يا بني عبد المطلب لا تخوضوا دماء المسلمين خوضا، تقولون قتل أمير المؤمنين، ألا لا تقتلن بي إلا قاتلي، انظروا، إذا أنا مت من ضربته هذه فاضربوه ضربة ولا تمثلوا به، فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إياكم والمثلة ولو بالكلب العقور. أخرجه الفضائلي

وعن هيثم مولى الفضل قال: لما قتل ابن ملجم عليا قال للحسن والحسين

آپ کی وصیت

روایت ہے کہ جب آپ کو ابن ملجم نے ضرب لگائی تو آپ نے امام حسنؑ اور حسینؑ کو ایک لمبی وصیت فرمائی جس کے آخر میں فرمایا "اے اولادِ عبدالمطلب مسلمانوں کا خون نہ بہانا، میرے قاتل کے سوا کسی اور کو قتل نہ کرنا، اچھی طرح جان لو، اگر میں اس ضرب سے مرجاؤں تو ابن ملجم کو صرف ایک ضرب لگانا اور اس کا ناک اور کان نہ کاٹنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، کہ تمہیں ناک اور کان کاٹنے سے بچنا چاہیئے، اگرچہ باؤلا

Presented by www.ziaraat.com

عزمت علیکم لما حبستم الرجل، فان مت
فاقتلوه، ولا تمثلوا به فلما مات قام
الیه حسین ومحمد وقطعاه وحرقاه
ونهاهم الحسن أخرجه الضحاک فی
الآحاد والمثانی

گنا ہی کیوں نہ، ہیثم کے غلام فضل نے
کہا جب ابن ملجم نے علیؑ کو قتل کیا، تو
حضرتؑ نے حسنؑ اور حسینؑ سے فرمایا جب
اس شخص کو قید کر لو تو میں تمہیں قسم دیتا
ہوں اگر میں مر جاؤں تو اس کو قتل کر دینا
اس کا مثلہ نہ کرنا۔ جب حضرتؑ فوت ہوئے
تو حسینؑ اور محمدؒ نے ابن ملجم کے ٹکڑے ٹکڑے
کیے اور اس کو جلا دیا، حسنؑ نے ان کو ایسا
کرنے سے منع کیا۔

ذکر سنه یوم مات ومدة خلافته

واختلف فی ذلک، فقیل: سنة وسبع
خمسون، وقیل: ثمان وخمسون وقیل ثلاث
وستون، وقیل خمس وستون، وقیل ثمان
وستون ذکره أبو عمرو غیره
وذکر أبو بکر احمد بن الدارح
فی کتاب (موالید أهل البیت) أن
سنه خمس وستون، ولم یذکر غیره
صحب النبی صلی الله علیه وسلم منها بمکة
ثلاث عشرة سنة، وعمره إذ ذاك
اثنا عشرة سنة. ثم هاجر فصحبه بالمدینة
عشر سنین وعاش بعده ثلاثین سنة

موت کے وقت آپکی عمر اور مدت خلافت

اس میں اختلاف ہے کہ موت کے وقت
آپکی عمر کیا تھی، بعض نے کہا ۵۷ سال تھی
بعض نے ۵۸ سال بعض نے ۶۳، بعض نے
۶۵ سال اور بعض نے ۶۸ سال بیان
کی ہے، کتاب موالید اہل البیت میں تحریر
ہے کہ موت کے وقت آپکی عمر ۶۵ سال
تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیساتھ مکہ میں ۱۳ سال رہے، اس وقت آپ
کی عمر ۱۲ سال تھی۔ ہجرت کر کے مدینہ میں آئے تو
رسول اللہ کیساتھ دس سال رہے اور رسول اللہ
صلعم کے انتقال کے بعد ۳۰ سال زندہ رہے

الفصل الثاني عشر في ذكر ولده

وكان له من الولد أربعة عشر ذكراً

وثماني عشرة أنثى

ذكر الذكور

الحسن والحسين، وقد استوعبنا ذكرهما في مناقب ذوي القربى ولهما عقب ومحسن، مات صغيراً، أمهم فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وعليها ومحمد الأكبر، أمه خولة بنت اياس بن جعفر الحنفية، ذكره الدارقطني وغيره، وقال: وأخته لأمه عوانة بنت أبي مكمل الغفارية، وقيل: بل كانت أمة من سبي اليمامة فصارت إلى علي، وأنها كانت أمة لبني حنيفة سندية سوداء، ولم تكن من أنفسهم، وقيل: إن أبا بكر أعطى علياً الحنفية أم محمد من سبي بني حنيفة أخرجه ابن السمان، وعبد الله، قتله المختار، وأبو بكر قتل مع الحسين، أمهما ليلى بنت مسعود بن خالد النهشلي، وهي التي تزوجها عبد الله بن جعفر، خلف عليها بعد عمه، جمع بين زوجة علي وابنته، فولدت له صالحاً، وأم

حضرت کی اولادِ نرینہ کا ذکر

۱۴ فرزند

۱، امام حسنؑ (۲) امام حسینؑ ان دونوں حضرات کی اولادیں ہوئیں ۳، محسن بچپن میں فوت ہو گئے۔ ان حضرات کی والدہ فاطمہؑ بنت رسول اللہ صلعم ہیں۔ ۴، محمد اکبر جن کی والدہ خولہ بنت ایاس بن جعفر حنفیہ ہیں۔ (اس بات کو دار قطنی وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔) آپ کی مادری بہن عوانہ بنت ابو مکمل غفاریہ ہیں۔ بعض نے کہا ہے بلکہ آپ کی ماں یمامہ کی قیدیوں میں سے تھیں جو علیؑ کے عقد میں آئی۔ جو بنو حنیفہ سندیہ سوداء کی لونڈی تھیں، بعض نے کہا کہ ابوبکر نے علیؑ کو حنیفہ دی تھی جو محمد کی ماں ہیں۔ جو بنو حنیفہ کی قیدیوں میں سے تھی (۵) عبداللہ جس کو مختار نے قتل کیا (۶) ابوبکر جو امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہید ہوئے۔ ان دونوں کی ماں لیلیٰ مسعود بن خالد نہشلی تھیں، یہ وہ مستورہ ہیں جن سے عبداللہ بن جعفر نے اپنے چچا کے انتقال کے بعد شادی کی، علیؑ کی زوجہ اور آپ کی بیٹی بیک وقت آپ کے عقد میں تھیں۔ (۷) عباس الاکبر (۸) عثمان (۹) جعفر (۱۰) عبداللہ امام حسینؑ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے۔ ان کی ماں

Presented by www.ziaraat.com

ابنها أم محمد بنی عبد الله ابن جعفر، فهم
إخوة عبد الله وأبی بکر ابنی علی لأمهما
ذکره الدارقطنی والعباس الأکبر. و.
عثمان. و. جعفر. و. عبد الله. قتلوا مع
الحسین أیضاً. أمهم أم البنین بنت حزام
بن خالد الوحیدیة ثم الکلابیة. و.
محمد الأصغر. قتل مع الحسین أیضاً أمه
أم ولد. ویحیی. وعون أمهما أسماء بنت
عمیس. فهما أخوا بنی جعفر بن أبی طالب
وأخوا محمد ابن أبی بکر لأمهم. وعمر الأکبر
أمه أم حبیب الصهباء التغلبیة. سبیة
سباها خالد فی الردة فاشتراها علی. ومحمد
الأوسط. أمه بنت أبی العاص

ام البنین بنت حزام بن خالد وحیدیہ ثم کلابیہ
(۱۱) محمد اصغر حسینؑ کیساتھ شہید ہوئے آپ کی
والدہ ام ولد ہے (۱۲) یحییٰ (۱۳) عون، دونوں
کی ماں اسما بنت عمیس ہیں (۱۴) عمر الاکبر آپ
کی والدہ ام حبیب صہبا تغلبیہ ہیں، جو
لونڈی تھیں، ان کو جنگ ردہ میں خالد نے
گرفتار کیا تھا حضرت علیؑ نے اس کو خرید اتھا
محمد اوسط جس کی ماں ابو العاص کی بیٹی ہیں۔

ذکر الإناث

أم کلثوم الکبری. و. زینب الکبری
شقیقتا الحسن والحسین. و. رقیة. شقیقة عمر
الأکبر. و. أم الحسن. و. رملة الکبری
أمهما أم سعد بنت عروة بن مسعود الثقفی و
أم هانی. ومیمونة. و. رملة الصغری
و. زینب الصغری. و. أم کلثوم الصغری
و. فاطمة. و. أمامة. وخدیجة. و. أم
الکرام. و. أم سلمة. و. أم جعفر. و

حضرت کی لڑکیاں

۱۸ بیٹیاں

(۱) ام کلثوم کبریٰ (۲) زینب کبریٰ، امام حسنؑ
اور حسینؑ کی حقیقی بہنیں (۳) رقیہ عمر اکبر کی
حقیقی بہن (۴) ام الحسن (۵) رملۃ الکبریٰ
دونوں کی والدہ ام سعد بنت عروہ بن مسعود
ثقفی ہے (۶) ام ہانی (۷) میمونہ (۸) رملۃ
الصغریٰ (۹) زینب الصغریٰ (۱۰) ام کلثوم
صغریٰ (۱۱) فاطمہ (۱۲) امامہ (۱۳) خدیجہ (۱۴)

Presented by www.ziaraat.com

... ونقية. لأمهات أولاد شتى، ذكرها ابن قتيبة وصاحب الصفوة

وعقبه من الحسن والحسين ومحمد بن الحنفية وعمر والعباس

وتزوج بنات علي بنو عقيل وبنو العباس ماخلا زينب بنت فاطمة كانت تحت عبد الله بن جعفر، وأم كلثوم بنت فاطمة كانت تحت عمر بن الخطاب، فمات عنها فتزوجها بعده محمد بن جعفر بن أبي طالب، فمات عنها فتزوجها بعده عون بن جعفر بن أبي طالب، فماتت عنده، وأم حسن تزوجها جعفر بن هبيرة المخزومي، وفاطمة تزوجها سعد بن الأسود من بني الحارث، والله أعلم

ام الکرام (۱۵) ام سلمہ (۱۶) ام جعفر (۱۷) جمانہ (۱۸) نقیہ، حضرتؑ کی لونڈیوں سے مختلف اولادیں تھیں۔

مندرجہ ذیل فرزندوں سے آپ کا سلسلہ نسب چلا، امام حسنؑ، امام حسینؑ، محمد بن حنیفہ، عمر اور عباس، علیؑ کی بیٹیوں کی شادی عقیل اور عباس کے بیٹوں سے ہوئی۔ زینب بنت فاطمہؑ کی شادی عبداللہ بن جعفر سے ہوئی، ام کلثوم کی شادی محمد بن جعفر سے ہوئی۔ محمدؒ کی موت کے بعد عون بن جعفر بن ابی طالب سے شادی کی، ام حسنؓ سے جعفر بن ہبیرہ مخزومی نے اور فاطمہ سے سعد بن اسود نے جو جس کا تعلق بنی حارث سے تھا، شادی کی۔"

آخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین
صلی اللہ علی محمد وآلہ الطاهرین

حررہ

محمد شریف عفی اللہ عنہ
۸۵۔ شمس آباد کالونی، ملتان، پاکستان
۱۲ر جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ ۲۰ر اگست ۱۹۷۸ء

Presented by www.ziaraat.com

صحت نامہ

غلط	درست	صفحہ	سطر
بن	بنت	۸	۱
نجندی اور سحلیبی	جندی اور سلفی	〃	۸
طا	طائی	〃	۱۰
جیب مری	جیب بن مری	۹	۱۷
اپنی	آپکی	۱۰	۲۰
کر دیا کہو	کر دیا، کہا: کہو	۱۲	۱۹
ابوتراب پر ہے	ابوتراب پر	۱۲	۹
نجندی	جندی	۱۴	۹
رواستے	استے	۱۵	۱۱
ایک	×	〃	۱۷
میں علیؑ	میں نے علیؑ	〃	۱۹
اگر	آپ کے	۱۶	۹
ریش	ریش	۱۶	۱۵
شیبی	شیبی	〃	۱۶
آپ کا لڑکا	آپ کا ایک لڑکا	۱۹	۱۰
اسے	×	۲۰	۱۳
اول المومنین	اول المسلمین	〃	۱۴
راوی	مروی	۲۱	۱
پہلے لایا	پہلے اسلام لایا	〃	۷
سلیمان	سلمان	〃	۱۲
نقول	منقول	〃	۱۵
اس شخص	اس شخص سے	۲۴	۲۰
کے ساتھ	×	۲۵	〃
اقائم	اقام	۲۷	۷
سے علیؑ	کے بعد علیؑ	۲۷	۸
پلنے والے	پالنے والے	۲۹	۲
تشریف	تشریف لائے	۳۰	۱
پاس شخص	پاس اس شخص	۳۱	۲۰
طازمت	ملامت	۳۱	۱۸
بھیج جو تمہارے اور جو	بھیج جو تمہارے اور	۳۱	۱۹
جنگلوں	جنگوں	۳۳	۲
علیؑ گالیاں	علیؑ کو گالیاں	۳۴	۱۴
میرے بعد	تیرے بعد	۳۹	۲
بعض	بغض	۴۵	۵

غلط	درست	صفحہ	سطر
بعض	بغض	۴۵	۱۳
تم تمہارا بھائی ہو	میں تمہارا بھائی	۵۰	۳
بات کے تیار	بات کیلئے تیار	۵۱	۱۴
ہاتھ پر مارا	ہاتھ پر اپنا ہاتھ مارا	〃	۲۰
عبداللہ بن عمر	عمر بن عبداللہ	۵۲	۱۳
حدیث	سے	۵۷	۱
مدت	موت	〃	۴،۶
حضرت نے	حضرت عمر نے	[illegible]	۱۱
عن	عنہ	〃	۳
جہنم کو پل صراط کو	پل صراط کو جہنم پر	۶۳	۱۶
انہ	جعرانہ	۶۶	۲۰
نبی	بن کر	۶۷	۲۰
انہ	جعرانہ	۶۸	۱۱
سورۂ برأت	سورۂ برأت کی	۶۹	۲۴
غرالمحجلین	غرالمحجلین	۷۳	۵
غرالمحجلیں	غرالمحجلین	〃	۱۴
آنحضرت کی	×	۷۵	۴
ایک	آپ	〃	۱۷
ان کو	تو	۷۶	۶
دوست علی کو	دوست کو	۷۷	۱۹
گھوڑا	کہا: گھوڑا	۸۰	۶
فرمایا	فرمایا: ہاں	〃	۲۲
مردود کی	مردود سے	۸۱	۷
ریچھ	اچھا	۸۲	۷
اپنی	آپکی	۸۴	۱۴
اس ارحام کو دلایا	اس نے ارحام کو دلایا	۸۷	۱
مجھے نے	مجھے اللہ نے	〃	۲۲
نصب	نسب	〃	۵
تم دونوں کو	تم دونوں سے	۸۸	۲۳
جس سے	جس کے ہاتھ پہ	۹۰	۶
جائیں	جائیں فرمایا	〃	۲۰
ٹکرے	ٹکڑے	۹۵	۳
نیزہ لگا	نیزہ لگاتا	〃	۱۰
کل	فرمایا کل	۹۶	۱۳

غلط	درست	صفحہ	سطر
طرف	طرف بھیجا	۹۸	۲
اشوب چشم	آشوب چشم میں	۹۸	۱۲
خصوصیات	خصوصیت	۱۰۰	۱۵
کو ذیل	اس کو ذلیل	۱۰۲	۱۷
نے	نے فرمایا	۱۰۳	۵
ان	×	〃	۸
کمرے	خیمے	〃	۱۳
جزء کو	جن کی	〃	۱۵
لگایا	میری آنکھوں میں لگایا	۱۰۴	۷
اور مجھے	جب مجھے	〃	۱۲
ایسا شخص	ایسا شخص جلد	۱۰۶	۴
نمر	معمر	۱۰۹	۹
نازل پر	نازل ہونے پر	۱۱۱	۸
عمر نے فرمایا	عمر نے عرض کیا	〃	۱۰
ماسوائے علی	×	۱۱۲	۱۸
رسول اللہ	رسول اللہ نے	۱۱۳	۲
کے حکم ارشاد	×	〃	۳،۴
عمر	×	〃	۲۴
میں ہزار	میں نے ہزار	۱۱۵	۱۳
بڑھ	بڑھے	۱۱۶	۷
تنفس	متنفس	۱۱۸	۱۳،۱۶
دریافت	دریافت کرو	۱۲۱	۱۵
لور	لوار	۱۲۳	۱۵
نہ ہوا	ہوا	۱۲۷	۵
عمر علیہ السلام	علی علیہ السلام	۱۳۱	۹
ہدایت	آیت	۱۳۲	۲۱
کے	کے پاس	۱۳۵	۱۶
سب	بہت	۱۳۷	۹
مانتے	اس نے مانتے	۱۳۶	۹
دیت	آیت	[illegible]	۱
دیت کو دوسری دیت	آیت کو دوسری آیت	〃	۶
انکار کیا	انکار دیا	۱۴۲	۱۷
حاکمی نے علی	حاکمی نے کہا	〃	۱۰
سے پہلے قیامت میں حساب ہوگا	سب سے پہلے قیامت میں حساب لیا جائیگا	۱۴۴	۶

Presented by www.ziaraat.com

غلط	درست	صفحہ	سطر
لوا راحمد کے	لوا محمد آپ	۱۴۹	۵
صی	حیّٰ	۱۵۱	۱
صہ	طرح	۱۵۲	۴
تم نے	تم یہ	۱۵۳	۱۲
طوال نے	طوال میں	〃	۱۴
اپنی	آپ کی	۱۵۴	۷
نے محمدؐ	نے کہا محمدؐ	۱۵۵	۱۰
بالغہ	نابغہ	〃	۱۴
ولی	ولی اللہ	۱۶۰	۱
ہوئی	کی	۱۶۱	۴
[illegible]	[illegible]	۱۶۴	۱۰
جاجنتی	جنتی	۱۶۵	۱۷
اس امت	آپ اس امت کے	۱۶۶	۱۰
کو تفسیر	کی تفسیر	〃	۱۶
ذوالقرنین	ذوالقرنینہ	〃	〃
طبر	×	۱۶۹	۳
کا	اس کا	۱۷۲	۱۳

غلط	درست	صفحہ	سطر
صرار	ضرار	۱۷۳	۱۰
اگر	اگر بیان	〃	۱۳
مساکین	قوی	۱۷۴	۹
صاحب نفل	صاحب فضل	۱۷۵	۷
میں حضرت	میں نے حضرت علیؑ	۱۷۷	۹
صحبت	محبت	۱۷۸	۶، ۸
رکھا	رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا	〃	۱۲
دلوں	دونوں	〃	۱۴
گا	بغض رکھے گا	۱۷۹	۵
قصی	×	۱۸۰	۶
ہے	نے	〃	۱۱
منفاقین	منافقین	〃	۱۷
ہے	ہے جس طرح آگ لکڑی کو	۱۸۱	۱۰
صحبت	محبت	۱۸۲	۲
سنا	سنائی	۱۸۳	۵
توشرہ	توشرہ	۱۸۳	۱۰

غلط	درست	صفحہ	سطر
بوجھ	بوجھ ختم	۱۸۴	۱۶
نیکرہ	نکیر	۱۸۵	۶
دیا	×	۱۸۹	۱۴
طرف	طرف دیکھتے رہتے	۱۹۵	۴
پاس	پاس سے گئے	۱۹۶	۱۷
ہو	ہو کہا	۱۹۷	۷
آپ	آپ کو	۲۰۰	۱
ابوہرا	ابوالزہراء	۲۰۱	۱
جعفری	حضرمی	〃	۱۰
[illegible]	عرب سعید	۲۰۲	۱۶
بعلام	کلام	۲۰۴	۳
اب	[illegible]	۲۰۵	۱۵
محمد بن جعفر	جعفر بن محمد	۲۱۷	۷
ابجر	ابو ابجر	۲۲۳	۱۱
کرے گا	کرے گی	۲۴۶	۶
رقم کا	تو	۲۹۵	۱۳

فوق بلگرامی کی اہم تصانیف

اسوۃ الرسول (اول)

اسوۃ الرسول (دوئم)

اسوۃ الرسول سوئم)

اسوۃ الرسول (چہارم)

الزہراءؑ

سراج المبین فی تاریخ امیر المومنین

ذبح عظیم

ماثر الباقریہ

آثار جعفریہ

در مقصود

Presented by www.ziaraat.com